روحانی وجسمانی امراض نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں
October-2014
ماہنامہ
خزینۂ روحانیات
لاہور
جلد نمبر 5 | شمارہ نمبر 6
اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي
(ترجمہ) نکاح میری سنت ہے اور جس نے میری سنت سے اعراض کیا، وہ مجھ میں سے نہیں۔
آٹھواں خاص نمبر
نکاح نمبر
رشتہ ہونے کیلئے اعمال
رشتے کیوں ناکام ہوتے ہیں؟
اسلام میں پسند کی شادی کا تصور
رشتہ کی بندش کی تشخیص خود کریں
اپنی پسند سے رشتے جوڑنے کے نتائج
رشتوں کی بندش ختم کرنے کے اعمال
والدین کی مرضی کی شادی یا پسند کی شادی
پسند کے رشتے / رشتہ کیلئے راضی کرنے کے اعمال
اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے نکاح و شادی کیلئے اعمال
قیمت شمارہ
80 روپے

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کردینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی ستم ظریفیاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، email کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کریں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

مولانا محمد عرفان: 0321-4661681
سید عامر علوی: 0300-8439477

روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور-54570

فون (دفتر): 042-35033371 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhaniilajgah
ruhaniilajgah.blogspot.com
darulamalchishtia@gmail.com

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور
خزینۂ روحانیات

جلد 5 ذوالحجہ ۱۴۳۵ھ...... اکتوبر 2014ء شمارہ 6

چیف ایڈیٹر: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ
ایڈیٹر: مولانا علی آفاق
سب ایڈیٹر: مولانا محمد عرفان

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570
فون: 042-35033371 موبائل: 0343-7772772

برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والا پہلا رسالہ جو ایک سال میں "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: magazine@darulamal.org
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت خاص نمبر	سالانہ ممبر شپ عام ڈاک	سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک
80 روپے	650 روپے	900 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔
ایزی پیسہ 03437727721 ...... یو پیسہ 33343082867
موبی کیش 03028401977 ...... یو بی ایل اومنی 03437772772

شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں بذریعہ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ موبی کیش (موبی لنک)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس۔

بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔ برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کرکے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین ...... اکتوبر ۲۰۱۴ء ...... ذی الحجہ ۱۴۳۵ھ

حمد باری تعالیٰ

لفظوں میں کیا بیاں ہو وصف و کمال تیرا
ہر شے سے ہے نمایاں حُسن و جمال تیرا
حکمت کے موتیوں سے بھرپور بات تیری
جو ذات سب سے اعلیٰ وہ ایک ذات تیری
راتوں میں رنگ تیرا دن میں بھی تیرے جلوے
شام و سحر بھی دیکھے اِن میں بھی تیرے جلوے
حدِ بیاں سے باہر دُنیا کو نعمتیں دیں
جو دے سکے نہ کوئی ہم کو وہ راحتیں دیں
ذہنِ رسا کچھ ایسا ، ایسی زبان پاؤں
تیری ہی عظمتوں کے دن رات گیت گاؤں
شرمندۂ عمل ہوں فریاد کر رہا ہوں
ڈرتا نہیں کسی سے تجھ سے تو ڈر رہا ہوں
دل میں عقیدتوں کے پھر پھول کچھ کھلا دے
پھر سلسلہ ہمارا سرکار ﷺ سے ملا دے

(مسرور کیفیؒ)

نعت رسول مقبول ﷺ

پھر آج آنکھ نم ہے کتنا بڑا کرم ہے
پیشِ نظر حرم ہے کتنا بڑا کرم ہے
کیا کیا نہ رنج و غم تھے نعتِ نبی ﷺ سے پہلے
اب رنج ہے نہ غم ہے کتنا بڑا کرم ہے
سوتے میں جاگتے میں آنکھوں میں میری پیہم
دربارِ ذی حشم ہے کتنا بڑا کرم ہے
شہرِ نبی ﷺ کی رونق شہرِ نبی ﷺ کا جلوہ
آنکھوں میں دم بہ دم ہے کتنا بڑا کرم ہے
بارش کی مثل برسیں نعتوں کے شعر مجھ پر
نئے کاغذ و قلم ہیں کتنا بڑا کرم ہے
ذکرِ نبی ﷺ کے باعث دنیائے علم و فن میں
قائم مرا بھرم ہے کتنا بڑا کرم ہے
اِک نام عرش پر جو خالق نے لکھ دیا تھا
دل پر مرے رقم ہے کتنا بڑا کرم ہے
پیشانی عقیدت جا کر جھکی وہیں پر
ان ﷺ کا جہاں قدم ہے کتنا بڑا کرم ہے
لطفِ نبی ﷺ کے صدقے مسرورؔ میرے دل میں
رنگینی ارم ہے کتنا بڑا کرم ہے

(مسرور کیفیؒ)

ادارے سے بذریعہ انٹرنیٹ رابطے کے طریقے

skype: darulamalchishtia, kik: darulamal

ادارے کے مختلف شعبوں کی جنرل معلومات حاصل کرنے کے لئے درج ذیل سروسز استعمال کرنے والے افراد یہ نمبر لکھیں

+92-322-7772772

WhatsApp, WeChat, Viber, Nimbuzz, icq ICQ, Fringe, Line, Tango, BBM

رسالے کی ممبرشپ، ترسیل، شکایات کیلئے

درج بالا امور کے لیے صبح گیارہ بجے سے شام سات بجے تک اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 0322-4773786 (ناغہ بروز جمعہ)

اداریہ

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم و علیٰ الہ و اصحابہ اجمعین

اللہ ﷻ کا جتنا شکر ادا کروں، کم ہے کہ محض اس کے فضل سے خزینۂ روحانیات کا آٹھواں خاص نمبر آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے۔ اس خاص نمبر کا موضوع ''رشتہ و نکاح'' ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، اس میں رشتہ اور نکاح ہونے اور اس میں پیش آنے والی رکاوٹوں، مشکلات اور بندشوں کے توڑ کے اعمال دیے گئے ہیں۔ ساتھ ہی کئی دینی مضامین بھی ہیں تا کہ بطور مسلمان ہماری اصلاح بھی ہو اور ہمیں صحیح اور غلط کا پتہ چل سکے۔ ہمارا معاشرہ نکاح اور شادی میں بہت زیادہ غلط رسوم و رواج کا شکار ہو چکا ہے۔

اس خاص نمبر میں ایسے اعمال ہی منتخب کئے گئے ہیں، جو آسان ہوں اور ان کی عام اجازت ہو۔ تعویذات و نقوش والے اعمال بہت کم ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ عوام ایسے اعمال سے مستفیض نہیں ہو پاتے اور غلط نقوش یا تعویذات لکھتے ہیں اور پھر فائدہ نہیں ہوتا۔ اصل میں نقوش و تعویذات لکھنا، عاملین کا شعبہ ہے، عوام کا نہیں۔

رسالے میں درج کسی بھی عمل کا انتخاب کرنا بھی ایک مشکل مرحلہ ہے۔ ایک ہی مقصد کے کئی روحانی نسخے موجود ہوں تو کس کو کیا جائے۔ اس کا ایک خاص طریقہ ہے اور میری طرف سے تمام بھائیوں اور بہنوں کو اس کی اجازت ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ پھر سلام کے بعد اول ۳ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر سات بار حدیث کی مختصر دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ

ترجمہ: یا اللہ چھانٹ دے اور پسند کر دے میرے لیے

اس کے بعد پھر تین بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں کہ اے اللہ! فلاں مقصد کے لیے میں وظیفہ کرنا چاہتا / چاہتی ہوں۔ میری رہنمائی فرمائیں اور وہ وظیفہ منتخب کروا دیں، جس کے ذریعے میری اس مشکل کا حل یا ضرورت پوری ہو جائے۔ پھر رسالے میں سے وظیفہ دیکھنا شروع کریں اور مسلسل مذکورہ دعا پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ، آپ کی غیبی رہنمائی ہوگی اور کسی وظیفے پر خود ہی آپ کا دل مطمئن ہو جائے گا اور دل میں آئے گا کہ یہی وظیفہ کرو۔

رسالے میں درج تمام وظائف اور عملیات بہت احتیاط سے ترتیب دیے گئے ہیں۔ کوشش یہی کی گئی ہے کہ رشتہ اور نکاح سے متعلق تمام موضوعات پر وظائف دیے جائیں تا کہ رسالہ لینے والے کو کوئی مشکل نہ ہو اور اس کے مطلوبہ مشکل اور ضرورت کا وظیفہ رسالے میں موجود ہو۔

یاد رہے کہ ایک ہی مقصد کے لیے کئی طرح کے وظائف، ایک ہی وقت میں کرنا بہت غلط طریقہ ہے۔ اس سے کسی وظیفے کا فائدہ نہیں ہوتا۔ ایک مقصد کا ایک ہی وظیفہ کریں۔ البتہ دعاؤں کا خوب اہتمام کریں۔

کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے وظیفہ کیا۔ اب کام ضرور ہو جائے گا۔ وظیفہ پر اعتماد زیادہ کرتے ہیں، دعاؤں کا اہتمام نہیں کرتے۔ اس سوچ کی بھی اصلاح ضروری ہے۔ اللہ ﷻ سے اچھا گمان رکھیں اور عمل کریں۔ عمل مکمل کرنے کے بعد اللہ ﷻ سے دعا کریں کہ ''یا اللہ! میں یہ تدبیر کر سکتا تھا جو کر لی، اب نتیجہ مرتب کرنا آپ کا کام ہے۔ آپ کے علاوہ کائنات میں کوئی ایسا نہیں جو نتیجہ مرتب کر سکتا ہو۔ میری یہ آرزو، خواہش، چاہت ہے۔ اس تدبیر کو قبول کر لیجیے اور نتیجہ میری چاہت کے مطابق کر دیجیے۔ آمین''

اس طرح آپ کا عقیدہ بھی صحیح رہے گا اور توکل بھی۔ جس کا آج کل فقدان ہے۔ عمل کرنا آپ کا کام، نتیجہ مرتب کرنا اللہ ﷻ کا کام۔ اور نتیجہ پر راضی رہنا، مسلمان کا کام۔ نتیجہ موافق آ جائے تو شکر، ورنہ صبر کریں۔

ایک اہم بات کہ اگر جن، جادو، بندش، نظر بد کا معاملہ ہو تو پہلے روحانی علاج سے اسے ختم کرائیں، پھر رشتہ کے لیے وظائف پڑھیں۔ ورنہ وظائف میں کامیابی نہیں ملے گی اور پڑھنے والا الگ بدظن ہوگا۔

دعا کرتا ہوں کہ اللہ ﷻ اس رسالہ کو ہم سب کے لیے مفید بنائیں۔ آمین

سادہ نکاح......بابرکت نکاح

حضرت مولانا حنیف عبدالمجید مدظلہٗ

حضرت مولانا حنیف عبدالمجید مدظلہٗ اپنی مشہور تصنیف ''تحفہ دلہن'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ اللہ کے سچے نبی حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ان اعظم النکاح برکۃ ایسرہ مؤنۃ۔

ترجمہ وہ نکاح سب سے زیادہ بابرکت ہے، جس میں اخرجات کم سے کم ہوں۔ (مسند احمد، مسند الانصار ۲۳۳۸۸)

جس دن لڑکی کا پیغام آیا، اس دن سے لے کر رخصتی تک سب کا حساب لگایا جائے۔ جتنا کم سے کم خرچہ ہوگا، اتنا ہی وہ نکاح اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نگاہ میں برکت والا ہوگا۔ اس کے فائدے میاں بیوی کو ہمیشہ پہنچتے رہیں گے اور یہ نکاح دنیا و آخرت کی بھلائی کا ذریعہ ہوگا۔ دونوں خاندانوں کو ایسے نکاح سے راحت وسکون میسر ہوگا۔ نہ قرض لینا ہوگا، نہ راتوں کی نیندیں ختم کرنی ہوں گی، نہ نکاح کو مصیبت سمجھا جائے گا، نہ لڑائی جھگڑے ہوں گے۔ تمام مصیبتوں سے بچ جائیں گے۔ جتنا زیادہ خرچ کریں گے اور محفل مہندی وغیرہ مایوں کی ہندوانی رسموں پر عمل کریں گے، اتنا ہی آپ کا سکون برباد ہو جائے گا۔ (تحفہ دلہن ص 554)

ہمارے پیارے رسول سرکار دوجہاں حضرت محمد ﷺ نے خود بھی شادیاں کیں اور اپنی لڑکیوں کی بھی شادیاں کیں، یہ شادیاں نہایت سادگی کے ساتھ انجام پائیں۔ (تحفہ دلہن ص 555)

(نکاح کے بعد ایک نئی زندگی کا آغاز ہوتا ہے۔ نکاح سے مراد صرف نکاح نہیں، شادی اور رخصتی بھی ہے۔ اب یہ لوگوں کی مرضی ہے کہ اس نئے سفر کا آغاز بابرکت کرنا چاہتے ہیں یا بے برکت۔ فیصلہ عوام نے خود کرنا ہے۔ یاد رہے کہ برکت اللہ جل جلالہٗ کی نافرمانی میں ممکن نہیں)۔ (خ)

کفایت کی اہمیت اور کفو میں شادی نہ کرنے کی خرابی

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

شریعت نے کفایت (برابری) میں چند اوصاف کا اعتبار کیا ہے اور بہتر یہی ہے کہ منکوحہ (لڑکی) اپنے ہی کفو کی لائے۔ کیونکہ غیر کفو کے اخلاق وعادات اکثر اپنے موافق نہیں ہوتے۔ جس کی وجہ سے ہمیشہ آپس میں ناچاقی رہتی ہے۔ تو ایک مسلمان عورت کو بلاوجہ عمر بھر کے لئے بے قدر کرنا کیا ضروری ہے۔

الغرض غیر کفو میں نکاح غیرت ومصلحت کے بھی خلاف ہے۔ شریفہ کو ادنیٰ (کم مرتبہ والے) کا فراش بنایا جاتا ہے۔ نیز اکثر ایسے موقع پر عورت کی نظر میں خاوند کی وقعت بھی نہیں ہوتی، جس سے نکاح کی تمام مصلحتیں فوت ہوجاتی ہیں۔ (اصلاح انقلاب صفحہ 111 جلد ۲)

کفایت میں اعتبار مرد کی جانب سے ہے نہ کہ عورت کی جانب سے

(یعنی مرد عورت سے کم درجہ کا نہ ہونا چاہئے البتہ اگر عورت کم درجہ کی ہو تو گوارہ کیا جاسکتا ہے)

بعض لوگ کہتے ہیں کہ کم ذات کے مرد کو لڑکی دے دو مگر کم ذات کی لڑکی سے نہیں کیونکہ اگر کم ذات کی لڑکی آتی ہے اور اس سے اولاد ہوتی ہے تو اپنے خاندان کی نسل بگڑتی ہے اور اگر کم ذات کے گھر لڑکی چلی گئی تو اس کی نسل سنورتی ہے۔ (حالانکہ یہ بالکل غلط ہے اس نظریہ میں) شریعت کے ساتھ مزاحمت ہے۔ فقہ کا مسئلہ ہے:

ترجمہ: کفایت مرد کی جانب سے معتبر ہے کیونکہ شریف (اونچے خاندان) کی عورت کم درجہ کے مرد کی فراش بننے سے انکار کرتی ہے۔ اور کفایت عورت کی طرف سے معتبر نہیں کیونکہ خاوند صاحب فراش ہے تو وہ فراش کے استعمال میں کراہت نہیں کرتا اور یہ مسئلہ سب کے نزدیک صحیح ہے۔ (اصلاح انقلاب صفحہ ۱۲)

غیر کفو میں نکاح منعقد ہونے نہ ہونے کی تحقیق وتفصیل

غیر کفو میں نکاح ہونے کی کئی صورتیں ہیں۔ بعض میں نکاح بالکل باطل ہوجاتا ہے اور بعض میں صحیح اور لازم ہوجاتا ہے یعنی فسخ کا اختیار بھی نہیں رہتا۔ اور بعض میں صحیح تو ہوتا ہے مگر لازم نہیں ہوتا بلکہ فسخ کا اختیار رہتا ہے۔

پہلی صورت: بالغ عورت عصبہ والی کی اجازت کے بغیر غیر کفو میں نکاح کرے۔ اس صورت میں فتویٰ اس پر ہے کہ نکاح صحیح نہیں ہوتا بلکہ باطل ہے حتیٰ کہ اگر نکاح کے بعد ولی عصبہ جائز بھی رکھے تب بھی صحیح نہیں ہوتا کیونکہ نکاح سے قبل اجازت کا ہونا شرط ہے۔ لہٰذا عورت کو لازم ہے کہ ایسا ہرگز نہ کرے۔ اگر کرے گی تو نکاح کالعدم ہونے کی وجہ سے ہمیشہ معصیت میں مبتلا رہے گی۔ (کذا فی الدر المختار)

دوسری صورت: یہ ہے کہ باپ دادا نے بدرستی ہوش وحواس نابالغ کا نکاح غیر کفو میں کیا ہو اور وہ باپ دادا معروف بسوء الاختیار (بدخواہ) نہ ہوں۔ اس صورت میں نکاح لازم ہوجاتا ہے اور اس نکاح کو فسخ کرنے کا بھی اختیار نہیں ہے۔

تیسری صورت: یہ کہ باپ دادا کے سوا کسی دوسرے ولی نے نابالغ کا نکاح غیر کفو میں کر دیا ہو یا باپ دادا نے کیا ہو، مگر وہ معروف بسوء الاختیار (بدخواہ) ہوں یا نشہ کی حالت میں نکاح کیا ہو، اس صورت میں بھی نکاح باطل ہے۔

چوتھی صورت: یہ کہ بالغہ عورت کا نکاح ولی کی اجازت سے غیر کفو میں ہوا ہو۔ اس کا حکم یہ ہے کہ نکاح صحیح اور لازم ہوجاتا ہے اور کسی کو فسخ کا اختیار نہیں رہتا۔ (الحیلۃ الناجزۃ صفحہ 105 تا 106)

رشتے کیوں ناکام ہوتے ہیں؟

مولانا مفتی عاشق الٰہی صاحب بلند شہری

آج کل دین کو نہیں دیکھتے، دوسری چیزیں دیکھ کر لڑکی بیاہ دیتے ہیں۔ کوئی دنیوی تعلیم دیکھ کر اور کوئی مال دیکھ کر رشتہ کر دیتا ہے اور کوئی دنیوی ملازمت دیکھ کر لڑکی دے دیتا ہے۔ پھر اس کے نتیجے بھگتتے رہتے ہیں۔ یہ لوگ مسائل نہ جاننے کی وجہ سے تین طلاق دے کر بھی عورت کو رکھے رہتے ہیں اور ان میں سے ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جو سال دو سال تعلقات ٹھیک رکھ کر عورت کو اَدھر میں چھوڑ دیتے ہیں۔ نہ اسے طلاق دیتے ہیں نہ خرچہ پانی دیتے ہیں اور بعض بداخلاق لوگ مار پیٹ کر کے عورت کو ڈھیر کر دیتے ہیں۔ اب لڑکی کے اولیا مفتی کے پاس آتے ہیں کہ بڑے ظالم سے پالا پڑا ہے۔ وہ تو ایسا ہی ویسا ہے۔ حالانکہ جب اس سے نکاح کیا تھا وہ اس وقت بھی ایسا ہی تھا۔ جو لوگ خدا ترس دین دار ہیں، ان کی داڑھیوں سے ڈرتے ہیں۔ اگر ان کو لڑکی دے دیں گے تو گویا لڑکی دو تولہ داڑھی کے بوجھ میں دب جائے گی اور گویا لڑکی کے ماں باپ معاشرہ میں بے عزت ہو جائیں گے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جب دین دار ناپسند ہے تو لامحالہ بے دینوں اور ٹیڈیوں نیز پیسوں کو لڑکیاں دیتے ہیں۔ پھر یہ لوگ مندرجہ بالا طریقے پر تکلیف پہنچاتے ہیں۔ افسوس ہے کہ دین دار لڑکی بھی بے دین کے پلے باندھ دیتے ہیں جو اس بے چاری کو نہ نماز پڑھنے دے، نہ روزہ رکھنے دے، بے پردہ ہونے پر مجبور کرتا ہے اور سینما ساتھ لے جانے کے لیے ضد کرتا ہے۔ یہ وہی فتنہ و فساد ہے جس کا ذکر حدیث شریف میں آیا ہے کہ ''اگر ایسے شخص سے لڑکی کا نکاح نہ کرو گے جس کی دین داری اور خوش خلقی سے اطمینان ہو تو زمین میں بڑا فتنہ اور فساد ہوگا''۔ البتہ بعض ظاہری دین داروں سے بھی تکلیف پہنچ جاتی ہے۔ مگر یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو حقیقی دیندار نہیں ہوتے۔ باطن کی اصلاح نہ ہونے کی وجہ سے مصیبت بنتے ہیں۔ دیندار وہ ہے جس کا ظاہر و باطن دونوں اخلاق حسنہ اور اعمال صالحہ سے آراستہ ہو۔

جس طرح شوہر دین دار خدا ترس تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ عورت دین دار تلاش کی جائے جو اعمالِ صالحہ کی خوگر ہو۔ فرمایا: عورت کی دین داری دیکھ کر نکاح کر لو۔ اس کا مال و جمال اور حیثیت نہ دیکھو۔ اگر عورت دین دار نہ ہوگی تو نہ شوہر کے حقوق ادا کرے گی، نہ اولاد کو دین دار بنائے گی۔ شوہر کا مال بے جا اڑائے گی۔ نامحرموں کے سامنے بے پردہ ہو کر آئے گی اور اس سے طرح طرح کی تکلیفیں پہنچیں گی۔ اسی لیے تو حضور سرور عالم ﷺ نے فرمایا کہ **خیر متاع الدنیا المراۃ الصالحۃ** (مسلم ۱/۴۷۵)

بہت سے لوگ خوبصورت عورتوں پر فریفتہ ہو جاتے ہیں۔ اس کی سفید کھال تو دیکھ لیتے ہیں لیکن سیاہ قلب کو نہیں دیکھتے۔ وہ ہے تو خوب صورت لیکن نہ روزہ رکھتی ہے، نہ نماز پڑھتی ہے، دن بھر غیبتوں میں مبتلا اور ساس نندوں سے لڑنے میں مشغول رہتی ہے۔ شوہر کی پوری آمدنی پر قبضہ کر لیتی ہے۔ اگر شوہر والدہ کو کوئی پیسہ دے تو ناراض۔ والد کی خدمت کرے تو غصہ۔ بہنوں کو کچھ دے تو خفگی۔ پہلی بیوی کی اولاد پر خرچ کر دے تو لڑتے لڑتے جان تباہ کر دے۔ رات دن لڑائی اور شوہر کے لیے ایک عذاب۔ خوبصورتی دیکھ کر شادی کرنے سے ایسی آفتیں آجاتی ہیں۔ دیندار عورت کا شوہر اگر اپنے ماں باپ پر خرچ نہ بھی کرے گا تب بھی وہ صلہ رحمی کی ترغیب دے گی اور نیکی پر آمادہ کرے گی۔ سب کے حقوق خود بھی پہچانے گی اور شوہر کو بھی حق شناسی پر ابھارے گی۔

اسلام میں چار شادیوں کی حکمت

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

مرد کے لئے چار عورت منکوحہ محدود ہونے کی وجہ خدا تعالیٰ کی کمال حکمت و اتمام نعمت و مصلحت پر مبنی ہے۔ مرد کو قوتیں اور طاقتیں بہ نسبت عورت کے زیادہ عطا کی گئی ہیں، اس لئے کئی عورتوں سے ایک زمانہ میں نکاح کر سکتا ہے۔ تعدد ازواج کی مصلحت نکاح کی علت غائی سے معلوم ہو سکتی ہے۔ سو نکاح کی علت غائی جیسا کہ سب سے اول دائم تقوی و عفت و توالد ہے۔ اور چونکہ تمام بنی آدم کی قوت یکساں نہیں ہوتی، اس لیے خدا نے ان کی طاقتوں و قوتوں کے مناسب ان کے لیے اسباب فراہم کیے ہیں۔ سو جن اشخاص کو ہیجان و توقانِ شہوت زیادہ ہو، ان کی حفاظت عفت کے لئے ہر سال میں چار عورتیں نوبت بنوبت ان کے پاس ہونا چاہئیں اور ایسے آدمیوں کے لیے یہ عدد عین قانون قدرت کے مطابق ہے۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ ایسا آدمی جب کسی ایک عورت کو نکاح میں لائے گا تو کم از کم یہ عورت اس کے لیے تین ماہ تک کافی ہے۔ کیونکہ حمل کی شناخت کم از کم تین ماہ تک مقرر ہے۔ پس اگر میعاد میں اس عورت کو حمل ٹھہر جائے تو ایسے ہیجان و جوشِ شہوت والا آدمی، اگر اس عورت سے صحبت کرے گا تو جنین پر برا اثر پڑے گا اور حمل گر جانے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا اس عورت کو آرام دیوے اور اس عورت سے صحبت ترک کر کے دوسری عورت نکاح میں لائے گا۔ اگر دوسری عورت کو بھی تین ماہ تک قرار حمل ہو جاوے تو اس سے بھی صحبت ترک کرنی پڑے گی کیونکہ اس سے اسقاطِ حمل کا اندیشہ ہے اور والدین کے شہوانی جوش جنین پر برا اثر ڈالتے ہیں۔ یہ چھ ماہ ہوئے۔ اب تیسری عورت سے نکاح کرے گا۔ اگر تیسری عورت کو بھی حمل ہو گیا تو اب اس سے بھی اس کی صحبت ترک کرنی پڑے گی۔ یہ نو ماہ ہوئے۔

اب پہلی عورت کا وضع حمل ہو جاوے مگر وہ غالباً تین ماہ تک قابلِ صحبت نہیں ہو سکتی، لہٰذا اس کو چوتھی عورت نکاح میں لانی پڑے گی۔ اب چوتھی عورت کے حمل کی شناخت بھی تین ماہ تک مقرر ہے۔ یہ ایک سال ہوا۔ اور اس اثناء میں پہلی عورت جس کو وضع حمل سے تین ماہ گذر چکے ہیں، تعلقات زن شوئی کے لئے تیار ہو جائے گی۔ اسی طرح وضع حمل کے بعد ہر ایک نوبت نبوبت اس کے لئے مہیا ہو گی۔

پس یہ تعداد ہر ایک قوی الشہوت انسان کے لئے کافی اور عین قانون قدرت و فطرت کے مطابق ہے اور اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ خدا تعالیٰ نے جو قرآن کریم میں دو دو تین تین چار چار تک فرمایا ہے، اس میں یہ اشارہ ہے کہ بعض آدمیوں کے لئے ہر سال میں دو ہی عورتیں کافی ہو سکتی ہیں۔ کیونکہ عورت کے اولاد نہیں ہوتی یا دیر سے حمل ٹھہرتا ہے اور بعض کے لئے سال میں تین ہی کافی ہو سکتی ہیں اور بعض کو چار کی ضرورت پڑتی ہے۔

حاملہ کے ساتھ منع صحبت کی وجہ ایک تو اندیشہ اسقاطِ حمل ہے۔ دوسرے اس حمل سے جو اولاد ہو گی، اس کے اخلاق و اطوار میں والدین کے شہوانی جوش مرکوز ہو کر بد اخلاقی پیدا کریں گے۔ کیونکہ جوش شہوت کا اثر جنین پر بالضرور پڑتا ہے اور وہ طبع میں فطری ہو جاتا ہے اور گو طبی قاعدہ کی رو سے اس بات پر اعتراض ہو سکتا ہے کہ دودھ پلانے والی سے صحبت کرنی بچہ کے لیے مضر ہے لیکن اطباء نے اس امر کی اصلاح بعض ادویہ کے ساتھ بتائی ہے۔ لہٰذا یہ امر قادح نہ رہا۔

اب رہی یہ بات کہ چار سے زیادہ کیوں نہ جائز ہوا تو غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ضرور تھا کہ ایک خاص حد بیویاں کرنے کی ہوتی ورنہ اگر حد مقرر نہ ہوتی تو لوگ حد اعتدال سے نکل کر صدہا تک بیویاں کرنے کی نوبت پہنچاتے اور ایسا کرنے سے ان بیویوں پر اور خود اپنی جانوں پر ظلم اور بے اعتدالیاں کرتے اور ضرورت چار سے رفع ہو گئی تھی، اس لئے زائد کو ناجائز قرار دیا۔

روحانی ومخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط وکتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
رابطہ: 042-35033371, 0332-4487877, 0322-4773786

اس ماہ کی منتخب روحانی کتب پیش خدمت ہیں

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لئے زبردست ڈسکاؤنٹ

کتب خانے، بک سٹالز، بک شاپس، نیوز ایجنسیز، خصوصی رعایت حاصل کرنے کے لئے رابطہ فرمائیں۔
روحانی، طبی اور اسلامی PRINTED کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں۔ اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
رزق کی کنجیاں	ڈاکٹر فضل الٰہی	300
روزانہ کی نفل نمازیں	امیر علی خان	120
ڈپریشن کا جدید طریقہ علاج	اے صمد مسافر	250
دعا بذریعہ اسماء الحسنیٰ	سید عامر حسین	140
دلائل الخیرات	ابوعبداللہ سید محمد بن سلمان	130
12 ماہ کی نفلی عبادات مسنونہ	امیر علی خان	120
داستان امیر حمزہ (طلسم ہوشربا)		450
شمع شبستان رضا	اقبال احمد نوری	480
خزینہ عملیات	صوفی محمد عزیز الرحمن	170
حصن حصین	امام محمد بن محمد الجزریؒ	170
حرز سلیمانی	خواجہ اشرف علی لکھنوی	200
جادوٹونہ، مرگی اور نظر بد کا علاج	ڈاکٹر عبداللہ بن محمد بن احمد	300
جنات کا پوسٹ مارٹم	حافظ مبشر حسین	300
جنوں اور شیطانوں کی دنیا	قاری عزیر مبارکپوری	200
جعلی عاملوں اور جادوگروں کے پر فریب ہتھکنڈے	محمد انور بن اختر	225
پامسٹری	ڈاکٹر ایم کاکر	150
جادوٹونہ کے فرد اور معاشرے پر اثرات	شیخ صالح بن فوزان	50
جادو جنات سے بچاؤ کی کتاب	حافظ عمران ایوب لاہوری	250
ٹیلی پیتھی ہپناٹزم		180
تعویذ اور توحید	علی بن نفیع العلیانی	100
تعبیر الرویا (مجلد)	علامہ ابن سیرین	480
تردید سحر وآسیب	محمد عمران اعظم	500
تعبیر الرؤیا (کارڈ)	علامہ ابن سیرین	160
پتھروں کا انسائیکلوپیڈیا	انجم سلطان شہباز	360
بارہ مہینوں کے فضائل واحکام		240
بیاض عملیات	علامہ سید شاہ گیلانی	100
بیماریوں کا نبوی ﷺ علاج	الشیخ ابو رفع مصطفی ابراہیمؒ	260
بسم اللہ کے فضائل وبرکات	مولانا محمد روح اللہ نقشبندی	250
بارہ ماہ کی نفلی عبادات	عالم فقری	70
بیاض محمدی اصلی	ابومحمود مولانا الشیخ محدث التھانوی	70
الف لیلیٰ		390
اسماء الحسنیٰ سے مشکلات کا حل	پرویز دیوان	390
اورادووظائف		200
اللہ حاجت روا	چودھری غلام رسول	350
آسیب کا علاج	حضرت مفتی رشید احمد صاحب	80
آسان مجرب عملیات	قاری سید صدیق احمد باندوی	200
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی علاج	عشرت گورداس پوری	200
آیۃ الکرسی کے فضائل وتفسیر	پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی	400
العلاج بالقرآن الکریم	محمد انور اللحام	210
اسلامی وظائف	عبدالسلام بستوی	210
اللہ اللہ کرتے رہیے	خواجہ انیس اقبال بھیروی	120
اسلامی نام اعداد کے ساتھ	معاذ علی چودھری	150
اذکار نافعہ	پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی	150
اسم اعظم	مرزا خرم بیگ	225
اسماء الحسنیٰ مع عملیات وفضائل	قاری ذیشان احمد	180
انکشافات جفر	حکیم سرفراز احمد زاہد	200
جواہر خمسہ	شاہ محمد غوث گوالیاری	180
جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج	علامہ محمد جاوید	350
روحانی عملیات	عالم فقری	180
رحمۃ اللعالمین ﷺ کی دعائیں	محمد سلیم صدیقی	150
روحانی طب	ڈاکٹر سید امجد علی جعفری	120

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

وٹہ سٹہ کے بھیانک نتائج

مولانا علی آفاق

جاہلیت کی رسومات میں سے ایک وٹہ سٹہ کی رسم ہے جس میں لڑکی کا نکاح اس شرط پر لڑکے سے کیا جاتا ہے کہ وہ لڑکا بھی اپنی بہن کی شادی اپنی ہونے والی بیوی کے بھائی سے کرنے کا پابند ہوتا ہے۔

شریعت میں اس قبیح رسم کی بیخ کنی ''لَا شِغَارَ فِی الْاِسْلَامِ'' کے الفاظ کے ساتھ کی گئی ہے۔ اس حدیث پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ وٹہ وسٹہ کی شادی ناجائز اور مکروہ وقبیح عمل ہے۔ شرعی اعتبار سے اس کی قباحت، شناعت اور برائی اپنی جگہ مسلم ہے مگر اخلاقاً اور سماجی اعتبار سے بھی اس میں جاہلیت کی بدبو ہے۔

اور جہاں یہ وٹہ سٹہ کی شادیاں ہو چکی ہیں، وہ لوگ اور خاندان یہ سوچ لیں کہ حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ ''تم میں سے بہترین وہ شخص ہے جو اپنے اہل وعیال (بیوی بچوں) کے ساتھ اچھا ہے''۔ قیامت کے دن مجھ سے میری بیوی کے متعلق سوال ہوگا تو میں کیا جواب دوں گا؟ کل جب قیامت کے دن نفسانفسی کا عالم ہوگا اور کوئی کسی کے کام نہیں آئے گا۔ اس وقت میری یہ نیکی جو میں اپنی بیوی بچوں کے ساتھ اچھے اخلاق کی صورت میں کروں گا۔ مجھے جہنم کی آگ سے بچاؤ کا ذریعہ بنے گی۔

میں ایسے بے شمار خاندانوں، کنبوں کو جانتا ہوں جو باوجود پڑھے لکھے ہونے کے دعویدار ہیں، مگر اس قبیح رسم ورواج کی بیڑیاں پاؤں میں پہنے زندگی کو دھکا لگا رہے ہیں اور دونوں خاندان مسلسل دکھ اٹھا رہے ہیں۔

اس معاملے کی حساسیت سے میاں بیوی اور طرفین صاحبِ معاملہ تو بخوبی واقف اور سمجھوتہ کرنے کیلئے تیار نظر آتے ہیں۔ مگر دونوں خاندانوں کے بڑے، بوڑھے جلتی پر تیل کا کام کرتے ہیں اور بڑے فخر سے اپنی بیٹی کو یہ کہتے ہیں کہ اپنے سات بچے اور اٹھارہ سال کے رشتہ ازدواج کو ختم کرلو۔ ہم بھی تمہارے شوہر کی بہن کو 5 بچوں سمیت واپس بھجوادیں گے۔ 12 بچے اپنے تاریک مستقبل کے ساتھ زندگی گزار لیں گے اور تم بھی اپنا سہاگ اپنے ہاتھوں اجاڑ لو۔ مگر تمہارے شوہر کی بہن اور اپنے گھر کی عزت اور بہو کو ہم واپس بھیجنا چاہتے ہیں، وہ لڑکی اپنے ماں باپ کو پاؤں پکڑ کر سمجھاتی ہے مگر ماں باپ، بھائی اور بہن اپنی جھوٹی ضد اور انا کی تسکین کی خاطر اپنی بیٹی اور بہن کا سہاگ اجاڑنے کیلئے بضد ہیں۔

یہ معاملہ دنیاداروں اور جاہل بے دین افراد کے مابین ہو تو بندہ دل کو سمجھاتا ہے کہ جاہل اور گنوار لوگوں کا معاملہ ہے، رفع دفع کر دیا جائے۔ مگر جب یہ کھیل حافظ قرآن، قاری، علماء حضرات اور حافظ قرآن نیک پاک باز بیبیوں کے مابین کھیلا جا رہا ہو تو کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ اس لئے خدارا رشتہ اور نکاح کے بندھن میں اپنی بہن، بیٹی کو باندھنے اور رخصت کرتے وقت اپنی جھوٹی انا اور عزت کو آڑے آنے سے روکیں اور جس گھر میں اپنی بہن، بیٹی کو رخصت کریں وہاں سے رشتہ لینے سے گریز کریں۔ ورنہ یہ جاہلیت کی لگائی ہوئی آگ ایمانی کمزوری اور جنسی خواہشات کی وجہ سے بڑھتی چلی جائے گی اور لڑکیاں اپنے نصیب کو ہمیشہ کوستی رہیں گی۔

جہیز... معاشرے کا ناسور

حضرت مولانا حنیف عبدالمجید مدظلہٗ

جہیز موجودہ معاشرے میں ایک لعنت

اس معاملے میں سب سے زیادہ ذمہ داری ان لوگوں پر عائد ہوتی ہے جو کھاتے پیتے، امیر اور دولت مند گھرانے کہلواتے ہیں۔ اس عذاب سے نجات اس وقت تک نہیں ہو سکتی، جب تک کھاتے پیتے اور امیر کہلانے والے لوگ اس بات کا اقدام نہ کریں کہ ہم اپنے خاندان میں شادیاں اور نکاح سادگی کے ساتھ کریں گے اور ان غلط رسموں کو ختم کریں گے۔ اس وقت تک تبدیلی نہیں آئے گی۔ اس لئے کہ ایک غریب آدمی تو یہ سوچتا ہے کہ مجھے اپنی سفید پوشی برقرار رکھتے ہوئے اور اپنی ناک اونچی رکھنے کے لئے یہ کام کرنا ہی ہے۔ اس کے بغیر میرا گزارہ نہیں ہوگا، اگر لڑکی کو جہیز نہیں دیں گے تو سسرال والے طعنے دیا کریں گے کہ کیا لے کر آئی تھی؟...... آج جہیز کو شادی کا ایک لازمی حصہ سمجھ لیا گیا ہے۔

گھر گرہستی کا سامان مہیا کرنا جو شوہر کے ذمے واجب تھا، وہ آج بیوی کے باپ کے ذمے واجب ہے۔ گویا کہ وہ باپ اپنی بیٹی اور اپنے جگر کا ٹکڑا بھی شوہر کو دے دے اور اس کے ساتھ لاکھوں روپیہ بھی دے۔ گھر کا فرنیچر وغیرہ سمیت ہر چیز مہیا کرے خواہ سودی قرضہ جات لے کر ایسا کرنا پڑے۔ دوسرے لفظوں میں اپنا ہنستا بستا گھر برباد کر کے دوسرے کا گھر آباد کرے۔

اگر کوئی باپ اپنی بیٹی کو کوئی چیز دینا چاہتا ہے تو وہ سادگی کے ساتھ دے دے۔ بہر حال جو متمول اور کھاتے پیتے گھرانے کہلاتے ہیں، ان پر یہ ذمہ داری زیادہ عائد ہوتی ہے کہ وہ جب تک اس سادگی کو نہیں اپنائیں گے اور اس کو ایک تحریک کی شکل میں نہیں چلائیں گے، اس وقت تک اس عذاب سے نجات ملنی مشکل ہے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ اپنی رحمت سے یہ بات ہمارے دلوں میں ڈال دے۔ آمین

بطور نند اپنی ذمہ داری نبھائیے

اگر بہو خالی ہاتھ آئی جیسا کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا حکم ہے ”کہ بہو پر کوئی چیز لازمی نہیں کہ وہ باپ کے گھر سے لائے بلکہ شوہر پر لازم ہے کہ بیوی کو لانے کیلئے مہر کا انتظام کرے“۔

تو ساس نند اکثر بہو کو سکون سے نہیں رہنے دیتیں۔ لہٰذا آپ اگر نند ہیں..... تو اپنی بھابھی پر ظلم نہ ہونے دیجئے۔ اپنے گھر سے اس لمبے چوڑے جہیز کے غلط رواج کو ختم کرنے کی کوشش کیجئے۔ اپنے بھائی، والدین کو سمجھائیے کہ ”ہم اللہ ہی سے لیں گے۔ ہم بھابھی اور ان کے گھر والوں کو تکلیف میں نہیں ڈالیں گے“۔

ایک غلط فہمی

مگر اس سلسلہ میں بعض لوگوں کو یہ غلط فہمی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی لاڈلی بیٹی اور خاتون جنت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کچھ چیزیں رخصتی کے وقت دی تھیں۔ اگر جہیز ضروری نہیں تھا پھر ایسا کیوں ہوا؟

ان کے لئے یہ جواب ہے کہ آپ ﷺ نے اپنی صاحبزادی کو جو چیزیں عنایت فرمائیں تھیں، وہ اپنی طرف سے نہیں تھیں۔ بلکہ دراصل حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مہر ”معجّل“ (وہ مہر جو فوری طور پر ادا کیا جائے) لے کر اس سے وہ چیزیں خریدی گئیں تھیں۔ چنانچہ علامہ زرقانی رحمہ اللہ نے شرح مواہب میں لکھا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک زرہ تھی، جس کو انہوں نے مہر میں پیش کیا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس کو فروخت کرنے کا حکم دیا اور اس سے 480 درہم حاصل ہوئے۔ (مواہب اللدنیۃ مع شرح الزرقانی ص ۳ ج ۲ نقلا عن احسن الفتاوی ص ۱۳ ج ۵)

پھر حضور اکرم ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ”اس

رقم سے کچھ خوشبو، کپڑے اور فلاں فلاں چیزیں خرید کرلاؤ''۔ چنانچہ اس فہرست میں بستر اور تکیہ بھی تھا۔ (ماخوذ از اسلام میں جہیز کی حقیقت)

یہ ہے جہیز فاطمہؓ کی حقیقت!

ظاہر ہے کہ اول تو یہ سرے سے جہیز نہیں ہے لیکن اگر اس کو بالفرض جہیز تسلیم بھی کرلیا جائے تو وہ لڑکی کے باپ کی طرف سے نہیں بلکہ داماد سے حاصل کردہ مہر کے پیسوں سے ہے۔ لہٰذا اس کو جہیز اور وہ بھی فرمائشی جہیز سے کیا نسبت ہے؟

دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر یہ بطور سامان جہیز ہوتا تو یہ کسی طرح ممکن ہی نہ تھا کہ حضور اکرم ﷺ حضرت فاطمہؓ کو تو دیتے اور کسی اور صاحبزادی کو نہ دیتے حالانکہ خود حضور ﷺ کا ارشاد ہے

سَوُّوا بین اولادکم

یعنی اپنی اولاد کے ساتھ برابری کرکے انصاف کے ساتھ برتاؤ کرو۔

اگر یہ فاطمہؓ کا جہیز ہوتا تو دوسری بیٹیوں کو بھی ایسا ہی دیا جاتا لیکن یہ جہیز باپ کی طرف سے نہیں تھا بلکہ ہونے والے دولہا کی رقم سے تھا۔

تیسری بات یہ ہے کہ اگر جہیز شریعت کی نظر میں اہم ہوتا تو پھر آقائے نامدار ﷺ اپنی تمام صاحبزادیوں کو جہیز دیتے۔ چنانچہ آپ ﷺ کی چار صاحبزادیاں تھیں۔ مگر تاریخ وروایات سے یہ بات ثابت نہیں ہے کہ آپ ﷺ نے سوائے حضرت فاطمہؓ کے، کسی دوسری صاحبزادی کو اسی قسم کی چیزیں دی ہوں۔ لہٰذا لڑکی کے لیے یہ جہیز شرعاً غیر ضروری ہے۔

ظاہر ہے کہ یہ سنت رسول ﷺ کا سب سے زیادہ تابناک پہلو ہے، جو عصرِ جدید کیلئے ایک تازیانہ عبرت ہے۔ تو آج کے مسلمان اپنے پیارے رسول ﷺ کی اس پیاری سنت پر عمل کیوں نہیں کرتے جس میں ان کی زندگی کی ضمانت ہے؟ جس جہیز کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے غیر ضروری قرار دیا ہے، اس پر اصرار کیوں ہے؟

یہی وجہ ہے کہ شریعت کی نظر میں اس قسم کے مطالبات...... چاہے زبان سے ہوں چاہے عملاً ہوں، اشارۃً ہوں، ناجائز اور حرام ہیں۔

شادی کب کرنی چاہیے؟

محمد عبدالعزیز ذاکر

جوان ہونے کے بعد اگرچہ شادی کا خیال اور اس کی طرف میلان ہونے لگتا ہے لیکن بالکل ہی ابتداء جوانی میں شادی کردینا صحت کے لئے مضر ہے۔ اس لیے کہ اس عمر میں جسمانی اعضاء بڑھتے ہیں۔ اعضاء میں قوت اور پختگی پیدا ہوتی ہے۔ اگر اس عمر میں شادی ہوگئی تو اعصاب کے مضبوط ہونے سے پہلے ہی جوہر جسم (مادہ منویہ) ختم ہونا شروع ہوجائے گا اور یہ اپنی نادانی اور طبیعت پر قابو نہ پانے کی وجہ سے احتیاط بھی نہیں کرے گا، جس سے اعضاء رئیسہ بھی کمزور ہوتے جائیں گے۔ اس لیے کہ غذائے انسانی کئی مرحلوں سے گزر کر منی بنتی ہے۔ جس میں خالق کائنات نے انسان بننے کی قوت رکھی ہے۔ اب اگر اتنا قیمتی جوہر (منی) عقل وشعور کی کمی کی وجہ سے اعصاب کی کمزوری کے ساتھ ضائع ہونا شروع ہوگیا تو پھر ساری غذا منی کے خزانہ کی طرف متوجہ ہوگی اور خون سے تیار ہونے والے اعصاب واعضاء مضمحل ہونا شروع ہوجائیں گے۔ اس نوعمر جوان کو اپنی صحت وقوت کی حفاظت کرنی چاہئے اور غلط حرکتوں سے (مادہ منویہ) کو ضائع نہ کرنا چاہئے۔ پھر جب کچھ مدت گزرنے کے بعد ازدواجی رشتہ قائم ہوگا تو وہ لطف ولذت اور سکون وراحت پائے گا جس کا تصور ممکن نہیں۔ البتہ جوان ہوتے ہی کسی جگہ نسبت طے ہوجائے تو اچھا ہے تاکہ محبت اور فطری خواہش کے جذبہ کے لیے ایک مرکز ذہن میں مرکوز ہوجائے اور خیال کی دنیا ادھر ادھر بھٹکنے اور غیروں کی طرف جانے سے محفوظ رہے۔

مگر یاد رہے کہ شادی سے پہلے (اگرچہ منگنی ہوجائے) وہ اجنبی ہے۔ نکاح سے پہلے ہاتھ لگانا، اس سے گفتگو کرنا، اس کو دیکھنا ناجائز وحرام ہے۔ (افسوس کہ اس بات کی اب کوئی پرواہ نہیں کرتا)۔ (ع)

والدین کی مرضی کی شادی یا پسند کی شادی

خالد مقبول حفظہ اللہ

اسلام ہمیں پسند کی شادی سے نہیں روکتا۔ اس سلسلے میں اتنا حق دیتا ہے کہ جس کی شادی ہونی ہے، اگر وہ منع کردے تو اس کی پسند کے بغیر نکاح نہیں ہو سکتا۔ نبی کریم ﷺ کے دور میں ایسا ایک نکاح ہوا تو آپ ﷺ نے اس نکاح کو فسخ کردیا۔

میرا مقصد اس مضمون کو لکھنے کا یہ ہے کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمیں دیکھنا ہے کہ پسند کی شادی یا والدین کی مرضی کی شادی کے بارے میں اسلام ہمیں کیا تعلیم دیتا ہے اور ہم کیا کر رہے ہیں؟

اسلامی تعلیمات کو دیکھیں تو یہ بات بالکل واضح ہے کہ اسلام میں پسند کا بہت اعتبار ہے اور اس کا اختیار ہی اسلام نے لڑکے یا لڑکی کو دیا ہے اور کسی کو نہیں دیا۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ لڑکا یا لڑکی خود سے رشتہ تلاش کرتے پھریں۔ والدین یا سرپرست تلاش کریں گے اور پسند کریں گے۔ پھر لڑکا یا لڑکی سے ان کی پسند یا ناپسند پوچھی جائے گی۔ اگر وہ انکار کردیں تو والدین یا سرپرست زبردستی نہیں کر سکتے۔ دوسری صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ لڑکا یا لڑکی اپنی پسند بتا دیں۔ پھر والدین یا سرپرست اس کی چھان بین کرلیں اور اگر قابل اعتراض بات سامنے نہ آئے تو رشتہ کی بات کو آگے بڑھائیں۔

اس سلسلے میں ہمارے پاکستانی معاشرے میں بہت افراط و تفریط پائی جاتی ہے۔ اور ہمیں چاہئے کہ ان تمام غلطیوں کی اصلاح کریں۔ زمانہ جاہلیت کی طرح یہ جواب نہ دیں کہ "ہمارے بڑے یہ کرتے رہے ہیں، ہم بھی کریں گے"۔ سب سے پہلے تو جو ہندو معاشرے کے ہمارے مسلم معاشرے پر اثرات ہیں، ہم کو ان سے جان چھڑانی ہے۔ ہندوؤں میں لڑکیوں سے پوچھنے کا کوئی قانون یا رواج نہیں ہے۔ جب کہ اسلام اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ لڑکی کی زبردستی شادی کردی جائے۔ اب آپ خود دیکھیں کہ ہمارے ہاں لڑکی سے کیا معاملہ کیا جاتا ہے؟ لڑکی اگر کسی جگہ انکار کردے تو اس کو وہ کچھ سنایا جاتا ہے کہ اللہ کی پناہ۔ کچھ تو ایسے علاقے ہیں جہاں اسی بات پر لڑکی کو خوب مارا جاتا ہے کہ اس نے جرأت کیسے کی کہ والدین خصوصاً باپ کی پسند سے انکار کرنے دے۔

کئی گھرانوں اور علاقوں میں اگر لڑکی اپنی پسند سے متعلق کچھ بتادے تو اس کے بھائی اور والد اس کو جان سے مارنے پر آجاتے ہیں۔

کچھ ایسے گھرانے بھی ہیں جہاں لڑکی سے پوچھنے کا ہندوؤں کی طرح رواج ہی نہیں۔

کچھ ایسے گھرانے ہیں جہاں پوچھا تو جاتا ہے مگر پسند یا انکار کی گنجائش ہی نہیں ہوتی۔ لڑکی ڈر کے مارے انکار ہی نہیں کرتی۔

اور دوسری طرف کچھ ایسے گھرانے بھی ہیں جہاں والدین کی مرضی کی کوئی حیثیت نہیں۔ جو لڑکا یا لڑکی نے فیصلہ کرلیا، وہی حرفِ آخر ہے۔ یہ آج کل کے ماڈرن گھرانوں میں ہوتا ہے۔ مگر ہر ماڈرن گھرانے میں نہیں۔

اعتدال کا راستہ ہی اسلام کا راستہ ہے۔ والدین بھی زبردستی نہ کریں اور اولاد بھی ماں باپ کی مرضی کا خیال رکھے۔ والدین سے زیادہ بہتر سوچنے والا اولاد کے لیے اس دنیا میں اور کوئی نہیں ہے۔

اگر دونوں میں اختلاف رائے ہو جائے تو دونوں کو چاہئے کہ جن علمائے کرام پر وہ اعتبار کرتے ہیں، ان سے جا کر مسئلہ پوچھیں۔ صرف اپنی مرضی نہ کریں۔ اپنی مرضی کرنے سے شادی شدہ افراد کی نئی زندگی شروع ہی سے مسائل کا شکار ہو جاتی ہے۔ والدین تو اپنی زندگی گذار چکے ہوتے ہیں۔ نئی زندگی تو اولاد کی شروع ہونی ہوتی ہے۔ اس لیے خصوصاً والدین اولاد کی پسند اور ناپسند کا خیال کریں۔ اللہ جل جلالہ سب والدین اور اولاد کو ہدایت عطا فرمائیں۔ آمین

نکاح میں تاخیر کیوں؟

اسلام نے انسان پر فطری خواہشات کو پورا کرنے کے سلسلے میں پابندی عائد نہیں کی بلکہ چند اصول وضوابط کا پابند بنا کر بشری تقاضوں کو پورا کرنے کا حکم دیا۔ اسلام چونکہ دین فطرت ہے، لہٰذا اسلام نے فطری تقاضوں کو منہدم کرنے کا حکم نہیں فرمایا بلکہ ان کو پورا کرنے کے لیے ایسے ضابطے مقرر فرمادیئے جن پر عمل کرنے سے شرف انسانی کو فروغ ملتا ہے، روحانیت کو عروج حاصل ہوتا ہے، فطرت تسکین پاتی ہے، انفرادی زندگی نکھرتی ہے اور معاشرہ جنت کا نمونہ بن جاتا ہے۔ گویا شریعت مقدسہ کے ضابطوں پر عمل کرنا انسانیت کو فروغ دینا ہے اور اس سے اعراض انسانی اقدار کو پامال کرنا ہے۔

بشری تقاضوں میں سے ایک تقاضا نکاح بھی ہے۔ اسلام نے جہاں نکاح کے احکام بیان فرمائے، وہاں اس کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا ہے تاکہ کوئی فرد بشر اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ اس نعمت سے محروم نہ رہے۔ کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے لے کر جنت کی ابدالآباد زندگی تک انسان کو یہ نعمت حاصل رہی ہے۔ فقہ حنفی کی مشہور کتاب شامی میں نکاح کو ابدی عبادت سے تعبیر کیا گیا ہے۔ چنانچہ فرمایا: ’’حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے سے لے کر جنت کی ہمیشہ کی زندگی تک صرف دو عبادتیں جاری وساری رہی ہیں اور رہیں گی......ایک ایمان اور دوسری نکاح‘‘۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: **وانکحوا الایامی منکم**

’’تم میں جو غیر شادی شدہ ہیں ان کا نکاح کردو‘‘۔

شرعی طور پر نکاح اس قدر اہم ہے کہ رسم ورواج کی تلخیوں کو نظر انداز کر کے نکاح کا حکم دیا گیا۔

اللہ تعالیٰ سورۂ نساء کے آغاز میں فرماتے ہیں:

فانکحوا ما طاب لکم من النساء

’’جو عورتیں تم کو پسند آئیں ان سے نکاح کرلو‘‘۔

فانکحوا کے امر خداوندی کے پیش نظر اصحاب ظواہر نے نکاح کو فرض قرار دیا ہے۔ مگر عام حالات میں جمہور علماء وفقہاء کے نزدیک نکاح فرض نہ صحیح مگر مسنون و مستحسن ضرور ہے۔ البتہ نکاح کی استطاعت رکھنے کے باوجود اگر نکاح نہ کیا جائے اور گناہ میں ملوث ہونے کا خطرہ ہو تو نکاح کرنا سب کے نزدیک واجب ہے۔

اہم گذارشات

تمام قارئین، ممبران اور روحانی درسگاہ کے طالب علموں سے گذارش ہے کہ درج ذیل نمبرز کے علاوہ نمبرز پر رابطہ نہ فرمائیں۔

**......خالد مقبول صاحب کی مصروفیات کے پیش نظر ان کو خط لکھیں یا ای میل کریں۔ جواب کے لئے جلدی نہ فرمائیں۔ ان کی بہت زیادہ مصروفیات ہیں۔ فون صرف اس وقت کریں، جب ادارے کے دوسرے ذمہ دار فرد آپ کو ان سے رابطہ کرنے کا کہیں۔

**......تمام کتب، رسائل، ادویات، عطر، روحانی دم شدہ اشیاء، تیار روحانی علاج، اگربتیاں، بخور، صدقہ، خیرات وزکوٰۃ (ٹرسٹ)، شعبہ ترسیل اور تمام مالی امور کے لیے سرکولیشن انچارج سے رابطہ کریں۔
042-35033371, 0332-4487877

**......روحانی درسگاہ کے لیے ناظم روحانی درس گاہ مولانا محمد عرفان صاحب سے ظہر تا مغرب (علاوہ جمعہ واتوار) 0321-4661681

**......روحانی علاج کیلئے: سید عامر علوی 0300-8439477 مولانا علی آفاق 0321-4168008 ادارہ موبائل 0343-7772772

**......ادارے کے تمام شعبوں کی بنیادی معلومات کے لئے صبح گیارہ بجے سے رات سات بجے تک 0343-7772772 (ادارہ)

طبِ یونانی اور ہومیوپیتھی علاج پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
رابطہ: 0322-4773786, 0332-4487877, 042-35033371

اس ماہ کی منتخب طبی کتب پیش خدمت ہیں

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لئے زبردست ڈسکاؤنٹ

کتب خانے، بک شاپس، مطب، دواخانے خصوصی رعایت حاصل کرنے کے لئے رابطہ فرمائیں۔

روحانی، طبی اور اسلامی PRINTED کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں۔ اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
بلڈ پریشر اور اس کا علاج	حکیم محمد یاسین چاولہ	24
تبخیر معدہ کا اصولی علاج	//	18
رہبر علاج بالغذا	//	45
قبض کوئی مرض نہیں	//	24
مجربات امام الدین پاکپتنی	//	350
مجربات مسہلات	//	225
بیاض شہباز	شہباز حسین اعوان	80
چوٹی کے مجربات (اول دوم یکجا اضافہ شدہ)	//	200
رہنمائے مطب	//	60
سحر قانون مفرد اعضاء	//	48
گائیڈ قانون مفرد اعضا مع شاہکار مجربات	//	120
مردوں کی بیماریاں اور انکا علاج (اضافہ شدہ)	//	80
اسرار باہ (اضافہ شدہ ایڈیشن)	حکیم بشیر احمد علوی	120
تریاق مجلوق (اضافہ شدہ ایڈیشن)	//	90
حقیقت امساک (اضافہ شدہ ایڈیشن)	//	100
دافع سرعت انزال (اضافہ شدہ ایڈیشن)	//	100
شنگرف کے کرشمے	//	75
طلاؤں سے علاج (مالش و روغنیات سے علاج)	//	225
قاطع جریان (اضافہ شدہ ایڈیشن)	//	100
مجربات صابر (نظریہ)	//	66
مجربات صابر (مجلد، بڑا سائز، اضافہ شدہ) (نظریہ)	//	225
السر وجوہات اور علاج	ڈاکٹر جاوید اقبال	225
تبخیر معدہ وجوہات اور علاج	//	180
کتاب الابدال (مفردات کے خواص اور متبادل)	ابوبکر محمد بن زکریا رازی	60
کتاب الحاوی (اول دوم) (معالجات)	//	300
کتاب الحاوی (سوم تا پنجم) (معالجات)	//	400
کتاب المرشد (کلیات و اصول علاج)	//	50
کتاب المنصوری (امور طبیہ و تشخیص الامراض)	//	250
مزاج کی شناخت بمعہ غذاؤں دواؤں کی قوت اور تاثیر	//	120
آداب مباشرت (اسلامی احکامات، ہومیو و طبی علاج)	ڈاکٹر آفتاب احمد شاہ	130
آسامی بنگالی طلسمی راز (آیورویدک مجربات باہ)	پنڈت پیارے لال شرما	300
ارزاں چٹکلے (کم وقت اور لاگت کے 417 نسخے)	حکیم رحمت اللہ خواہرزادہ حکیم عبداللہ	120
ارمغان جواہرات (مشہور دواخانوں کے مجربات)	حکیم یعقوب شمیم قریشی	300
اروماتھراپی (خوشبوؤں سے علاج)	ام ہما سید	فوٹو کاپی
اسرار باہ (رنگین تصاویر) (مستند و جامع کتاب)	حکیم محمد یوسف حضروی	750
اسرار صدری (مستند و بے خطا مجربات)	حکیم علم الدین بھاگووالیہ	600
اسرار الکیمیا (کیمیا گری کی قدیم کتاب)	ترجمہ: شریف رضا	30
اطباء کے حیرت انگیز کارنامے (تاریخ طب)	حکیم عبدالناصر فاروقی	100
القانون فی الطب (عظیم طبی کتاب۔ 2 جلد مکمل)	بوعلی سینا / غلام حسنین کنتوری	2400
امراض اطفال (بچوں کے امراض اور علاج)	خورشید احمد شفقت اعظمی	250
امراض قلب (جدید و قدیم تحقیقات)	//	225
امرت ساگر (ایورویدک تشخیص الامراض)	پنڈت پیارے لال شرما	700
بایوکیمک وٹامنز اور معدنیات (علاج معالجہ)	ابوعتیق سید	225
بچوں کا حکیم (خواتین کیلئے گھریلو علاج)	حکیم عبدالمجید سوہدروی	120
بحر حکمت (اول) اساس طب (تشخیص) (نظریہ)	ڈاکٹر حکیم محمد اشرف ننکانوی	350
بحر حکمت (دوم) کلیات معالجات باکمال نسخہ جات	//	500
تشخیص و تجویز مسیح الملک مع مجربات اجمل	مرتبہ: حکیم غلام نبی	100

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

ولی کامل، استاذِ مکرم، استاذ العاملین حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب نقشبندی نور اللہ مرقدہٗ

کے رشتہ وشادی کے لئے مجرب اعمال

خالد مقبول حفظہ اللہ

عمل برائے نکاح ومغرور

اگر کوئی شخص کسی کو اپنی محبت میں بیچین کرنا چاہتا ہے یا بھاگے ہوئے کو واپس بلانا چاہتا ہے یا نکاح کرنا چاہتا ہے تو ایک تازہ انڈہ مرغی کا لے کر اس کو صاف کر کے اس پر ۷۸۶ عدد لکھ کر حروف ابجد ”ا، ب، ج، د، ہ، و، ز، ح، ط“ لکھ کر مطلوب کا نام بمع نام والدہ پھر اپنا نام بمع نام والدہ لکھ کر یہ آیت شریفہ لکھے وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ

لکھنے کے بعد ایک گڑھا زمین میں کھود کر انڈے کو رکھ دے۔ اوپر اتنی راکھ چڑھا دے کہ آگ رکھنے سے جل نہ جاوے۔ یہ عمل چوبیس گھنٹہ کے لیے ہے یعنی انڈا گرم رہے۔ ان شاء اللہ مغرور واپس ہوگا، مطلوب بے قرار ہوگا۔

برائے شادی

پہلے غسل کرے۔ پھر یہ تعویذ کنگھی میں ڈال کر سر میں پھیرے۔ جہاں دل چاہے گا، شادی ہوگی۔

نقش یہ ہے:

برائے حب زن وشوہر وحصول مراد نکاح

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ یا مصرف القلوب صرف قلب مطلوب فلان بن فلاں الی طالب فلان بن فلاں حبب یا ودود۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۔

لکھیں اور مطلوب کو پلائیں۔

رشتہ خود آ کر دیں

اگر رشتہ مطلوب ہو تو ۷۸۶ بار لکھ کر ڈبے میں بند کر کے گھر رکھیں تو گھر آ کر رشتہ کی دعوت دیں گے۔

برائے کشادن نکاح وحفاظت جادو وغیرہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ۔ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ اور آخر تین قل بھی لکھے تین تعویذ بنائے۔ ایک بازو میں باندھے اور دو عدد بارش کے پانی یا آب زمزم میں گھول کر گیارہ دن تک بوقت صبح نہائے۔ ان شاء اللہ نکاح کھل جائے گا۔ نہانے کا طریقہ یہ ہو کہ آیات مقدسہ کی بے ادبی نہ ہو اور پانی کسی نالی، گٹر وغیرہ میں نہ جائے۔

اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے رشتہ و شادی کے لئے مجرب اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج
دار العمل چشتیہ، لاہور

اس مضمون میں دئیے گئے تمام اعمال کی ہر خاص و عام کو اجازت ہے۔

امام غزالی نوراللہ مرقدہٗ

جس عورت کے لیے شادی کا پیغام نہ آئے

جب عورت کا شادی کا پیغام نہ آئے تو مندرجہ ذیل عبارت لکھ کر اس کی گردن میں لٹکانے سے اس کی جلدی شادی ہو جائے گی۔ عبارت یہ ہے:

لععسلی هع

حضرت اقدس مولانا عبداللہ بہلوی نوراللہ مرقدہٗ

لڑکی والوں کو راضی کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی جگہ شادی کا طالب ہو، باوجود ہر اعتبار سے لڑکا صحیح ہونے کے لڑکی نہ دیتے ہوں تو اس کے لئے بعد نماز عصر خالی مکان میں جس میں کوئی نہ ہو، قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور مسلسل اور بلا تعداد مغرب کی اذان تک پڑھتا رہے، اس کے بعد یہ دعا مانگے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ عصر کی نماز کے بعد کسی سے بات نہ کرے بلکہ خاموشی سے اپنی جگہ جا کر پڑھنا شروع کر دے۔ بدھ، جمعرات اور جمعہ تین دن مسلسل بلا ناغہ عمل کرنا ہے۔

وہ کلمات جو بعد عصر پڑھنے ہیں، یہ ہیں:

یا اللہ یا رحمن یا رحیم

اس کے بعد یہ دعا مانگنی ہے:

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیَّ فلانۃ بنت فلانۃ (یہاں لڑکی اور اس کی ماں کا نام لے) حَتّٰی یَاْتِیَ اِلَیَّ خَاضِعًا ذَلِیْلًا مِنْ غَیْرِ مُهْلَةٍ وَشَغِّلْهَا بِمَحَبَّتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اگر لڑکی عمل کر رہی ہے لڑکے کے لئے تو فلاں بن فلاں (یہاں لڑکے کا اور اس کے باپ کا نام لے)۔

مولانا محمد موسیٰ خان روحانی بازی نوراللہ مرقدہٗ

ہر حاجت کے لیے قصیدہ طوبیٰ کا عمل

قصیدہ طوبیٰ حضرت رحمہ اللہ کا ایک خاص منظوم کلام ہے جو کہ اسماء الحسنیٰ پر مشتمل ہے۔ یہ ایک کتاب کی صورت میں شائع ہوا ہے۔ اس کو پڑھنے کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ ہر مشکل و پریشانی و مصیبت کے دفع کے لئے اور ہر حاجت پوری ہونے کے لیے اس کا پڑھنا بہت مجرب ہے۔ یہ ہمارے ادارے سے قیمتاً دستیاب ہے۔

ہر حاجت کے لیے قصیدہ حسنیٰ کا عمل

قصیدہ طوبیٰ کی طرح قصیدہ حسنیٰ حضرت رحمہ اللہ کا ایک خاص منظوم کلام ہے جو اسماء النبی ﷺ پر مشتمل ہے۔ یہ ایک کتاب کی صورت میں شائع ہوا ہے۔ اس کو پڑھنے کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ ہر مشکل و پریشانی و مصیبت کے دفع کے لئے اور ہر حاجت پوری ہونے کے لیے اس کا پڑھنا بہت مجرب ہے۔ یہ ہمارے ادارے سے قیمتاً دستیاب ہے۔

- ہاں یہ سچ ہے کہ مجھے تم سے محبت ہے......
- یہ بھی سچ ہے کہ میں تمہاری چاہت ہوں......
- پر میری زندگی میں چاہتوں کی کمی تو نہیں......
- اپنی ذات کے اس پہلو سے ملواؤں تمہیں......؟
- میں کیا ہوں، کیسی ہوں، بتلاؤں تمہیں......؟
- اپنی ماں کی تربیت ہوں میں......
- عزت ہوں اپنے والد کی......!!
- مان ہوں اپنے بھائی کا......!!!
- نشان ہوں اپنی بہنوں کی پرچھائی کا......
- تو بہک جاؤں میں، یہ کبھی ممکن ہی نہیں......!!!
- کہ دل وہ سب بھی تو رکھتے ہیں، اک تمہی تو نہیں

منزل کے عمل کے عامل بنیں

منزل کا عمل جادو، جنات، نظرِ بد، شیطانی اثرات سے نجات اور حفاظت کا خاص عمل ہے۔ اسی طرح دیگر آفات و حادثات سے بھی حفاظت ہوتی ہے۔ اس عمل کا عامل ہر کوئی بن سکتا ہے۔ عامل بن کر درج ذیل بیماریوں کا بھی علاج کر سکتے ہیں: * اختلاج قلب * قیامِ حمل * اسقاطِ حمل سے حفاظت * بلڈ پریشر * پیٹ کی تکلیف * بخار * ٹی بی * پاگل پن * دمہ * شوگر * فالج * ٹی بی * لقوہ * کینسر * مرگی * ہسٹریا * یرقان۔

نقد صدقے کے ساتھ اجازت: برائے علمائے کرام اور ممبران 1600 روپے برائے عوام 2100 روپے۔ چلہ کشی میں علمائے کرام اور ممبران کیلئے فیس نہیں۔

حصارِ قرآنی کبیر

قرآنی اعمال کا ایک خاص عمل

جہاں آسمانی و زمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق "جنات و شیاطین" سے حفاظت بہت ضروری ہے۔ قرآنی آیات پر مشتمل حصار کا عمل کرنے سے خاص روحانی دفاع حاصل ہوتا ہے۔ عامل اپنی، اپنے اہل و عیال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اپنے مریضوں کا روحانی دفاع کرنے کے بھی قابل ہو جاتا ہے۔ مریض کتنا ہی دور کیوں نہ ہو، عامل حصار لگا سکتا ہے۔ اجازت کا ہدیہ ممبران کے لیے 1600 روپے اور غیر ممبران کے لیے 2100 روپے ہے۔

حصارِ خاص

فرشتوں کی حفاظت میں آجائیں

ایک خاص حصار کا عمل ہے جس کے پڑھنے والے کی حفاظت فرشتے کرتے ہیں۔ جنات، شیاطین اور جادو کے شر سے انسان محفوظ رہتا ہے۔ ہر قسم کے ستاروں کی نحوستوں سے حفاظت رہتی ہے۔ اپنی، اپنے اہل و عیال کی اور مال و اسباب کی حفاظت ہوتی ہے۔

اس عمل کا عامل بننے کے لئے اجازت حاصل کرنے کے بعد ایک ماہ کا چلہ کرنا پڑتا ہے۔ چلہ بوقت تہجد کیا جاتا ہے۔ اجازت کا ہدیہ ممبران کے لیے 1600 روپے اور غیر ممبران کے لیے 2100 روپے ہے۔

گھر بیٹھے "اسمِ اعظم کورس" کریں

ہر کوئی کر سکتا ہے

اسمِ اعظم کو عموماً صرف نام کے اعداد نکال کر ہی معلوم کیا جاتا ہے اور بہت سے پہلو نظر انداز کر دئے جاتے ہیں جن کی وجہ سے اس اسمِ اعظم کا خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔ اسمِ اعظم معلوم کرنے کے لئے متعدد پہلو مدِنظر رکھنے پڑتے ہیں۔ تب جا کر اسمِ اعظم صحیح طور پر معلوم ہوتا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد آپ ماہرانہ طور پر اسمِ اعظم معلوم کر سکیں گے۔ اسمِ اعظم کو استعمال کرنا، پڑھنا اور اس کی مختلف طرح سے چلّہ کشی کرنے کے طریقے بھی سیکھ سکیں گے۔ کورس کی فیس: روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لئے 2100 روپے، رسالے کے ممبران کے لئے 2600 روپے، غیر ممبران کے لئے 3100 روپے۔

نوٹ: صرف موجودہ ممبران اور طالب علم رعایت لے سکتے ہیں۔

علمائے اہل سنت والجماعت دیوبند کے رشتہ وشادی کیلئے مجرب اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل جشتیہ، لاہور

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نوراللہ مرقدہٗ

برائے سہولت نکاح...... خاص جگہ نکاح کرنا

بعد نماز عشاء "یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ" گیارہ سو گیارہ بار، اول آخر درود شریف کے ساتھ چالیس روز تک پڑھے اور اس کا تصور کرے، ان شاء اللہ مقصود حاصل ہوگا، اگر مقصود پہلے پورا ہوجائے چھوڑے نہیں۔

نوٹ: تصور اس کا کرنا ہے، جس کو نکاح کے لیے راضی کرنا ہو۔ خ

....................*..........*

حضرت مولانا شاہ ابرارالحق صاحب نوراللہ مرقدہٗ

لڑکیوں کے رشتہ کیلئے

ارشاد فرمایا کہ لڑکیوں کے رشتہ کے لیے "یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ" گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ 40 دن کا عمل بار بار کریں۔ (مجالس ابرار)

....................*..........*

حضرت مولانا عبداللہ درخواستی صاحب نوراللہ مرقدہٗ

*...... بعد نماز عشاء دو رکعت نفل پڑھیں اور ایک تسبیح "یَالَطِیْفُ" پڑھیں۔ جس لڑکی کا رشتہ مطلوب ہو، اس میں کامیابی ہوگی۔ یہ عمل ایک مہینہ کریں۔

*...... لڑکی کے لئے اچھا رشتہ میسر ہوجائے گا۔ بعد نماز عشاء ۷۰ مرتبہ یاحی یا قیوم برحمتك استغیث بحق لا اله الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین پڑھیں اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف۔

*...... جس لڑکی کی شادی نہ ہورہی ہو تو اکیس بار سورۃ "طٰہٰ" پڑھیں اول درود شریف۔

*...... رشتہ کے لئے یہ تعویذ چاند کی پہلی تاریخ کو لکھیں اور طالب اپنے بازو پر باندھے اور پھر ان سے رشتہ کا مطالبہ کریں۔ تعویذ یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ. يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ. يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

*...... كَلَّا اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ - کی تین تسبیح پڑھیں۔

شادی کرنے اور اہل وعیال کے نیک ہونے کی دعا

اگر شادی کرنے کا خواہش مند ہو اور چاہے کہ اہل وعیال نیک بن جائیں تو یہ دعا پڑھے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ: ۷۴﴾

....................*..........*

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نوراللہ مرقدہٗ

رشتے کے لئے خاص عمل

نمازِ عشاء کے بعد اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود شریف اور درمیان میں گیارہ سو مرتبہ "یَالَطِیْفُ" پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا کریں۔ اللہ ربّ العزت آپ کی مشکل کو آسان فرمائے۔ 40 دن جاری رکھیں۔

....................*..........*

مفتی اعظم حضرت مولانا محمد فرید صاحب رحمۃ اللہ

رشتے کے لئے

یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ (۷۰) مرتبہ پڑھنا۔

....................*..........*..........*

حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب نوراللہ مرقدہ

لڑکیوں کے رشتے

لڑکیوں کے رشتہ کے لیے اول وآخر درود شریف (نماز والا درود بہتر ہے) گیارہ بار درمیان میں سورۂ فاتحہ پینتالیس (45) بار صبح سورج نکلنے سے پہلے پڑھے اور رات کو سونے سے پہلے "یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ" کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

عورتوں کا نصیب کھلنے اور شادی کیلئے عمل

نماز عشاء کے بعد "یَا لَطِیْفُ" (۱۱۱۱) گیارسو گیارہ بار پڑھے۔ اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ بار پھر سجدہ میں جا کر دعا مانگیں۔ گیارہ روز یہ عمل کرے۔ باقی ہر نماز کے بعد اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا۔ دس مرتبہ پڑھے۔ اول وآخر درود شریف دس بار۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

....................*..........*..........*

حضرت مولانا دوست محمد قریشی نقشبندی رحمہ اللہ

حسبِ منشا شادی کرنے کیلئے

چار نمازوں کے بعد ۳۳ مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد ۳۳۳ مرتبہ اول آخر درود شریف اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ۔ تا حصول مقصد پڑھنا ضروری ہے۔ بے حد اکسیر ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ وظیفہ پڑھنے کے بعد اس طرح دعا کرے۔ یا اللہ میرا کام فلاں جگہ کردے، اگر میرے دین ودنیا کے لئے مفید ہو تو اس جگہ کردے ورنہ جہاں تیری رضا ہو وہاں مجھے منظور ہے، ان شاء اللہ چند دنوں میں کامیابی نصیب ہوگی۔

برائے شادی

برائے شادی اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یہ آیت تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پھر درود شریف گیارہ (۱۱) بار روزانہ مسلسل بلاناغہ اکتالیس روز پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شادی ہو جائے گی۔ اگر اکتالیس دن سے قبل ہی کام ہو جائے تب بھی اکتالیس دن پورے کرے چھوڑے نہیں وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

﴿سُوْرَةُ النَّحْلِ: ۱۸﴾

....................*..........*..........*

حضرت مولانا ڈاکٹر محمود الحسن رحمہ اللہ

بچوں کی شادیوں کیلئے

دوسری بڑی غلطی جو کی جاتی ہے، وہ ہے صرف ایک طرف کا استخارہ کرنا۔ اور یہ عموماً خاندانی رشتوں میں ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ لڑکی والوں کی طرف سے یہ استخارہ ہوگا کہ لڑکا ان کی لڑکی کے لیے کیسا ہے۔ یہ تو نہیں ہوگا کہ ہماری لڑکی اس لڑکے کے لیے کیسی ہے۔ یہ کام تو لڑکے والوں کا ہے۔ اگر لڑکی بہت زبان دراز اور لڑاکی قسم کی ہے، اور کسی شریف اور اچھے لڑکے کا رشتہ آیا۔ لڑکے والوں کو لڑکی پسند آ گئی کیونکہ خوبصورت تھی۔ خاندان بھی اچھا لگا۔ عموماً یہ ہوتا ہے کہ لڑکے والے ہاں کر دیتے ہیں اور لڑکی والے استخارے کا وقت لیتے ہیں۔ اب لڑکی والے جب استخارہ کریں گے تو لڑکا چونکہ اچھا ہے، اس کی ہاں آ گئی۔ مگر لڑکی اخلاقاً اچھی نہیں تھی۔ اور لڑکے والوں نے استخارہ نہیں کیا۔ لڑکی والوں کے استخارے میں ہاں آ گئی اور شادی ہو گئی اور اب لڑکے کی زندگی اجیرن ہو گئی۔ یہ ایک مثال دی ہے تاکہ سمجھدار لوگ آئندہ غلطی نہ کریں۔

میرا مجرب استخارے کا عمل

سونے سے قبل دو رکعت نفل پڑھیں اور سلام کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ 382 مرتبہ ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھیں۔ ترجمہ پر دھیان دیں کہ ''تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں''۔ عمل کے ختم پر دعا کریں کہ ''اے اللہ! فلاں بن فلاں اور فلاں بنت فلاں کا رشتہ دونوں کے حق میں کیسا رہے گا، یہ مجھے خواب میں واضح دکھا دیں''۔ پھر بغیر بات کیے سو جائیں اور جب تک نیند نہ آئے، مذکورہ آیت پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ تین سے سات دنوں میں حقیقت نظر آ جائے گی۔

........................*............*

تین سے سات دن خواب والا استخارے کا عمل

نئے چاند کی پہلی جمعرات کو بعد از نماز عشاء یہ عمل کرنا مفید ہے۔ اس کے لئے بستر پر بیٹھ کر اول و آخر درود شریف اکیس اکیس بار، سورۃ الانشراح گیارہ بار پڑھ کر بستر پر لیٹ جائیں اور پھر مسلسل درج ذیل کلمات کا ورد زبان پر رکھیں۔ حتیٰ کہ اس حالت میں نیند آ جائے۔ اس دوران کسی سے کوئی گفتگو قطعی نہ کرے اور اپنے مقصد کو پیش نظر رکھے۔ کلمات یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یاخبیر یاخبیر یاخبیر یاخبیر یاخبیر یاخبیر یاخبیر بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ان شاء اللہ تین سے سات دن میں جواب خواب میں مل جائے گا۔

رشتہ کی بندش کی تشخیص خود کریں

خالد مقبول حفظہ اللہ

آج کل یہ عام بات ہے کہ کسی بھی ناراضگی کی بنا پر لڑکے یا لڑکی کے رشتہ وشادی کی بندش کرا دی جاتی ہے۔ خصوصاً یہ کام لڑکیوں کے لیے کروایا جاتا ہے جس کی وجہ سے اچھی خاصی خوبصورت لڑکیاں بھی بیٹھی رہ جاتی ہیں اوران کی شادی کی عمر گزر جاتی ہے۔

خواتین کا سب سے بڑا مسئلہ بھی آج کل یہی سامنے آرہا ہے۔ اس سلسلے میں بہت افراط وتفریط کا معاملہ ہے۔ ان میں شک نہیں کہ بندش لگائی جاتی ہے مگر عوام بھی کچھ زیادہ ہی شکی مزاج ہوگئی ہے۔ بندش نہ بھی لگی ہو تو لازمی بندش لگی ہونا تصور کرتی ہے۔ دوسری طرف عاملین ہیں جنہوں نے رہی سہی کسر بھی پوری کردی۔ بندش نہ بھی لگی ہو تو ایسی ایسی خطرناک باتیں کرتے ہیں کہ سائل بیچارہ سہم جاتا ہے۔ جھوٹ بولتے ہیں کہ ایسا عمل کیا گیا ہے کہ اگر تین ہفتوں کے اندر توڑ نہ کرایا تو پھر زندگی بھر شادی نہیں ہوسکے گی۔ یہ تو ایک مثال کے طور پر جملہ لکھ دیا۔ بے چاری عوام عامل کی ہر بات پر سو فیصد یقین کر بیٹھتی ہے۔ خواتین شادی کے لیے اپنی عزت تک گنوا بیٹھتی ہیں۔ اس لیے یہ مضمون دیا جارہا ہے کہ عامل کے پاس جانے سے قبل خود تشخیص کر لی جائے اور پھر جو نتیجہ آئے، اس کے لحاظ سے علاج کروایا جائے۔

رشتہ وشادی کی بندش لڑکی پر ہو یا لڑکے پر...... دو طرح سے لگتی ہے۔ ایک وہ جس سے مریض یا مریضہ کے جسم پر اثر آتا ہے اور دوسری میں اثر نہیں آتا۔

بندش کی عموماً تین وجوہات ہوتی ہیں۔ عوام تو سب کو ہی جادو کہتی ہے اور کچھ ناتجربہ کار یا جھوٹے فراڈ عامل بھی جادو کہتے ہیں، جب کہ حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ تین وجوہات میں سب سے پہلی وجہ تو نظرِ بد ہے۔ اس کی تشخیص سب سے پہلے کریں کہ کہیں ہمارا مریض یا مریضہ نظرِ بد کا شکار تو نہیں ہے؟ اگر ہو تو مکمل علاج کریں تاکہ نظرِ بد کا اثر ختم ہو۔ تشخیص وعلاج کے لیے عمل مضمون کے آخر میں دیا گیا ہے۔

دوسری وجہ جنات کا اثر انداز ہونا ہے۔ تیسری وجہ جادو کا ہونا ہے۔ دوسری اور تیسری وجہ میں دو طرح سے معاملہ ہوتا ہے۔ ایک میں مریضہ کے اوپر یعنی جسم پر اثر آتا ہے اور دوسرے میں نہیں آتا۔ ایک مثال سے سمجھئے۔ ایک لڑکی پر کوئی جادوگر اپنے جادو سے شیطان مسلط کر دیتا ہے اور اس لڑکی کا رشتہ نہیں ہوتا۔ اچھی خاصی شکل کے باوجود لوگوں کو پسند نہیں آتی۔ خود لڑکی کی اپنی طبیعت بھی گری گری رہتی ہے۔ مزاج میں چڑچڑاپن، اعصاب کمزور، غصہ کی زیادتی، بدن میں بالخصوص ٹانگوں میں درد، غلط قسم کے خواب وغیرہ وغیرہ۔ جب ایسی مریضہ کو عامل چیک کرے گا تو اس پر لازمی اثر آئے گا۔ عوام کے لیے کپڑے کی تشخیص کا طریقہ جولائی 2014ء کے شمارے میں تفصیل سے دیا گیا ہے، وہ وہاں سے دیکھ کر عمل کرلیں۔ عام اجازت ہے۔ اگر تشخیص پر جادو یا جنات کا اثر آئے تو اس کے مطابق لڑکی کا علاج کروائیں۔ ان شاءاللہ بندش ہٹ جائے گی۔

دوسری قسم کی بندش خطرناک اور مشکل سے ٹوٹتی ہے۔ اس بندش میں عامل اپنے جادو کے شیاطین کو لڑکی کے رشتہ کی بندش پر مسلط ضرور کرتا ہے مگر وہ لڑکی کے پاس نہیں آتے۔ دور دور رہتے ہیں۔ جب بھی کوئی رشتہ آتا ہے، اس رشتہ والوں کے اوپر مسلط ہو کر ان سے انکار کروا دیتے ہیں۔ بیشک وہ رشتہ والے لڑکی کو پسند کرکے اٹھے ہوں۔ اس بندش میں چونکہ شیاطین لڑکی کے پاس بھی نہیں آتے، اس لیے کپڑے پر بھی کوئی اثر نہیں آتا، علامات بھی کوئی نہیں ہوتیں۔ چھوٹے درجے کے عامل جب

چیک کرتے ہیں تو کوئی اثر محسوس نہیں ہوتا۔ وہ بھی کہہ دیتے ہیں کہ کوئی اثر نہیں ہے۔ جب بھی کپڑا چیک کیا جاتا ہے تو کوئی اثر نہیں آتا۔ خود مریضہ اور اس کے گھر والے بھی مطمئن ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کی بندش کی تشخیص ایک تجربہ کار عامل ہی کر سکتا ہے، جس کے پاس جنات کی قوت ہو۔ وہ اپنے کسی بھی جن کی ڈیوٹی لگاتا ہے اور وہ جن بھی دوسرے جادوگر کے بھیجے ہوئے شیطان کی طرح لڑکی کے گھر آنے والوں کو دور سے ہی دیکھتا رہتا ہے۔ پھر وہ ان رشتہ لانے والوں کے پیچھے جاتا ہے اور دیکھتا ہے کہ کون آ کر ان کو انکار کرواتا ہے اور پھر جب وہ شیطان ان کے گھر جاتا ہے اور انکار کرواتا ہے تو عامل کا جن اس کو دیکھ لیتا ہے یا پکڑ لیتا ہے اور پھر تشخیص ہوتی ہے کہ بندش لگی ہوئی ہے۔ اس معاملے میں لڑکی والے اپنے عامل کو بتاتے ہیں کہ فلاں وقت میں لڑکے والے دیکھنے آ رہے ہیں۔ عامل اپنے جن کو بھیج دیتا ہے۔ یہ تشخیص کرنا عوام کا کام نہیں۔ لیکن کچھ ایسا بھی تو ہونا چاہئے کہ دوسری قسم کی بندش عوام بھی پتہ کر سکے اور طریقہ بھی آسان سا ہو۔

نکاح نمبر کے لیے ہم عوام کی اس مشکل کو بھی حل کیے دیتے ہیں۔ ایک عمل جو عرصہ سے تجربے میں ہے اور اپنے روحانی وظائف کے بلاگ (Blog) میں بھی دیا ہوا ہے، وہ تحریر کر رہا ہوں تا کہ عوام بھی پتہ کر سکیں کہ حقیقت میں کوئی بندش بھی ہے یا نہیں؟ وہ عمل یہ ہے:

دو رکعت نماز حاجت سونے سے قبل پڑھیں۔ سلام پھیر کر اول و آخر گیارہ بار درود شریف اور آٹھ سو بارہ (812) مرتبہ ''یَا خَبِیْرُ'' پڑھ کر دعا کریں۔ یہ عمل تین سے سات راتیں لگاتار کریں۔ بہتر ہے کہ شبِ بدھ کو شروع کریں۔ عمل پڑھنے کے بعد بات نہیں کرنی، سو جانا ہے۔ جب تک نیند نہ آئے، اپنے سوال کے تصور میں ''یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ'' پڑھتے رہنا ہے۔ ان شاء اللہ خواب میں واضح رہنمائی ہوگی۔

نوٹ: مقصد بتا کر اجازت لے کر عمل کریں۔

نظر بد کی تشخیص اور علاج کا عمل

اس عمل سے نظر بد کی تشخیص بھی ہوتی ہے اور علاج بھی۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ سات ثابت لال مرچیں لی جائیں۔ ایک مرچ پر درج ذیل آیت سات بار پڑھ کر دم کی جائے۔ اگر مریض پاس ہو تو اس پر بھی ساتھ ہی دم کر دیا جائے۔ اسی طرح ساتوں لال مرچوں پر دم کیا جائے۔ کل انچاس (49) مرتبہ آیت پڑھی جائے گی۔ پھر مریض کو لٹا کر اس پر سے سات چکر (گھڑی کی الٹی سمت میں) دے کر ساتوں مرچوں کو چولہے پر رکھ کر جلائیں۔ نظر بد ہونے کی صورت میں مرچوں سے دھسک نہیں آئے گی یا کم آئے گی۔ روزانہ عمل کریں یہاں تک کہ دھسک آنا شروع ہو جائے۔ چاہے جتنے دن لگ جائیں۔ آیت یہ ہے:

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

(القلم: ۵۱-۵۲)

نوٹ مرچیں ثابت لیں۔ خالی نہ ہوں اور نہ ہی کوئی سوراخ ہو۔ پہلے سات لال مرچوں کو بغیر دم کئے چولہے پر رکھ کر جلا کر دیکھ لیں کہ دھسک کیسی ہوتی ہے؟

خلاصہ کلام

جب بھی رشتہ میں کوئی مسئلہ درپیش آئے، دیر نہ کریں اور فوراً روحانی تشخیص کریں۔ سب سے پہلے نظرِ بد کی تشخیص کریں۔ پھر جادو اور جنات کی کپڑے والی تشخیص کریں۔ جو نتیجہ آئے، اس کے مطابق علاج کریں یا کروائیں۔ جب اثرات دور ہو جائیں تو رشتہ ہونے کی دنیوی تدابیر بھی تیز کر دیں اور اس وقت رشتہ ہونے کے وظائف شروع کریں۔ اگر پھر بھی معاملہ حل نہ ہو رہا ہو اور رکاوٹیں آ رہی ہوں تو خواب والے عمل کے ذریعے اللہ جل جلالہٗ سے معلوم کریں کہ کیوں رکاوٹیں آ رہی ہیں؟ اگر جادو یا جنات کا معاملہ نکلے تو کسی اچھے عامل سے علاج کروائیں کیونکہ دوسری قسم کی بندش کا علاج عامل ہی کر سکتا ہے۔ خود سے کوشش نہ کریں۔ تجربہ ہے کہ زیادہ تر ناکامی دیکھنے میں آتی ہے۔ بیشک اللہ جل جلالہٗ کے لیے ہر کام ممکن ہے مگر کچھ اصول و ضوابط بھی ہوتے ہیں۔ ان کو بھی مدِ نظر رکھنا ضروری ہے۔

استاذ العاملین، عامل کامل، استاذِ مکرم حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم کے نکاح اور رشتہ کے لیے مجرب اعمال.........

مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

رشتہ کے لئے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو، منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو، سرے سے کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو یا اگر رشتہ آتا ہو تو کوئی بھی بات طے نہ ہوتی ہو، رشتے والے ناپسند کر کے چلے جاتے ہیں تو ایسی صورت میں بھی سورۂ فاتحہ کی تلاوت اس مشکل سے نجات دلاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے اور سورۂ فاتحہ کی برکت سے دلی مراد جلد ہی پوری ہو جاتی ہے۔ چنانچہ جو کوئی یہ چاہے کہ کسی اچھی اور نیک جگہ پر اس کا نکاح ہو جائے اور اس معاملے میں اسے کامیابی نصیب ہو، اس کا گھر بس جائے تو اسے چاہئے کہ وہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد کسی سے کلام نہ کرے۔ چالیس یوم تک ہر روز بلا ناغہ ایک سو مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور کوئی اچھا اور نیک رشتہ آ جائے گا۔

اگر بالفرض چالیس یوم تک مقصد پورا نہ ہو تو مایوس نہ ہو، اس عمل کو مزید چالیس یوم تک جاری رکھے۔ بفضل باری تعالیٰ ضرور مقصد میں کامیابی ہوگی اور جلد ہی کسی اچھی جگہ نکاح ہو جائے گا اور اچھے طریقے سے شادی کا مرحلہ کامیابی کے ساتھ طے پا جائے گا۔

................*........*

برائے پیغام نکاح

جس لڑکی کے رشتے نہ آتے ہوں اس کی کمر میں یہ نقش لکھ کر باندھیں۔ نقش کمر پر رہنا چاہئے۔ گرہ آگے لگائیں۔ چار ماہ کے اندر اندر ان شاء اللہ پیغام موصول ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ص	ط	ع	ر	ک
ک	ص	ط	ح	ف
ق	ک	ص	ط	ع
ح	ل	ی	ص	ع
ط	ف	ی	ع	ع

برائے شادی فلاں بنت فلاں

................*........*

جلد شادی کے لیے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، وہ نوچندی جمعرات کو صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے کے درمیان ۴۱ مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر اپنی شادی کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ بہت جلد پیغام آئے گا اور شادی طے ہو جائے گی۔ یہ عمل بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔

................*........*

شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو تو جمعہ کے دن بوقت اشراق ۴ رکعت نفل ادا کرنے کے بعد ۲۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، اول و آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر سجدے میں جا کر اپنی شادی کی دعا کرے۔ اس عمل کو ۷ جمعوں تک جاری رکھے۔ ان شاء اللہ اسی دوران

شادی کی بات کسی بہتر جگہ پکی ہوجائے گی۔

لڑکیوں کی شادی کا عمل

مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر اس پر سورۃ احزاب (پارہ ۲۱) پڑھ کر دم کر لیں اور اس نقش کے نیچے لڑکی اور اس کی ماں کا نام لکھ دیں۔ اس کے بعد اس نقش کو لڑکی کی صندوقچی میں رکھ کر اس میں تالا لگا دیں اور چابیاں دریا و نہر یا سمندر میں پھینک دیں۔ پھر اس صندوقچی کو کپڑوں کے بکس میں رکھ دیں۔ چند ماہ میں ان شاء اللہ پیغام آنے شروع ہوجائیں گے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸۸۸۱۴	۸۸۸۱۷	۸۸۸۲۰	۸۸۸۰۷
۸۸۸۱۹	۸۸۸۰۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۱۸
۸۸۸۰۹	۸۸۸۲۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۱۲
۸۸۸۱۶	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۲۱

برائے شادی فلاں بنت فلاں

جلد شادی کے لئے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو ہر فرض نماز کے بعد ۳ مرتبہ سورۃ مزّمل کی تلاوت کرے اور اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ بہت جلد شادی طے ہوجائے گی۔ اس عمل کو لگاتار ۴۰ دن کرنے کے بعد اللہ کی رحمت کا انتظار کرے۔

گھر والوں کو پسند کے رشتہ کے لیے راضی کرنا

اگر کوئی شخص کسی جگہ پر نکاح کرنے کا خواہش مند ہو، گھر میں سے کوئی اس رشتہ سے راضی ہو اور کوئی ناراض ہو تو ایسی صورت میں سب گھر والوں کو راضی کرنے کی غرض سے ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے، کسی سے کوئی کلام نہ کرے اور ایک سو پچیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور جس جگہ چاہتا ہے، اس کی شادی ہوجائے گی۔ اگر ہر روز ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی گھر والوں کو کسی طرح سے پلا دیا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ جلدی مقصد پورا ہوجائے گا۔

نکاح کے لیے راضی کرنا

اگر کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کے لیے راضی کرنا چاہتا ہو اور وہ نکاح کے لئے راضی نہ ہو تو اس کو راضی کرنے کے لئے یہ عمل کریں کہ کسی خشک میٹھی چیز پر، جس کے خراب ہونے کا اندیشہ نہ ہو جیسے چینی اور شکر وغیرہ، سات دن تک لگاتار روزانہ سات مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھیں، ۲۱ مرتبہ سورۃ شمس اور سات مرتبہ سورۃ نباء (عم یتساءلون) پڑھیں اور مٹھائی پر دم کر دیں اور ایک مرتبہ یہ بھی لکھیں فلاں بنت فلاں فلاں ابن فلاں کے نکاح کے لئے راضی ہوجائے۔ اس عمل کے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ سات دن کے بعد وہ میٹھی چیز مطلوب کو دو چار مرتبہ کسی طرح کھلا دیں یا شربت وغیرہ میں ڈال کر پلا دیں۔ ان شاء اللہ نکاح کے لئے وہ رضامند ہوجائے گی۔ اس طرح کے عمل جب کرنے چاہئیں جب اپنا ارادہ نیک ہو اور اس عورت سے نکاح کرنا عقلاً ممکن ہو۔

A Real Threat To Whole Society

جس معاشرے میں شادی میں مشکلات ہوں وہاں زنا عام ہوجاتا ہے۔

رشتہ اور شادی ہونے کی ایک خاص دعا

مرتب: محمد عارف

اللھم أنی أرید أن أتزوج فقدر لی من الرجال من ھم اعف و احفظھم لی فی نفسی و مالی و اوسعھم رزقا و اعظمھم برکة و قدر لی ولدا طیبا تجعل له خلقا صالحا فی حیاتی و مماتی

اللھم زوجنی رجلا صالحا تقر به عینی و تقر بی عینه یا ذا الجلال و الاکرام

اللھم یا مسخر القوی للضعیف ومسخر الشیاطین والجن والریح لنبینا سلیمان ومسخر الطیر والحدید لنبینا داود ومسخر النار لنبینا ابراھیم اللھم سخر لی زوجا یخافك یارب العالمین بحولك وقوتك وعزتك وقدرتك انت القادر علی ذلك وحدك لا شریك لك اللھم یا حنان یا منان یا ذا الجلال والاکرام یا بدیع السماوات والارض یا حی یا قیوم

اللھم انی اسألك بخوفی من ان اقع بالحرام وبحفظی لجوارحی واسألك یارب بصالح اعمالی ان ترزقنی زوجا صالحا یعیننی فی امور دینی ودنیای فانك علی کل شی قدیر

اللھم اغفر ذنبی واحصن فرجی وطھر قلبی اللھم ارزقنی بالزوج الذی ھو خیر لی وأنا خیر له فی دیننا ودنیانا ومعاشنا وعاقبة أمرنا عاجله وآجله

اللھم انی اعوذ بك من بواری وتأخر زواجی وبطئه وقعودی واسالك ان ترزقنی خیراً مما استحق من الزوج ومما آمل وان تقنعه وأھله بی وتقنعنی واھلی به

اللھم زدنی قرباً إلیك..اللھم زدنی قرباً إلیك..اللھم زدنی قرباً إلیك

اللھم اجعلنی من الصابرین اللھم اجعلنی من الشاکرین

اللھم اجعلنی فی عینی صغیرا وفی أعین الناس کبیرا

اللھم یا دلیل الحائرین ویا رجاء القاصدین یا کاشف الھم ویا فارج الغم اللھم زوجنا واغننا بحلالك عن حرامك یا الله یا کریم یا رب العرش المجید أرحمنا برحمتك یا أرحم الراحمین اللھم أنی أسألك بأسمك العلیم أنك عالم بحالی فبرحمتك یارب یارب یارب زوجنی برجل صالح یستر علی ویکون قرت عین لی وأکون قرت عین له یارب یارب یارب

اللھم انی أسألك بأسمك الأعظم الذی إذا سالك به احد اجبتة واذا أستغاثك به احد اغثتة وأذا أستنصرك به احد أستنصرته ان تزوجنی یا رب یا رب یارب یا أرحم الراحمین یا أرحم الراحمین یا أرحم الراحمین یا ذا الجلال والإکرام یا ذا الجلال والإکرام یا ذا الجلال والإکرام۔

محسن الملت، استاذ العالمین
سرپرست اعلیٰ ہاشمی روحانی مرکز دیوبند

حضرت مولانا سید حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی

ایڈیٹر ماہنامہ طلسماتی دنیا کی دیوبند (انڈیا)
کی اصل کتب کی فوٹوسٹیٹ دستیاب ہیں

نمبر	کتاب	نمبر	کتاب	نمبر	کتاب
1	علم الاسرار......قیمت: 250	9	بچوں کے نام رکھنے کا فن......قیمت: 370	17	بسم اللہ کی عظمت وافادیت......قیمت: 240
2	اعداد بولتے ہیں......قیمت: 440	10	اعداد کی دنیا......قیمت: 300	18	سورۃ فاتحہ کی عظمت وافادیت......قیمت: 250
3	تعلقات اعداد......قیمت: 250	11	اعمال ناسوتی......قیمت: 220	19	سورۃ یٰسین کی عظمت وافادیت......قیمت: 150
4	اعمال حزب البحر......قیمت: 190	12	مجموعہ آیاتِ قرآنی......قیمت: 190	20	سورۃ رحمٰن کی عظمت وافادیت......قیمت: 250
5	اسماء حسنیٰ کے ذریعے علاج......قیمت: 900	13	تحفۃ العالمین......قیمت: 550	21	آیۃ الکرسی کی عظمت وافادیت......قیمت: 150
6	اذان بت کدہ......قیمت: 480	14	علم الحروف......قیمت: 365	22	سورۃ مزمل کی عظمت وافادیت......قیمت: 240
7	اعداد کا جادو......قیمت: 250	15	کشکول عملیات......قیمت: 440	23	جانوروں کے طبی اور روحانی فائدے......قیمت: 240
8	کرشمۂ اعداد......قیمت: 200	16	پتھروں کی خصوصیات......قیمت: 300	24	مشکلات کا روحانی حل......قیمت: 270

طلسماتی دنیا کے درج ذیل خاص نمبرز کی فوٹوسٹیٹ آج ہی حاصل کریں

جنات نمبر
قیمت: 500

شیطان نمبر
قیمت: 500

جادو ٹونا نمبر
قیمت: 550

روحانی ڈاک نمبر
قیمت: 450

حاضرات نمبر
قیمت: 550

خاص نمبر (پُراسرار تحریریں)
قیمت: 500

ہمزاد نمبر
قیمت: 550

امراض جسمانی نمبر
قیمت: 550

موکلات نمبر
قیمت: 550

عملیات محبت نمبر
قیمت: 600

روحانی مسائل نمبر
قیمت: 500

استخارہ نمبر
قیمت: 500

اعمال شر نمبر
قیمت: 550

درود وسلام نمبر
قیمت: 500

مجرب عملیات نمبر
قیمت: 550

علمِ جفر نمبر
قیمت: 500

دستِ غیب نمبر
قیمت: 550

امراض روحانی نمبر
قیمت: 550

رداعتراضات نمبر
قیمت: 500

خوفناک واقعات نمبر
قیمت: 500

ماہنامہ طلسماتی دنیا (انڈیا) کا مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی اور ستمبر 2014ء کا ہر شمارہ (فوٹوسٹیٹ) آج ہی حاصل کریں
قیمت فی شمارہ: 180
(علاوہ ڈاک خرچ)

ماہنامہ طلسماتی دنیا (انڈیا) کی سابقہ درج ذیل مکمل جلدیں (7,12,14,15,16,17) دستیاب ہیں جو کہ شائقین علوم روحانیہ کے لئے ایک گرانقدر مخفی گنجینہ ہیں۔

رابطہ: المکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ
042-35033371, 0322-4773786, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

آلۂ یکسوئی

آلہ یکسوئی خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطے پر مرکوز کردیتا ہے اور انسان کے اندر غیب میں دیکھنے والی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے۔ عملیات میں یقینی کامیابی کے لیے آج ہی آلہ یکسوئی طلب فرمائیں۔

0332-4487877 قیمت 800 علاوہ ڈاک خرچ

عطر حفاظت

''عطر حفاظت'' کو لگانے سے جنات، جادو، شیاطین، نظر بد، حاسد کے شر، ناگہانی آفات ومصائب، زمینی و آسمانی حادثات وغیرہ سے ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔ عاملین حضرات کے لئے خاص تحفہ ہے۔

رابطہ: 0332-4487877 قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عطر حاضری

مسلط جنات و آسیب کو مریض کے اندر حاضر کرنے کے لئے خاص دم کیا ہوا عطر ہے۔ اس کے استعمال سے ان شاء اللہ، بہت جلد تنگ کرنے والی مخلوق مریض کے اندر حاضر ہو جائے گی۔

رابطہ: 0332-4487877 قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عاملین کے لیے زعفرانی تعویذات

خالص زعفران سے لکھے ہوئے خاص پُر اثر تعویذات، ان عاملین کے لیے جو یہ تعویذات نہیں لکھ سکتے، ان کی آسانی کے لیے ادارے نے لکھوائے ہیں مختصر تفصیل یہ ہے:

پلانے والے تعویذ (روغنی کاغذ پر): سورۂ مزمل، سورۂ جن، سورۂ یٰسین

باندھنے والے تعویذ (ٹریسنگ پیپر پر): سورۂ یٰسین، سورۂ یوسف، سورۂ احزاب

گھر میں رکھنے والے تعویذ (سفید کاغذ پر): سورۂ مریم۔

اور بھی کئی طرح کے تعویذات ہیں۔ اپنی مرضی کے تعویذات لکھوانے کے لیے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطہ: 0332-4487877

آبِ شفاء

ہر جسمانی بیماری کے لئے مفید۔ لا علاج اور جان لیوا امراض میں مبتلا مریضوں کے لئے نوید شفاء ہے۔ فی بوتل 50 روپے۔

رابطہ: 0332-4487877

روحانی پھکی

معدہ کے امراض، خاص کر جادو اور جنات کے مریضوں کے معدہ کے امراض اور ہر قسم کی بیماری کے لیے مفید ہے۔

قیمت فی ڈبی 30 روپے۔ رابطہ: 0332-4487877

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور

تعویزِ خیر و برکت

ھدیہ 750 روپے

جس جگہ پر لگایا جاتا ہے، وہاں خیر و برکت ہوتی ہے، نحوست کے اثرات دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں، شیاطین جگہ چھوڑ دیتے ہیں، جادو اور جنات سے نجات میں بھرپور معاونت ہوگی، ہر طرح کی نقصان دہ غیبی مخلوق اس جگہ آنے سے گھبراتی ہے، مختلف نقصانات ہونا بند یا کم ہو جائیں گے، آپس کے لڑائی جھگڑوں میں واضح کمی آئے گی، ہر وقت کسی نہ کسی کے بیمار رہنے والی علامت ختم ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رابطہ 0332-4487877

تعویزِ حفظِ جان

ہر قسم کی زمینی و آسمانی آفات و بلیات و حادثات سے حفاظت کا مجرب تعویذ۔ جنات کی کارستانیاں، جادو کی ستم ظریفیاں، نظرِ بد کے برے اثرات، اغوا، قتل، چوری، ڈکیتی، سفری حادثات، بم بلاسٹ، ایکسیڈنٹ، اندھی گولی کا نشانہ، حمل کی حفاظت، کاروبار و ملازمت کی حفاظت، کھیتی کی مکمل طور پر حفاظت۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ ھدیہ نام معہ والدہ کے اعداد کے برابر۔

رابطہ 0332-4487877

موذی خطرناک لاعلاج امراض کا علاج

عام مرض ہو یا سخت لاعلاج، نیا مرض ہو یا مدتوں پرانا، کینسر، امراض دل، ہیپاٹائٹس، ذیابیطس، جان لیوا امراض، ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہو۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔ گھر کے سب افراد استعمال کریں۔ جو مریض ہیں، وہ شفا پائیں اور جو نہیں، وہ ہر بڑے مرض سے تحفظ پائیں۔

40 روز کا کورس دیا جاتا ہے۔ ھدیہ فی کورس 2000 روپے۔

رابطہ 0332-4487877 ، 042-35033371

حیرت انگیز حافظہ

سات دن کا کورس ہے۔ جس قدر حافظہ کمزور ہوگا، اتنا علاج کرانا پڑے گا۔ علماء، طلبا، وکیل، ڈاکٹر اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔

مکمل ایک کورس کا ھدیہ 2450 روپے۔

رابطہ 0332-4487877 ، 042-35033371

غصہ کی زیادتی کا روحانی علاج

آج کے ٹینشن زدہ دور میں غصہ کی زیادتی ایک وبا بن گئی ہے۔ اس روحانی علاج سے غصہ اعتدال میں آجاتا ہے۔ ان شاء اللہ ایک کورس کا ھدیہ 900 روپے ہے۔

رابطہ 0332-4487877

روحانی وظائف

ہر انسان کسی نہ کسی مشکل میں مبتلا ہے یا اس کی کوئی حاجت ہے، جو پوری نہیں ہو پا رہی۔ دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کی طرف سے تمام پریشان حال افراد کے لیے انٹرنیٹ پر روحانی وظائف کا بلاگ بنایا گیا ہے، جس کا مقصد آسان اور مجرب وظائف دینا ہے تاکہ عوام اپنی آسانی سے کوئی بھی وظیفہ منتخب کر کے استفادہ کر سکے۔ ویب لنک درج ذیل ہے

ruhaniwazaif.blogspot.com

فون (دفتر): 042-35033371 موبائل (دفتر): 0315-4777677

darulamal.org/ruhanishop, info@darulamal.org

سوالنامہ

کیا آپ کی ازدواجی زندگی پختہ ہے؟

ترتیب وتلخیص: ڈاکٹر جاوید اقبال (القائم ہسپتال، راولپنڈی)

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''تم میں سے جو مرد و عورت بے نکاح ہوں ان کا نکاح کر دو اور اپنے نیک بخت غلام اور لونڈیوں کا بھی، اگر وہ فقیر و مفلس ہوں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا، اللہ تعالیٰ کشادگی والا اور علم والا ہے''۔ (سورۂ نور)

اسلام میں نکاح کا اولین مقصد نسل انسانی کی بقاء اور افزائش ہے ہمارے پیارے دین اسلام میں جنس کے ساتھ لطف اندوز ہونے کے ساتھ ساتھ افزائش نسل پر زور دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نکاح کو نسل انسانی کے تسلسل اور بقاء کا ایک ذریعہ بنایا ہے اور اس حقیقت کو قرآن پاک میں اس طرح بیان کیا ہے:

''اے لوگو اپنے رب سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک جان (آدمؑ) سے پیدا کیا اور عورتوں کو پھیلا دیا۔ اللہ سے ڈرو اور رحمی رشتوں کا لحاظ رکھو جس کے واسطے سے تم آپس میں ایک دوسرے سے اپنے حقوق کا مطالبہ کرتے ہو، بے شک اللہ تم پر نگہبان ہے''۔ (سورۃ النساء)

سورۃ النساء کی یہ آیت حضرت محمد ﷺ کے ہر خطبہ کا حصہ ہوا کرتی تھی، اس لیے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ رسمِ نکاح کو ایک دینی تقدس بھی حاصل ہے۔ اس کے علاوہ قرآن پاک میں سورہ البقرہ کے ذریعے جنسی تعلق کی اولین ترجمانی بھی کر دی گئی ہے جو کہ درج ذیل الفاظ میں اس عمل کی بھرپور رہنمائی کرتی ہے:

''تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں، تو تم انہی میں آؤ اور جس طرح چاہو اور (اس کے ذریعے) آگے (دین و دنیا کی بھلائی) کا سامان پیدا کرو''۔

مصر کے دارلحکومت قاہرہ میں مختلف دانشوروں کی ایک کانفرنس ہوئی جس کا موضوع ''شادی کے فوائد'' تھا، اس کانفرنس کے شرکاء ماہرین نے شادی کے حق میں مختلف دلائل دیئے اس کانفرنس کی رپورٹ کے مطابق شادی انسان کی فطری ضرورت ہے، شادی شُدہ افراد کی صحت غیر شادی شُدہ افراد کے مقابلے میں عموماً بہتر ہوتی ہے اور ۵۵ فیصد افراد میں خطرناک بیماریوں کی وجہ غیر شادی شُدہ ہونا یا طلاق کے بعد تنہا رہنا ہے۔ قاہرہ میں ادارہ معاشرتی علوم کے ماہر ڈاکٹر محسن العرفان کے مطابق ''شادی کرنے سے لوگ کئی نفسیاتی بیماریوں سے بچے رہتے ہیں، شادی شُدہ افراد بہترین اخلاقی صفات کے مالک ہوتے ہیں، شادی کرنا بذاتِ خُود نفسیاتی اور ذہنی صحت کی علامت ہے۔ شادی کرنے والا شخص رضا کارانہ طور پر فریقِ ثانی کو اپنی زندگی کا شریک بناتا ہے، اس طرح وہ خود غرضی سے دستبردار ہو کر ایک خاندان تشکیل دیتا ہے اور اسے خوش اور قائم رکھنے کی کوشش کرتا ہے''۔

ذیل میں سوالنامہ ترتیب دیا گیا ہے جس کی روشنی میں آپ اپنی ازدواجی زندگی کی پختگی اور خوشگواری کا اندازہ کر سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ ہر سوال کا جواب نیک نیتی سے دینا ہے تا کہ نتیجہ صحیح نکل سکے۔ یہ بات بھی واضح ہونی چاہیے کہ نتیجہ جو بھی نکلے، اس کی روشنی میں آپ اپنے آپ میں تبدیلی لا کر ازدواجی زندگی کو مزید پختہ اور خوشگوار بنا سکتے ہیں۔

نیز درج ذیل سوالنامے کی مدد سے یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ آپ اپنے جیون ساتھی سے کس حد تک محبت کرتے ہیں' اس سوالنامے کو امریکی ماہرِ ازدواجیات ڈاکٹر جون گوٹمین (John Gottman) نے ترتیب دیا ہے:

ا۔ مجھے اپنے جیون ساتھی کے قریبی ساتھیوں کے متعلق مکمل علم ہے۔
ہاں / نہیں

۲۔ مجھے اپنے جیون ساتھی کے موجودہ سٹریس سے متعلق پتہ ہے۔ ہاں / نہیں

۳۔ مجھے اپنے جیون ساتھی کے ایسے رشتہ داروں کے متعلق پتہ ہے جن کو وہ ناپسند کرتا/کرتی ہے۔ ہاں / نہیں

۴۔ مجھے اپنے جیون ساتھی کی زندگی کے مکمل و نامکمل سپنوں کا مکمل علم ہے۔
ہاں / نہیں

۵۔ مجھے اپنے جیون ساتھی کی زندگی گزارنے کے متعلق فلاسفی کا علم ہے۔
ہاں / نہیں

۶۔ میرا جیون ساتھی مجھے ہر دوسرے سے زیادہ خوبصورت سمجھتا/سمجھتی ہے۔ ہاں / نہیں

۷۔ جب ہم جدا ہوتے ہیں تو جدائی کے عالم میں ایک دوسرے کو بہت زیادہ مس (miss) کرتے ہیں۔ ہاں / نہیں

۸۔ میں عموماً اپنے جیون ساتھی کو پورے جوش و جذبہ سے پیار کرتا/کرتی ہوں۔ ہاں / نہیں

۹۔ میرا جیون ساتھی حقیقت میں میری بہت زیادہ عزت کرتا/کرتی ہے۔
ہاں / نہیں

۱۰۔ ہمارے تعلقات میں بہت زیادہ جذباتی لگاؤ ہے۔ ہاں / نہیں

۱۱۔ پیار و محبت کے جذبات اب بھی ہماری زندگی کا ویسا ہی حصہ ہیں جیسے کہ شادی کے شروع میں تھے۔ ہاں / نہیں

۱۲۔ میرا جیون ساتھی میرے ہر فعل کو پسند کرتا/کرتی ہے۔ ہاں / نہیں

۱۳۔ میرا جیون ساتھی میری شخصیت کو انتہائی پسند کرتا/کرتی ہے۔ ہاں / نہیں

۱۴۔ ہمارے ازدواجی تعلقات عموماً اطمینان بخش رہتے ہیں۔ ہاں / نہیں

۱۵۔ ہر روز جب میں گھر آتا ہوں تو میری بیوی مجھے دیکھ کر انتہائی خوشی کا اظہار کرتی ہے۔ ہاں / نہیں

۱۶۔ میرا جیون ساتھی میرے مخلص ترین دوستوں میں سے ایک ہے۔
ہاں / نہیں

۱۷۔ ہم ایک دوسرے سے گپ شپ کر کے انتہائی محظوظ ہوتے ہیں۔
ہاں / نہیں

۱۸۔ میرا جیون ساتھی اُس وقت بھی انتہائی توجہ و محبت سے میری بات سنتا/سنتی ہے جب ہم میں اتفاق رائے نہیں ہوتا۔ ہاں / نہیں

۱۹۔ میرا جیون ساتھی عموماً میرے مشکل کام میں ہاتھ بٹاتا/بٹاتی ہے۔
ہاں / نہیں

۲۰۔ ہم عموماً اپنے مشکل ترین کاموں کو بھی مل کر آسانی سے حل کر لیتے ہیں۔ ہاں / نہیں

نتائج:

اپنے ہر مثبت جواب (ہاں) کا ایک اسکور جمع کرتے جائیں۔ ایسے خواتین و حضرات جن کا ٹوٹل اسکور 12 یا 12 سے زائد ہے' ان کے تعلقات انتہائی شاندار ہیں جبکہ اس سے کم اسکور حاصل کرنے والے خواتین و حضرات کو اپنے تعلقات میں بہتری لانے کی ضرورت ہے۔

ڈاکٹر جاوید اقبال، القائم ہسپتال: سیٹلائٹ ٹاؤن: راولپنڈی

0333-5208186

....................*..........*..........*

رشتوں کی بندش ختم کرنے کے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

درج ذیل تمام اعمال کی عام اجازت ہے۔ شرط صرف اتنی ہے کہ ادارے کی کامیابی اور تمام اراکین و معاونین انس و جن کے لیے دعائے خیر کرتے رہیں۔

چالیس (۴۰) دن میں رشتوں کی بندش کھولنا

پیرِ طریقت حافظ قاری احسان اللہ صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر رشتوں کی بندش لگادی گئی ہواور لڑکا لڑکی بوڑھے ہورہے ہوں، جہاں بات چلتی ہے، انکار ہوجاتا ہے۔ اول تو رشتے آتے نہیں۔ اگر آتے ہیں تو واپسی جواب نہیں ملتا۔ ایسی صورت میں سورۃ التین (پ30) مکمل روزانہ باوضو ساٹھ (60) مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھیں۔ چالیس دن عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر کام ہوجائے گا۔ سورۃ التین یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالتِّيۡنِ وَالزَّيۡتُوۡنِۙ ﴿۱﴾ وَطُوۡرِ سِيۡنِيۡنَۙ ﴿۲﴾ وَهٰذَا الۡبَلَدِ الۡاَمِيۡنِۙ ﴿۳﴾ لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِىۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ ﴿۴﴾ ثُمَّ رَدَدۡنٰهُ اَسۡفَلَ سٰفِلِيۡنَۙ ﴿۵﴾ اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ اَجۡرٌ غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍؕ ﴿۶﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعۡدُ بِالدِّيۡنِؕ ﴿۷﴾ اَلَيۡسَ اللّٰهُ بِاَحۡكَمِ الۡحٰكِمِيۡنَ ﴿۸﴾

....................*..........*

اسی (۸۰) دن میں رشتوں کی بندش سے نجات

پیرِ طریقت حافظ قاری احسان اللہ صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ یہ عمل میرے پیرومرشد قاری دین محمد صاحب مدظلہ قلعہ قادر والا پنجاب کا عطیہ ہے۔ بعض لوگ حسد و بغض کے سبب رشتے کی بندش کروادیتے ہیں جس کے سبب اول تو رشتے آتے ہی نہیں ہیں اور اگر کوئی رشتہ آبھی گیا تو ہوتا نہیں ہے۔ لڑکے یا لڑکی بڑھاپے کو پہنچ جاتے ہیں۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور فوری کام کرنے والا ہے۔ اس عمل کی برکت سے بندش ٹوٹ جاتی ہے۔ یہ عمل اسی (80) دن کرنا ہے۔ عمل یہ ہے:

کسی دن بھی نمازِ فجر ادا کرکے اول اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے، اس کے بعد چالیس مرتبہ سورۃ الانشرح (آخر تک) پڑھے۔ اس کے بعد سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد پوری سورۃ) ستر (70) مرتبہ پڑھے۔ آخر میں اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر بندش دور ہونے کی دعا کرے۔ اس عمل کے ساتھ پیر اور جمعرات کے دن کچھ صدقہ خیرات بھی کرے۔

....................*..........*

رکی ہوئی شادی کیلئے وظیفہ

جن لڑکوں اور لڑکیوں کی شادیاں رک جاتی ہوں اور والدین کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہو یا منگنی ہوکر ٹوٹ جاتی ہو یا کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو یا رشتہ والے ناپسند کرتے ہوں یا رشتے کی بات ہی طے نہ ہوتی ہو تو ایسی صورتحال میں سورۂ مزمل کی تلاوت سے اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرنی چاہئے۔ رکی ہوئی شادی کو کھولنے کیلئے نمازِ فجر کے بعد چالیس دن تک اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل کو پڑھنا چاہئے اور اسی طرح عشاء کی نماز کے بعد بھی (سورۂ مزمل) کو اکتالیس مرتبہ پڑھنا چاہئے اگر چالیس دن کے اندر رشتہ طے پا جائے تو پڑھائی کو پورا کرنا چاہئے، اگر چالیس دن تک رشتہ طے نہ ہو تو اس کو دوبارہ کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے شادی کے مرحلہ کو پایہ تکمیل تک

پہنچادے گا۔آزمودہ ہے۔

....................*..........*..........*

شادی کی بندش یا رکاوٹ کا خاتمہ

جس شخص کی شادی نہ ہوتی ہو اور عملیات کے ذریعے کسی نے بندش یا رکاوٹ ڈال رکھی ہو وہ گیارہ جمعرات گیارہ ہزار بار ''یَاوَاجِدُ'' پڑھے اور نیک بیوی ملنے کی دعا کرے۔

....................*..........*..........*

لڑکیوں کے رشتے کی بندش ختم ہو

اگر کسی لڑکی کے بارے میں یہ محسوس ہو کہ اس کے رشتے کی بندش لگا دی گئی ہے اور اس کے پیغامات موصول نہیں ہو رہے ہوں یا بات چیت ہو کر ختم ہو جاتی ہو۔ایسی لڑکیوں کے لئے ایک مجرب عمل تحریر کیا جاتا ہے۔یہ عمل کئی ایسی لڑکیوں پر بھی آزمایا گیا۔جو کہ ایک عرصے سے شادی کے انتظار میں بیٹھی بوڑھی ہو رہی تھیں۔عمل یہ ہے:

عروج ماہ بروز جمعہ کو بعد نماز جمعہ 21 مرتبہ سورۂ جمعہ کو پڑھیں۔اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔اسی طرح اس عمل کو لگاتار تین جمعہ پڑھیں۔خدا نے چاہا تو رشتے آنے شروع ہو جائیں گے۔اگر یہ عمل لڑکی خود نہ پڑھ سکے تو اس کے والدین یا بھائی بہن بھی کر سکتے ہیں۔ہر جمعہ پڑھائی کا ایک وقت مقرر ہونا چاہئے اور تصور یہ رکھیں کہ رشتے آ رہے ہیں۔ان شاءاللہ ایک ماہ کے اندر اندر لڑکی کی شادی ہو جائے گی۔

....................*..........*

شادی کی رکاوٹ دور

اگر کسی کی شادی کسی ناگہانی وجہ سے بار بار ملتوی ہو جاتی ہو اور اس رکاوٹ کے دور ہونے کی کوئی امید بر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔اس کے لئے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ، سورۃ الانشراح سات بار اور آیات کفایہ ساٹھ مرتبہ پڑھ کر سجدے میں گر کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ان شاءاللہ سات یا گیارہ یوم کے عمل سے رکاوٹ بفضل باری تعالیٰ دور ہو جائے گی اور شادی ہو جائے گی۔

آیات کفایہ یہ ہیں:

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا (نسآء:۴۵)

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا (نسآء:۴۵)

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا (احزاب:۳۹)

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا (نسآء:۷۰)

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا (رعد:۴۳)

....................*..........*..........*

رکے ہوئے رشتہ کا حل

جن لڑکے اور لڑکیوں کی شادیاں رک جاتی ہیں۔والدین کیلئے بڑی پریشانی کا باعث بنتی ہیں۔ایسی رکی ہوئی شادیوں کی راہ کھولنے کے لئے عصر کی نماز کے بعد (سورۂ یٰسین) کو لڑکا یا لڑکی خود تین مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد تین تسبیح (یااللہ یا فتاح) کی کریں۔اگر لڑکا یا لڑکی خود نہ پڑھ سکیں تو اس کا والد یا پھر والدہ میں سے کوئی ایک اس وظیفہ کو پڑھ لے اور اس وظیفہ کو گیارہ دن تک کرے تو اللہ تعالیٰ شادی کی راہ کو کھول دے گا۔اول و آخر حسب ذیل درود شریف تین تین بار پڑھیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا فِيْ جَمِيْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَ صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

پڑھائی کو مکمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور رکی ہوئی شادی کیلئے دعا کریں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے رکے ہوئے رشتے یا شادی کے مسئلے کو حل فرما دے گا۔

....................*..........*..........*

بندش رشتہ

بعض ظالم دشمن دوسروں کو پریشان کرنے کی غرض سے بچی یا بچے کا رشتہ باندھ دیتے ہیں جس کی وجہ سے بچی یا بچے کا کسی بھی جگہ پر رشتہ طے نہیں ہوتا۔ اچھی بھلی شکل وصورت رکھنے والی لڑکیاں بھی اس بندش کے باعث گھروں میں بیٹھی رہ جاتی ہیں اس بندش کے خاتمے کی غرض سے بچی کے گھر والوں میں سے کسی کو چاہئے کہ سورۃ یٰسین کو ظہر کی نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد 313 مرتبہ "یَالَطِیْفُ یَاحَلِیْمُ" کا ورد کرے اور اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ہر روز پڑھائی کے بعد دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ اس دعا کو شرف قبولیت بخشے گا اور پڑھائی کرنے والا بیٹی کے فرض سے احسن طریقے سے سبک دوش ہو جائے گا۔ اس عمل کو چالیس یوم تک کریں نہایت مجرب اور آزمودہ عمل ہے۔

..................*.........*

شادی کی رکاوٹیں ختم ہوں

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا شادی کی بات بن کر ٹوٹ جاتی ہو یا بالکل رشتہ ہی نہ آتا ہو یا آتا ہو تو ایک مرتبہ آکر دوبارہ نہ آتے ہوں تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل تعویذ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکے یا لڑکی کے گلے میں باندھ دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں ختم ہو کر رشتہ ہو جائے گا۔

وہ تعویذ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَّیَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِیْزًا۔ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ۔ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ۔ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا

..................*.........*

رشتہ طے ہونے کے لیے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

درج ذیل تمام اعمال کی عام اجازت ہے۔ شرط صرف اتنی ہے کہ ادارے کی کامیابی اور تمام اراکین و معاونین انس و جن کے لیے دعائے خیر کرتے رہیں۔

ستر (۷۰) دن میں رشتہ ہونے کا عمل

پیر طریقت حافظ قاری احسان اللہ صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ اکثر والدین لڑکی یا لڑکے کے رشتہ کے لیے پریشان رہتے ہیں۔ آسانی کے ساتھ رشتہ ہونے کے لیے لڑکے یا لڑکی کی والدہ یا والد (اگر خدانخواستہ والدین نہ ہوں تو لڑکی خود یا لڑکا خود بھی یہ عمل کرسکتا ہے۔ اس کے علاوہ بہن بھائی یا کوئی دوست رشتہ دار بھی کرسکتا ہے) بعد نمازِ عشاء، اول دو رکعت نماز نفل صلوۃ الحاجت پڑھے۔ اس کے بعد اول ستر مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد سات سو مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھے۔ اس کے بعد ستر مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ستر (۷۰) دن کے اندر رشتہ ہو جائے گا۔

....................*..........*

وظیفہ برائے رشتہ

اگر کسی شخص کی بیٹی تعلیمی لحاظ سے اور جسمانی صحت کے اعتبار سے انتہائی مناسب ہو اور وہ بچی کی حیثیت کے مطابق رشتے کا خواہاں ہو اور جس قدر رشتوں کا پیغام آیا ہو وہ بچی کی معقولیت سے مناسبت نہ رکھتے ہوں تو والدین میں سے کسی کو چاہئے کہ (سورۂ مریم) کو ظہر کی نماز کے بعد تین پڑھے اور اس کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ "یَا لَطِیْفُ یَا حَلِیْمُ" کا ورد کرے، اول و آخر سات سات مرتبہ حسب ذیل درود شریف پڑھے۔ ہر روز پڑھائی کے بعد دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو شرف قبولیت بخشے گا اور پڑھائی کرنے والا بیٹی کے فرض سے احسن طریقے سے سبکدوش ہو جائے گا۔ اس عمل کو چالیس یوم تک کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رَسُوْلِكَ الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

....................*..........*

شادی کے لئے

اکثر لڑکے لڑکیوں کے رشتے طے ہو کر ٹوٹ جاتے ہیں۔ کہیں بات بن کر بگڑ جاتی ہے۔ کہیں رشتے تو بہت آتے ہیں لیکن پلٹ کر واپس نہیں آتے۔ یہ عمل شادی کے لئے بہت مؤثر اور کارآمد ہے۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتہ ہو جائے گا۔ وہ عمل یہ ہے۔

بدھ کے دن سورۂ یوسف (پ 12) بعد نماز ظہر اور بعد نماز عصر کے سورۂ احزاب (پارہ 21) کی تلاوت کریں۔ لگاتار چالیس دن یہ عمل کریں۔ گویا پانچ بدھ تک یہ عمل جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کسی بھی جگہ رشتے کی بات بن جائے گی۔

....................*..........*

لڑکی کی شادی کیلئے

بعض والدین اپنی بیٹی کی شادی کے مسئلے پر سخت پریشان ہوتے ہیں۔ کوئی مناسب طرح کا رشتہ انہیں نہیں ملتا یا سرے سے کوئی رشتہ آتا ہی

نہیں۔ ایسے والدین جو یہ چاہتے ہوں کہ ان کی بیٹی کا رشتہ کسی اچھی جگہ پر اور جلد سے جلد ہو جائے تو اس مقصد کے لیے لڑکی یا اس کے والدین میں سے کوئی ایک نماز عشاء کے بعد یا نماز تہجد کی دو رکعت نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں ''سورۂ فاتحہ'' کے بعد ''سورۂ یٰسین'' پڑھے۔ نماز مکمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرنے سے جلد ہی لڑکی کا نصیب کھل جائے گا اور اس کا کسی اچھی جگہ رشتہ طے ہو جائے گا۔ اگر کسی کو سورۂ یٰسین زبانی یاد نہ ہو تو وہ اس سورۂ کی کم از کم تین آیات مبارکہ یاد کر لے اور دو رکعت نفل نماز میں ''سورۂ فاتحہ'' کے بعد پڑھے۔ پھر جب نماز مکمل کر لے تو سلام پھیرنے کے بعد دیکھ کر دو مرتبہ ''سورۂ یٰسین'' پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا۔

....................*..........*

وظیفہ برائے رشتہ

والدین کے لئے بچوں کی شادیاں کرنا بڑا اہم مسئلہ ہے، اگر کسی نوجوان بیٹی کی شادی جلد کرنا ہو تو عصر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ ''سورۃ البلد'' پڑھی جائے اور اس کے بعد سات سو مرتبہ ''یَا لَطِیْفُ'' کا ورد کیا جائے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھا جائے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور بیٹی کے رشتہ کے بارے میں دعا کی جائے، ان شاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور مقصد پورا ہو جائے گا۔

....................*..........*

اچھے رشتہ کیلئے آسان عمل

عشاء کی نماز کے بعد 70 مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

....................*..........*

لڑکی کا رشتہ ہونے کے لیے

جس لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو وہ روزانہ گیارہ بار نکاح کے دن تک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ زَوْجًا صَالِحًا مُوَافِقًا غَیْرَ مُخَالِفٍ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

....................*..........*

نیک اور عابدہ بیوی ملنے کا عمل

اگر کوئی شخص صاحب تقویٰ ہو اور وہ انتہائی نیک عورت سے شادی کرنے کا خواہاں ہو مگر کوشش کے باوجود اسے نیک بیوی نہ ملتی ہو تو اسے چاہئے کہ گیارہ جمعرات عشاء کی نماز کے بعد کسی ولی کامل کے مزار پر بیٹھ کر ''سورۂ یٰسین'' کو گیارہ یوم تک روزانہ تین مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد ''یارحیم یا کریم'' کا سات سو مرتبہ ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نیک اور عابدہ عورت سے رشتہ طے ہو جائے گا۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

....................*..........*

ایک ماہ میں لڑکی کا رشتہ ہونے کا عمل

پیر طریقت حافظ قاری احسان اللہ صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کسی کی لڑکی کنواری ہو اور کوئی شخص اس سے نسبت اور شادی کا پیغام نہ دیتا ہو، اس کے لئے اول وضو کرے اور دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو بار ''یَا لَطِیْفُ'' پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے رشتہ ہونے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر مراد پوری ہوگی۔

....................*..........*

برائے نکاح دختر

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، یا بار بار منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو، تو ایسے میں ذیل کا عمل نہایت نافع ہے۔ جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ دو رکعت نماز نفل بہ نیت شادی لڑکی پڑھے۔ پھر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار ''سورۃ الانشراح'' پڑھے اور سجدے میں جا کر ''سورۃ الانشراح'' کے صدقے سے اللہ کے حضور دعا کرے۔ چند جمعہ اس عمل سے ان شاء اللہ لڑکی کی شادی حسب منشا ہو جائے گی۔

....................*..........*

جلد شادی کے لئے

جس کسی کے بچے یا بچی کی شادی کے معاملہ میں بے جا تاخیر اور رکاوٹیں پڑ جاتی ہوں اور معاملہ کھٹائی میں رہتا ہو، اس کی خواہش اس فرض سے جلد عہدہ برآ ہونے کی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء پاک صاف کپڑے پہن کر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ ''سورۃ الانشراح'' اول وآخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگیں۔ان شاء اللہ چند دن کے عمل سے یہ رکاوٹ دور ہو جائے گی اور شادی بخیر وخوبی انجام پائے گی۔

....................*..........*..........*

جلد شادی کیلئے

جس لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو، والدین اس مسئلے پر سخت پریشان ہوں یا کہیں رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جاتا ہو یا سرے سے رشتہ ہی نہ ہوتا ہو تو چاہئے کہ رات کو نماز عشاء کے بعد پاک صاف کپڑے پہن کر قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور ایک یا تین افراد مل کر اکتالیس بار ''سورۂ یٰسین'' پڑھیں۔اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھیں۔''سورۂ یٰسین'' پڑھنے کے بعد آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ کسی اچھی جگہ پر رشتہ طے ہو جائے۔اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

....................*..........*..........*

لڑکے لڑکیوں کی شادی کا عمل

بعض مرتبہ کچھ مجبوریوں کے سبب بہت سے لڑکے اور لڑکیاں کنوارے رہ جاتے ہیں۔ان کی شادی میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں۔اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔شادی کے لئے ہر بدھ کو یا ہر جمعہ کے دن بعد نماز عصر باوضو ''سورۂ یوسف'' (پ 12) کی تلاوت کرے۔لڑکا یا لڑکی خود پڑھ لے یا گھر کا کوئی فرد پڑھ لے۔یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی کوئی مناسب رشتہ ہو جائے گا۔

....................*..........*..........*

لڑکے لڑکی کی شادی

گزشتہ دور میں لڑکے لڑکی کی شادی کوئی مسئلہ نہ تھا کیونکہ خاندان میں باہمی طور پر خاندان میں شادیاں ہوتی تھیں لیکن اب جبکہ لڑکیاں تعلیم میں بہت آگے جا چکی ہیں، رشتہ کے لئے ڈاکٹر، انجینئر یا دولت مند افراد کی تلاش میں لڑکیاں شادی کی عمر سے بہت آگے نکل جاتی ہیں اور ان کے چہرے کے نقوش بھی ماند پڑ جاتے ہیں۔

اس کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ بالغ ہوتے ہی لڑکی کا رشتہ کر دیا جائے۔شادی کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے۔

اول ایک لاکھ پچیس ہزار بار آیت کریمہ کا ختم کیا جائے، بہت سے لوگ مل کر پڑھ لیں یا ایک ہی فرد تھوڑا تھوڑا کر کے مکمل کر لے۔دونوں طرح درست ہے۔پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب بھی پڑھنے بیٹھیں باوضو ہوں۔الفاظ صحیح ادا کریں، تعداد صحیح ہو اور آیت کریمہ شروع کرنے سے قبل اور بعد، ہر شخص نماز والا درود شریف گیارہ بار پڑھے۔پہلے دن جتنی مقدار میں پڑھا ہے اس کو کسی کاغذ پر لکھ لیں، جب تعداد ایک لاکھ پچیس ہزار ہو جائے تو پڑھنا ختم کر دیں۔ایک لاکھ پچیس ہزار سے تعداد زیادہ ہو اور نہ کم ہو بلکہ پوری تعداد ہو۔

جب سوا لاکھ مرتبہ آیت کریمہ کی تعداد مکمل ہو جائے تو اس کے بعد سوا لاکھ مرتبہ (ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ) **''یَالَطِیْفُ''** کا ختم کریں۔چند افراد مل کر پڑھ لیں یا ایک ہی شخص (مرد ہو یا عورت) پڑھ لے۔جب بھی پڑھنا شروع کرے اول درود شریف گیارہ بار پڑھے۔اس کے بعد **''یَالَطِیْفُ''** پڑھنا شروع کرے اور جب پڑھنا ختم کرے گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔جب سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جائے پھر لڑکا یا لڑکی خود یا گھر کا کوئی بھی فرد روزانہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ سو بار **''یَالَطِیْفُ''** پڑھے۔پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔یہ عمل اس وقت تک کرے جب تک شادی مکمل نہ ہو جائے۔ان شاء اللہ تعالیٰ جلد شادی ہو جائے گی۔

دوسری شادی ہونے کے لئے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دار العمل چشتیہ، لاہور

درج ذیل تین اعمال کی عام اجازت ہے۔ شرط صرف اتنی ہے کہ ادارے کی کامیابی اور تمام اراکین و معاونین انس و جن کے لیے دعائے خیر کرتے رہیں۔

رنڈوے کی دوسری شادی کے لیے

رنڈوے کی دوسری شادی کے لیے اکتالیس دن تک روزانہ 12400 بار "یَامُعِیْدُ" پڑھے۔

....................*..........*

سورۂ مزمل کا خاص وظیفہ

چاند کی پہلی شب سے لگاتار سات شب تک روزانہ اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ ساتویں روز کچھ شیرینی پکا کر غریبوں میں بانٹ دیں۔

ان شاء اللہ، ایک ہفتہ کا عمل کافی ہوگا۔ کام نہ ہونے پر دوسرے ماہ بھی کریں۔ ان شاء اللہ، تیسرے ماہ سے آگے کی نوبت نہ آئے گی۔

....................*..........*

دوبارہ شادی کرنے کیلئے وظیفہ

اگر کسی لڑکی کو کسی نے طلاق دے دی ہو اور والدین اس کی دوبارہ شادی کے لئے بڑی کوشش کرتے ہوں اور ایسا محسوس ہو جیسا کہ کسی نے رکاوٹ ڈال دی ہے اور کوئی رشتہ ملنے کی صورت نہ پیدا ہوتی ہو تو طلاق یافتہ لڑکی کی والدہ یا لواحقین کو چاہئے کہ وہ سورۂ یٰسین کو فجر کی نماز کے بعد دو مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام "یَامُعِیْدُ" کا ورد کرے اور چالیس دن تک اس پڑھائی کو جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جلد ہی مناسب رشتہ آئے گا اور شادی کی رکاوٹ دور ہو کر جلد ہی شادی پایہ تکمیل تک پہنچے گی۔ اسی طرح اگر کسی مرد کا عورت کے ساتھ رشتہ قائم نہ رہا ہو یا اس کی بیوی فوت ہوگئی ہو یا کسی وجہ سے چھوٹ گئی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ بھی مندرجہ بالا وظیفہ کو مندرجہ بالا طریقے کے مطابق کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی شادی بھی سرانجام پا جائے گی۔

....................*..........*

دوسری شادی کے لیے ہر طرح کی رکاوٹ کا خاتمہ

درج ذیل کلام کا سوا لاکھ کا ختم کرنے سے دوسری شادی میں ہر طرح کی رکاوٹ دور ہو جائے گی اور اللہ ﷻ کے فضل سے غیبی مدد ہوگی اور اسباب بن جائیں گے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ اکیس، چالیس، ساٹھ، نوے یا ایک سو بیس دنوں میں سے کسی کی بھی نیت کی جائے۔ پھر اتنے دنوں میں درج ذیل کلام کا سوا لاکھ ورد کیا جائے۔

ایاك نعبد و ایاك نستعین بحق لا الہ الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین۔

جتنے دن منتخب کیے جائیں، ان کو سوا لاکھ پر تقسیم کریں۔ جو فرق ہو، وہ آخری دن پورا کریں۔ روزانہ کی تعداد کے مطابق ہی پڑھنا ہے۔

نوٹ: اس وظیفے کی اجازت لینا لازمی ہے۔

....................*..........*

عمر زیادہ ہونے پر رشتہ و شادی کے لئے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ لاہور

درج ذیل تمام اعمال کی عام اجازت ہے۔ شرط صرف اتنی ہے کہ ادارے کی کامیابی اور تمام اراکین و معاونین انس و جن کے لیے دعائے خیر کرتے رہیں۔

حسب منشاء شادی ہونے کا وظیفہ

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی کی عمر زیادہ ہوگئی ہو اور یہ سوچ پیدا ہو جائے کہ اگر عمر شادی کے وقت سے زیادہ ہوگئی تو رشتہ نہ ہو سکے گا۔ تو پھر شادی فوری طور پر کرنے کے لئے عصر کی نماز کے بعد باوضو حالت میں سورۂ نصر کو سو بار پڑھا جائے، اس کے بعد سو مرتبہ درج ذیل آیت کا ورد کیا جائے، اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے جلد شادی ہو جانے کے اسباب پیدا کر دے گا۔ اس وظیفہ کو اکیس دن تک جاری رکھا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ (سورہ یٰسین آیت 36)

................*........*........*

درود تنجینا کا خاص وظیفہ

اپنے نام کے اعداد لیں۔ اس کو ایک ہزار سے ضرب دیں۔ جو حاصل ہو، اس کو اکیس یا چالیس دنوں پر تقسیم کریں۔ بلاناغہ اکیس یا چالیس یوم درود تنجینا مخصوص تعداد میں پڑھیں۔ ان شاء اللہ، کوئی سبب بن جائے گا اور شادی ہو جائے گی۔ مثال کے طور پر لڑکی کا نام ہے "سعدیہ"۔ سعدیہ کے اعداد 149 بنتے ہیں۔ ایک ہزار سے ضرب دیا تو 149000 بنے۔ چالیس دن پر تقسیم کیا تو جواب 3725 آیا۔ روزانہ پورے دن میں 3725 کی تعداد میں درود تنجینا پڑھنا ہے۔ اور بلاناغہ چالیس یوم کریں تاکہ 149000 کی تعداد پوری ہو جائے۔ مخصوص ایام میں بھی یہ وظیفہ جاری رکھیں۔

درود تنجینا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

................*........*........*

سورۂ یٰسین کا خاص وظیفہ

چاند کی پہلی شب سے لگاتار سات شب تک روزانہ اکتالیس مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں۔ اکیلے پڑھیں یا پھر گھر والے مل کر پڑھیں۔ جو بھی پڑھیں، ان کو پتہ ہو کہ فلاں کی دوسری شادی کے لیے وظیفہ پڑھا جا رہا ہے۔ پھر سب دعا کریں۔ ساتویں روز کچھ شیرینی پکا کر غریبوں میں بانٹ دیں۔

ان شاء اللہ، ایک ہفتہ کا عمل کافی ہوگا۔ کام نہ ہونے پر دوسرے ماہ بھی کریں۔ ان شاء اللہ، تیسرے ماہ سے آگے کی نوبت نہ آئے گی۔

................*........*........*

دارالعمل چشتیہ

1 شعبہ نشرو اشاعت: اسلامی، تصوف، روحانی وعملیاتی طبی وتربیتی کتب، رسائل، پمفلٹ وپوسٹرز کی اشاعت۔ (darulamal.org/publications)

ماهنامه خزینۂ روحانیات: ہر ماہ شائع ہونے والا ایک ایسا رسالہ ہے جو روحانی ومخفی علوم کے شائقین کے لئے علوم کا خزانہ ہے۔ روحانی علوم نہایت دلچسپ اور مفصل انداز میں بیان کئے جاتے ہیں۔ ایک خالص روحانی علوم کا حامل مجلّہ جو قدم بہ قدم عامل کی رہنمائی کرتا ہے اور آپ کو روحانی دنیا کا تعارف کرواتا ہے اور رابطہ سکھاتا ہے۔ نیز اسلامی معلومات، تصوف، اولیاء اللہ کے حالات، نفسیاتی مسائل اور ان کے حل، نفسیاتی بیماریوں کی معلومات وعلاج، معاشرتی مضامین برائے اصلاحِ عوام، ذہن وجسم کے لئے تربیتی مضامین اور طبی مضامین (ہومیوپیتھی، حکمت، بائیوکیمک، علاج بالغذا وغیرہ) بھی دیئے جاتے ہیں جو کہ عوام کیلئے نہایت مفید ہیں۔ (darulamal.org/magazines/ruhani)

2 روحانی درسگاہ: یہ شعبہ روحانی ومخفی علوم سکھانے کا شعبہ ہے۔ الحمدللہ کثیر تعداد میں طالبین علومِ روحانیات، روحانی علوم سیکھ رہے ہیں۔ ابتداء سے انتہا تک تمام منازل نگرانی میں طے کروائی جاتی ہیں۔ روحانی تشخیص کرنا، جادو اور جنات کا علاج کرنا، حب وبغض کے عملیات، جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حصارات اور دفاع کے کثیر اعمال، دشمن سے نمٹنے اور نجات کے اعمال، علم الاعداد، علم النقوش، علم الساعات اور بہت کچھ سکھایا جاتا ہے۔ جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے ان کے لئے نقد صدقہ ادا کر کے سکھانے کا بھی انتظام ہے اور کثیر اعمال ہیں جو نقد صدقہ ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ نیز روحانی عاملین جو بنیادی درجہ حاصل کر چکے ہوں، ان کو بڑے باموکل اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں۔ شرعاً جائز کئی اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں جو تجربے میں بہت مفید ثابت ہوئے ہیں۔
(darulamal.org/ruhanidarsgah)

3 روحانی علاج گاہ: شریعتِ اسلامیہ کی حدود کے اندر رہتے ہوئے اور کفر وشرک سے بچتے ہوئے قرآنی آیات، مسنون دعاؤں، اکابرین سے ثابت شدہ اعمال وظائف اور شرعاً جائز عملیات سے ہر قسم کی مشکلات ومسائل کے حل کے لئے کوشش کی جاتی ہے۔ خاص کر جنات اور جادو کا علاج جس میں آج کل عام وخاص کی اکثریت مبتلا ہے۔ جادو واپس لوٹانا، ہر قسم کی بندش کا توڑ، لڑائی جھگڑے، شادی نہ ہونا، پسند کی شادی، اولاد کا نہ ہونا، معاشی مسائل، تعلیمی مسائل، گھریلو مسائل، نوکری کے مسائل، دشمن کے مسائل، اولاد کی نافرمانی اور غلط راہ پر چلنا، ناجائز تعلقات کی جدائی وغیرہ الغرض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے تمام مسائل وپریشانیوں کا ممکنہ حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/ruhaniilajgah)

4 مطب العارف: جسمانی بیماریوں کے علاج کا شعبہ ہے۔ ہومیوپیتھک، بائیوکیمک، طب یونانی، ریکی، کلر تھراپی، اروما تھراپی، سپیریچوئل ہیلنگ، ہپناٹزم، سائیکو تھراپی اور طب روحانی سے مریض کا علاج کیا جاتا ہے۔ مختلف شعبوں کے ماہرین علاج کرتے ہیں۔ شفاء منجانب اللہ۔ (darulamal.org/matabalaarif)

5 مکتبۃ العارف: روحانی، طبی، دینی اور متفرق کتب ورسائل کی اشاعت کی جاتی ہے۔ نیز مختلف موضوعات پر کتب خصوصی رعایت پر بھی دستیاب ہیں۔ خصوصاً عملیات پر ایک بہت بڑا ذخیرہ شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ پرانی کتب بھی دستیاب ہیں۔ (darulamal.org/bookshop)

6 لائبریری: مختلف مسالک کے اسلامی، روحانی، طبی، رسائل اور پمفلٹ وغیرہ بھی موجود ہیں۔ خصوصاً عملیاتی کتب کا ایک عظیم ذخیرہ موجود ہے، جس میں شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ کتب ہیں جو عربی، فارسی، اردو اور انگریزی زبان پر مشتمل ہیں۔ نیز کثیر تعداد میں ماہنامے اور مختلف مجلّے قدیم اور جدید بھی موجود ہیں۔ اگر کسی کو کوئی خاص کتاب مطلوب ہو تو اس کی فوٹو کاپی یا scan کاپی مناسب قیمت پر مہیا کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/library)

7 شعبہ آڈیو و ویڈیو: محافل قراءت، حدر، ترتیل، مصری قراء کرام کی تلاوتیں، حمد ونعت، بیانات، مکمل قرآن مجید، مناظرے، تراویح، مشاعرے وغیرہ پر مشتمل کیسٹس، سی ڈیز CDs، ڈی وی ڈیز DVDs کی ریلیز وفروخت کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/multimedia)

8 آئی ٹی: 30 سے زائد قرآنی فونٹس اور 1000 سے زائد اُردو، عربی، فارسی فونٹس کی کلیکشن موجود ہے۔ نیز اپنی مرضی کا فونٹ اپنی مرضی کے Inpage میں سیٹ کیا جاتا ہے۔
(darulamal.org/it)

9 روحانی دکان: روحانی علاج وچلہ کشی میں استعمال ہونے والی اشیاء کی فراہمی کی جاتی ہے۔ مثلاً چھپے ہوئے تعویزات ونقوش، مختلف اقسام کی اگربتی، زعفران، مشک نافہ، مختلف خوشبو اور کوالٹی کے بخورات اور بخوردان، عربی وانڈین عطورات کی زبردست ورائٹی، آلہ یکسوئی، الواح وغیرہ۔ (darulamal.org/ruhanishop)

10 ٹرسٹ: دینی وفلاحی کاموں میں معاونت کا شعبہ ہے۔ صدقات، عطیات اور زکوٰۃ کو اس کے صحیح مصرف میں خرچ کیا جاتا ہے۔ مستحق افراد کی کفالت کی کوشش کی جاتی ہے۔ نیز مختلف حوائج ومسائل میں غرباء سے تعاون کیا جاتا ہے۔ (darulamal.org/trust)

11 شعبہ شادی: سنی مسلک کے لوگوں کے لئے رشتے کروانے کا شعبہ ہے۔ طرفین کا رابطہ کروا کر ازدواجی رشتے میں منسلک کروانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ رشتہ طے ہونے کی کوئی فیس نہیں۔ جو جس کی خوشی ہو، وہ ادارے کے ٹرسٹ میں جمع کروا سکتا ہے۔ نیز صرف فون پر رابطہ کروایا جاتا ہے، نہ ساتھ جاتے ہیں، نہ ہی کوئی ذمہ داری لی جاتی ہے۔ (darulamal.org/matrimonial)

پوسٹ بکس نمبر 9118، پوسٹ کوڈ 54570، لاہور۔

فون نمبر 042-35033371 رابطہ 0343-7772772, 0322-4773786 info@darulamal.org

پسند کے رشتے/رشتہ کیلئے راضی کرنے کے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

پسند کی شادی کا بارہا کا تجربہ شدہ عمل

پیرِ طریقت حافظ قاری احسان اللہ صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی مجبوری سے کسی رشتے میں الجھ گیا ہے اور چاہتا ہے کہ اسی جگہ شادی ہو تو اس کو چاہئے کہ یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ یہ عمل بارہا کا تجربہ شدہ ہے، کبھی خطا نہیں ہوتی۔ عمل یہ ہے:

اوّل پاک کپڑے پہن کر ان کپڑوں پر عطر گلاب لگائیں۔ اس کے بعد ایک سو بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ یٰسین شریف (پ 23-22) پوری سورۃ پڑھیں۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل صلوٰۃ الحاجت کی نیت کر کے پڑھیں اور اسی نماز کی جگہ بیٹھ کر آیت کریمہ

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین

چالیس مرتبہ پڑھیں۔ پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور کامیابی کی دعا کریں۔

(اس عمل کو عروج ماہ شبِ جمعہ سے شروع کریں اور مسلسل گیارہ دن کریں۔ پھر انتظار کریں اور اپنی دنیاوی تدبیر کرتے رہیں۔ اگر کام نہ ہو تو دوبارہ اگلے ماہ عمل کر لیں۔ ان شاء اللہ تین ماہ سے زیادہ کی نوبت نہیں آئے گی)۔ (ع)

....................*..........*

رشتہ دینے سے انکار کریں یا لڑکی راضی نہ ہو

پیرِ طریقت حافظ قاری احسان اللہ صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی خاص لڑکی سے رشتہ کرنا چاہتا ہو اور لڑکی والے رشتہ دینے سے انکار کرتے ہیں یا لڑکی راضی نہیں ہے تو اس صورت میں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور درمیان میں ایک سو بار یہ کلمات پڑھیں اور جس کی چاہت دل میں ہے، اس کا تصور کریں۔ یہ عمل نمازِ فجر کے بعد کریں اور دوسری مرتبہ بعد نمازِ عشاء کریں۔ ناغہ نہ کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تین چلے (یعنی ایک سو بیس دن) میں رشتہ ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں: یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهَا اِلَیَّ

....................*..........*

نکاح کیلئے راضی کرنے کا وظیفہ

بسا اوقات رشتہ داری میں یوں ہوتا ہے کہ گھر کا کوئی فرد اپنے کسی رشتہ دار کے ہاں رشتہ طے کرنا چاہتا ہے مگر سب گھر والے راضی نہیں ہوتے تو ایسی صورت میں سب گھر والوں کو راضی کرنے کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے۔ کسی سے کوئی کلام نہ کرے اور ایک سو ایک مرتبہ سورۂ تکاثر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا مانگے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور جس جگہ چاہتا ہے اس کی شادی ہو جائے گی۔ اگر ہر روز ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی گھر والوں کو کسی طرح سے پلا دیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مقصد بہت جلد حاصل ہوگا۔ اس وظیفہ کو صرف جائز جگہ استعمال کریں۔

....................*..........*

مرضی کی شادی کیلئے وظیفہ

کوئی شخص اپنی مرضی کی شادی کرنا چاہتا ہو اور لڑکی والے بلاوجہ انکار کرتے ہوں حالانکہ جوڑ بھی صحیح ہے تو اس کے لئے یہ وظیفہ کریں۔ عشاء کی

نماز کے بعد جب سب لوگ سوجائیں تو دو رکعت نفل نماز ادا کریں اور تشہد کی شکل میں منہ قبلہ کی طرف کر کے بیٹھے اور حضور قلب سے مندرجہ ذیل کلمات چار سو پچاس مرتبہ پڑھیں اور اپنے مطلب کا تصور کریں، جب یہ تعداد پوری کرلیں تو سات دفعہ (سورۂ مزمل) پڑھیں، اسی طرح روزانہ کرتے رہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی کلمات یہ ہیں:

''یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ''

....................*..........*

پسند کی شادی کے لیے

جو شخص جائز طریقہ سے پسند کی شادی کرنا چاہتا ہو وہ اکیس دن تک روزانہ 6250 بار ''یَاغَنِیُّ'' پڑھے۔

....................*..........*

پسند کا رشتہ کرنے کیلئے وظیفہ

جو کوئی لڑکا یا لڑکی حسب منشاء شادی کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ صبح کی نماز کے بعد خلوص دل کے ساتھ بارگاہ رب العزت کے حضور سورۂ مزمل کی ستر مرتبہ تلاوت کرے۔ بعد ازاں سو مرتبہ قرآن پاک کی اس آیت کا ورد کرے۔ اس عمل کو اکیس دن تک جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرما کر حسب منشاء شادی کی توفیق عطا فرمادے گا۔ یہ وظیفہ کافی بار کا آزمودہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ (سورۂ بقرہ آیت 105)

....................*..........*

حسب منشاء شادی کے لیے

حسب منشاء شادی کے لیے چالیس دن تک روزانہ 12900 بار ''یَالَطِیْفُ'' پڑھیں۔ حسب منشاء رشتہ مل جائے گا۔ شادی میں سکون ہو گا۔ نباہ احسن طریقے سے ہوگا۔

....................*..........*

رشتہ کیلئے راضی کرنا

بعض دفعہ یوں ہوتا ہے کہ رشتہ داروں میں کسی لڑکی کا نکاح کسی رشتہ دار سے کرنے کے بارے میں ارادہ کیا جاتا ہے مگر دونوں میں سے کوئی فریق کسی غلط فہمی کی بناء پر نکاح کے لئے رضامندی کا اظہار نہیں کرتا تو جو شخص دوسرے فریق کو راضی کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ اپنے گھر میں سورۂ یٰسین کو مختلف عورتوں یا لوگوں کو اکٹھا کر کے بہتر (۷۲) مرتبہ پڑھائی کروائے اور تین دن تک اسی طرح کریں۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے مخالف فریق رشتہ کرنے پر رضامند ہوجائے گا۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضور التجا کرے، بیشک اللہ تعالیٰ دعاؤں کو قبول کرنے والا ہے۔

....................*..........*

من پسند شادی

تھوڑے سا سرمہ لے اور چاند کی پہلی جمعرات سے اس عمل کو شروع کریں۔ ہر روز نمازِ ظہر کے بعد باوضو حالت میں ایک ہزار ایک بار درود شریف پڑھ کر سرمہ پر دم کریں۔ یہ عمل چار جمعرات تک ہر روز بلاناغہ کرے۔ اس کے بعد جب عمل مکمل ہوجائے تو اس سرمہ کو کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ کرلیں اور پھر ضرورت پڑنے پر ظہر کی نماز کے بعد تھوڑا سا سرمہ لے کر اس پر اس فرد کا تصور کرتے ہوئے، جو شادی کے لئے راضی نہ ہو رہا ہو، ایک سو ایک بار درود شریف پڑھ کر دم کریں اور اس فرد کے سامنے جا کر بات کریں۔ ان شاء اللہ، راضی ہوجائیں گے۔

درود شریف جو بھی جس شخص کے ورد میں ہو، وہی عمل میں پڑھیں۔

....................*..........*

برائے شادی

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۔ جمیعا پر تصور کرنا ہے جس جگہ شادی کی خواہش ہے یا جو راضی نہیں ہو رہا۔

عشاء کی سنت اور فرض کے درمیان 21 بار، فجر کی سنت اور فرض کے درمیان 21 بار، اول آخر درود شریف ابراہیمی 3 بار۔ سورۂ بقرۃ کی 165 نمبر آیت کا حصہ ہے۔

....................*..........*..........*

اگر کوئی رشتہ دینے سے انکار کرے

سورۃ الزلزال (۲۱) مرتبہ پڑھنا۔ سورۃ الزلزال کا تعویذ بھی ساتھ لے جاسکتے ہیں۔

....................*..........*..........*

رشتہ کے لئے والدین کی رضامندی

اس کے لئے نئے چاند کے پہلے جمعہ کی شب کو بوقت تہجد اٹھ کر دو رکعت نماز نفل تحیۃ الوضو پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ، سورۃ الانشراح اکیس مرتبہ پڑھ کر والدین کی رضا کے لئے سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تین جمعہ کی شب اس عمل سے والدین راضی ہو جائیں گے۔

....................*..........*..........*

نکاح پر راضی کرنا

اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہو اور وہ راضی نہ ہوتی ہو کسی غلط فہمی کی بناء پر اس کی مخالفت کرتی ہو جب کہ وہ خود نیک اور شریف آدمی ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح اس عورت کی غلط فہمی دور ہو جائے اور وہ نکاح پر رضامندی کا اظہار کرے تو اسے چاہئے کہ وہ مٹھائی یا کسی بھی میٹھی چیز پر باوضو حالت میں سات دن تک ہر روز سات بار سورۂ یٰسین اور اکیس بار سورۂ والشّمس اور سات مرتبہ عم تیساءلون پڑھ کر دم کرے اور دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ نیک کام میں مدد فرمائے اپنا اور اپنی والدہ کا نام لے کر مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور دم کر کے اس عورت کو کھلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ عورت نکاح پر راضی ہو جائے گی اور بخوشی رضامندی کا اظہار کرے گی۔

....................*..........*..........*

فوٹو اسٹیٹ کتب

نادر کتب عملیات، تعویذات، وظائف، حاضرات، رمل، جفر، نجوم، پامسٹری، علوم سفلی، کیرل، جنات، جادو، آسیب اعداد وغیرہ (فوٹو سٹیٹ مجلد)

نام کتاب	تعارف کتاب	قیمت
الفوائد القرآنیہ وخواص الآیات	سیدی ابی الحسن شاذلیؒ	450
اسماء الحسنیٰ	(ترجمہ احسن شکوہ) اللہ تعالیٰ کے پاک اور پیارے نام اور ان کے فضائل	300
اوراد نظیریہ	(جناب پیر ہارون الرشید صاحب) سجادہ نشین دربار عالیہ موہڑہ شریف کوہ مری	180
اوراد احسانی	(حکیم احسان علی قادری)	200
آزمودہ بیاض عملیات	(حکیم میاں عبدالمنعم)	450
اوراد و وظائف (معمولات حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ)	جب سب طرف سے مایوس ہو جائے تو اللہ کے فضل سے یہ کتاب مشکل کشا ثابت ہوگی۔	280
الطب الروحانی للجسم الانسانی	امام سنوسی رحمۃ اللہ علیہ کے سچے روحانی اکسیری عملیات	400
اعجاز عیسوی	عملیات کی ایک قدیم و مکمل کتاب	300
اسمائے اعظم البرکات	(مولانا ابوالکلام بقا حسین صاحب فلکی) ایک ہزار نام باری تعالیٰ معہ خواص و اعداد	150
اعجاز سلیمانی عرف نقش آسمانی	(جناب فقیر احمد اختر صوفی کرنوی دہلوی) وہ نقوش اور ادعیہ جو خاندان چشتیہ وقادریہ سے سینہ بہ سینہ پہنچی ہیں۔	500
تذکرہ اولی الالباب	(داؤد انطاکی) عرف ذیل تذکرہ داؤد انطاکی	500
احسن الاعمال مکمل	(سید میر حسن رضوی مرحوم) جواہر خمسہ کے خصوصی عملیات جو نئے مطبوعہ جواہر خمسہ میں شامل نہیں۔ مع نقوش روحانی	400
اعجاز یوسفی	(حافظ محمد یوسف حنفی گنگوہی) مجموعہ اعمال و وظائف، لاجواب صحیفہ نقوش و تعویذات، انتخاب، اسرار جلی و خفی۔	400
الواح الجواہر افلاطون (اردو)	(مولوی سید ابوالحسن مرحوم) افلاطون کا علم اسرار، پانچ مظاہر روحانی، حروف ناری، بادی، آبی، خاکی باتصویر۔	300
اعمال مجلہ ستارہ اول اعمال مجلہ ستارہ دوم	(مرزا محمود شفق رام پوری) ہر قسم کے روحانی اعمال، مراقبے، چلے، نجوم، وظیفے، جفر، علم النفس، روحانی چٹکلے، علم سامدرک وغیرہ۔ گویا روحانی اسباق ہیں۔	400 400
النجوم	(مولوی حسین الدین جونپوری) آثار نجوم کا ایک مکمل انسائیکلوپیڈیا مع نقشہ جات وجداول بروج وکواکب۔	550
ابجد النجوم	سید ابوالحسن	300
آپ کی تقدیر میں کیا ہے؟	(پنڈت سادھو رام اوستھی) پامسٹری پر ایک آسان اور مکمل کتاب معہ علم قیافہ کے اسرار کا اظہار	350
العلاج الروحانی (علی سعید اسماعیل)	العلاج الروحانی لازالۃ السحر والمس الشیطانی وفیہ لقضاء الحاجات اول۔ 750 دوم۔ 750	کامل 1500

جہیز کی وجہ سے شادی نہ ہونیوالی بہنوں کیلئے روحانی تحفے

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ لاہور

برائے رشتہ

بیٹی کا باعزت طریقے سے نکاح کرنے کے لئے مال کی اشد ضرورت ہوتی ہے، بعض لوگوں کا رشتہ طے ہوجاتا ہے لیکن مال کی کمی کی وجہ سے نکاح نہیں ہو پاتا۔ اس کے لئے لڑکے یا لڑکی کے والدین میں سے کوئی ایک بعد نماز عشاء سورۂ مزمل کو اکیس مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد ''یَاوَھَّابُ یَارَزَّاقُ'' کا سات سو مرتبہ ورد کرے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اسباب پیدا کردے گا اور بہت جلد شادی ہوجائے گی اور اس وظیفہ کو نکاح ہونے تک جاری رکھا جائے۔

....................*..........*..........*

بیٹی کی شادی اور اسباب مہیا ہونا

اگر کوئی شخص بہت غریب ہو جس کے سبب بیٹی کی شادی کرنے سے مجبور ہو تو اسے چاہئے کہ باوضو بعد نماز عشاء ''یا وھاب یا رزاق'' تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے اول اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

اس کے بعد سجدے میں جاکر اپنے ظاہری، باطنی، چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور اپنی بیٹی کی شادی کے لئے اسباب اور رقم مہیا ہونے کی دعا کرے، اس عمل کو مسلسل بلا ناغہ چالیس دن کرے، چالیس دن میں سوا لاکھ تعداد پوری کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس دن سے پہلے ہی رقم کا بندوبست ہوجائے گا لیکن عمل چالیس دن ہی کرنا ہوگا اور سوا لاکھ تعداد پوری کرنی ہوگی۔

....................*..........*..........*

گیارہ دن میں رشتے اور جہیز کا معاملہ حل ہونے کا خاص عمل

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور جہیز کا سامان نہ ہو اور نہ اس کا رشتہ کسی جگہ سے آتا ہو تو وہ شخص بعد نمازِ عشاء باوضو گیارہ ہزار مرتبہ ''یَامُغْنِیُ'' گیارہ دن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو پڑھ کر ختم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے اللہ تعالیٰ اس کے رشتے کا انتظام فرمادے گا اور جہیز وغیرہ کا انتظام بھی ہوجائے گا۔

(اس عمل کو عروج ماہ کیا جائے۔ نوچندی شبِ جمعرات سے آغاز کیا جائے۔ اگر ایک بار میں کام نہ ہو تو دوسرے ماہ پھر کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تیسرے ماہ سے زیادہ بات آگے نہ جائے گی)۔ (ع)

....................*..........*..........*

برائے رشتہ

غربت و افلاس کے حالات ہوں یا کسی طرح بھی رشتہ میں رکاوٹ صرف مالی معاملات ہوں تو یہ وظیفہ کریں۔ ان شاء اللہ، غیب سے اسباب مہیا ہوں گے۔ اور اللہ ﷻ کے فضل سے بندوبست ہوجائے گا۔

سب سے پہلے لڑکی اکیس یا چالیس یوم میں سوا لاکھ بار ''یَامُغْنِی'' پڑھے۔ پھر اکیس یا چالیس یوم میں سوا لاکھ بار ''یَالَطِیْفُ'' پڑھے۔ پھر گیارہ سو بار روزانہ، اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھتی رہے۔ جلد ہی اللہ ﷻ کا فضل ہوجائے گا۔

لڑکی کے علاوہ گھر والے بھی مل کر عمل پڑھ سکتے ہیں۔

....................*..........*..........*

رشتہ اور شادی ہونے کیلئے اسماء الحسنیٰ کے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

لڑکیوں کے شادی میں آسانی کے لیے

''یَا لَطِیْفُ یَا حَلِیْمُ'' کا کثرت سے ورد کرتے رہنے سے لڑکیوں کی شادی کے معاملے میں مشکلات دور ہو کر آسانیاں پیدا ہوتی ہیں۔

ایک دوسرا طریقہ یہ ہے کہ 500 بار بعد از عشاء اول آخر درود شریف سات یا اکیس یا اکتالیس دن پڑھے۔

........................*............*............*

رشتے کی پریشانی

اگر کسی گھر میں لڑکے لڑکی کی طرف سے رشتے کے مسئلہ میں پریشانی ہو، لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ ملتا ہو اور لڑکی کی عمر بڑھتی جا رہی ہو۔ ایسی صورت میں لڑکا یا لڑکی ہر نماز کے بعد پہلے اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر ۱۰۱ مرتبہ ''یَا لَطِیْفُ'' کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔

........................*............*............*

رشتہ کیلئے وظیفہ

آج کل یہ مسئلہ ہر گھر میں ہے کہ پہلے تو اچھے رشتے نہیں آتے اگر آتے ہیں تو کوئی بات نہیں بنتی۔ اس وجہ سے لڑکیوں کے والدین سخت پریشان ہیں۔ میں اس کے حل کے لئے ایک سریع الاثر وظیفہ پیش کرتا ہوں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو جو کوئی مرد و عورت صوم و صلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ پڑھے گا وہ ضرور کامیاب ہوگا۔

بعد از نماز عشاء (عشاء کے بعد کوئی سا بھی وقت ہو) وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ اس وظیفے کو اکیس (21) دن تک پڑھیں، ہر روز وظیفے کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی کامیابی کی دعا کریں۔

اول و آخر درود ابراہیمی (11-11) بار پڑھیں اور یہ وظیفہ بارہ سو (1200) بار پڑھیں۔ اَلْمُعْطِیْ ھُوَ اللّٰہُ

........................*............*............*

نیک رشتہ کیلئے مجرب عمل

جس لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو اس کو چاہئے کہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ''یَا لَطِیْفُ یَا عَزِیْزُ'' گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر سجدہ کی حالت میں مقصود کیلئے دعا کرے...... اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیا جائے...... ان شاء اللہ 41 دنوں میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

........................*............*............*

رکی ہوئی شادی کے لیے

جن لڑکے لڑکیوں کی شادی رکی ہوئی ہوں، وہ روزانہ 1156 بار بعد نماز عصر سات دن تک ''یَا فَتَّاحُ'' پڑھیں۔

........................*............*............*

شادی کا پیغام نہ آتا ہو

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا شادی کا پیغام نہ آئے تو لڑکا یا لڑکی بذات خود بعد نماز مغرب چالیس روز تک خلوت میں بیٹھ کر 2970 بار ''یَا عَلِیُّ'' پڑھے۔

........................*............*............*

شادی کی دعا کی قبولیت کے لیے

شادی کی دعا کی قبولیت کے لیے گیارہ دن تک روزانہ 500 بار ''یَا مُجِیبُ'' پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے شادی کی دعا کرے۔

........................*............*

شادی کے لئے

یہ نقش لڑکے لڑکیوں کے رشتوں کے لئے بہت کارآمد اور مفید ہے۔ مندرجہ ذیل نقش باوضو سیسے کی تختی پر کسی نوک دار چیز سے کھود کر بنالیں یا کسی سنار کو وضو کرا کے اس سے بنوالیں۔ جب تختی بن جائے تو دار چینی یا لوبان کو جلتے ہوئے انگاروں پر ڈال کر اس کا دھواں اس تختی کو دیں۔ اور باوضو سبز کپڑے میں موم جامہ کر کے اپنی قمیض یا کرتے کی جیب یا بٹوے میں رکھ لیں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ نقش ناف سے اوپر کی جیب میں رہنا چاہئے۔ نقش یا تعویذ کو کبھی بھی ناف سے نیچے کی جیب میں نہ رکھیں چاہے وہ موم جامہ کیا ہوا ہی ہو۔ پتلون کی جیب میں رکھنا بہت بری بات ہے اور اس سے تعویذ کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔

اگر جیب میں رکھنا ممکن نہ ہو تو گھر میں کسی صندوق یا محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ روزانہ کچھ نہ کچھ خیرات کیا کریں۔ وہ نقش یہ ہے:

ال	ب ا	ع	ث
۱۷	۴۹۹	۳۲	۲
۴۹۸	۶۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۴۹۷	۶۹

........................*............*

شادی میں رکاوٹ دور ہو

اگر شادی میں رکاوٹ ہوتی ہو تو روزانہ ہر نماز کے بعد 222 بار ''اَللّٰہُ اللَّطِیفُ الرَّحِیمُ'' پڑھتے رہیں۔

........................*............*

شادی کا پیغام جلد آئے

اگر کوئی شب جمعہ آدھی رات کے بعد اُٹھ کر پہلے دو نفل حاجت پڑھے پھر آنکھیں بند کر کے قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائے اور 551 بار سات شب تک ''یَا مُتَعَالِی'' پڑھے۔ شادی کا پیغام جلدی آئے گا۔

........................*............*

شادی کے لئے یا باسط کا ختم

سوالاکھ (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ ''یَا بَاسِطُ'' پڑھیں۔ پورا ہونے سے پہلے شادی ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ

........................*............*

لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو

جس لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو، وہ ہر نماز کے بعد سو بار ''یَا وَارِثُ'' پڑھے تو جلد رشتہ آ جائے گا۔

........................*............*

رشتہ اور شادی ہونے کیلئے قرآنی اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

رشتے کیلئے سورۂ فاتحہ کا مجرب وظیفہ

اچھی طرح وضو کر کے خلوت میں دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھیں پھر بیٹھ کر منہ قبلہ کی طرف کر کے اول درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔ پھر اکتالیس بار سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ (بسم اللہ الرحمن الرحیم) کے آخری میم کو سورۂ فاتحہ یعنی الحمد للہ کے لام سے ملا دیں۔ (الرحیمِ الحمد للہ) اس طریقے سے اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں اور بعد میں گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ اب وظیفہ مکمل ہو گیا۔ اسی طرح اکتالیس دن تک اس وظیفے کو کریں۔ وظیفہ کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کے حضور نیک رشتے کے لئے دعا کریں۔ اس وظیفہ کو فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان کریں تو نہایت ہی مجرب ہے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ کسی بھی نماز کے بعد کر لیں۔

..........................*.............*

مناسب رشتہ مل جائے

جن بچیوں کی شادی میں مناسب رشتہ نہ ملنے کے باعث تاخیر ہو رہی ہو، اگر وہ جمعے کی رات کو سورۃ نساء کی تلاوت کر کے اللہ سے دعا کریں تو وہ ان کی شادی کی مناسب سبیل پیدا کر دیتا ہے۔ والدین بھی پڑھ کر اپنی لڑکیوں کے لیے دعا کر سکتے ہیں۔

..........................*.............*

جلد شادی ہو جائے

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿١٣١﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿١٣٢﴾ (طٰہٰ: ۱۳۱-۱۳۲)

اس کو لکھ کر باندھے تو اگر غیر شادی شدہ ہو تو شادی جلد ہو جائے اور شادی بابرکت ہو۔

..........................*.............*

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو وہ لڑکی اکیس بار سورۃ طٰہٰ پڑھے اور سبز ریشمی کپڑے پر لکھ کر گلے میں ڈالے۔ مرد صالح سے شادی ہو جائے گی۔ اولاد نیک پیدا ہوگی۔

..........................*.............*

جلد شادی ہو جائے

جس عورت یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، اسے سورۃ طٰہٰ کا دم کیا ہوا پانی بالوں میں لگانے کیلئے دیں۔ اس کی شادی کی جلد کوئی سبیل پیدا ہو جائے گی۔

..........................*.............*

جس مرد کا نکاح نہ ہوتا ہو

جس مرد کی شادی نہ ہوتی ہو وہ عروج ماہ میں تین دن تک روزہ رکھے اور ہر رات میں اکیس بار سورۃ فرقان پڑھے۔ تین ماہ یہ عمل کرے مسلسل، نیک بیوی نصیب ہوگی۔

..........................*.............*

بیٹے یا بیٹی کے عقد کرنے کے لیے

جس گھر میں بیٹے یا بیٹی کا عقد کسی وجہ سے نہ ہو رہا ہو، وہ اپنی مراد پوری کرنے کیلئے 21 دن 313 مرتبہ لگاتار پڑھتے رہیں۔

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ﴿سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ: ۵۴﴾

ترجمہ: ''اور وہی ہے جس نے پانی سے بنایا آدمی پھر اس کے رشتے اور سسرال مقرر کی اور تمہارا رب قدرت والا ہے''۔

....................*..........*

رشتہ نہ ہونے کے باعث

جس کی اولاد کا رشتہ نہ ہوتا ہو وہ اٹھتے بیٹھتے اس آیت کا ورد جاری رکھے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ ﴿سُوْرَةُ النَّمْلِ: ۶۲﴾

ترجمہ: ''بھلا کون ہے؟ جو بے قرار (کی دعا) قبول کرتا ہے جب وہ اسے پکارتا ہے اور برائی دور کرتا ہے''۔

....................*..........*

لڑکی کے رشتہ کیلئے

اگر کسی لڑکی کیلئے رشتہ نہ آتا ہو، یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو تو وہ 113 مرتبہ اس دعا کو اور تین مرتبہ سورۃ الضحیٰ پڑھیں۔ ہر مہینے 11 دن تک پڑھیں اور 3 مہینے یہ عمل جاری رکھیں۔

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿سُوْرَةُ الْقَصَصِ: ۲۴﴾

ترجمہ: '' اے میرے پروردگار! بیشک جو نعمت تو میری طرف اتارے، میں اس کا محتاج ہوں''۔

....................*..........*

بچیوں کی شادی میں بے جا تاخیر نہ ہو

اگر کسی گھر میں بچیوں کی شادی ہونے میں بے جا تاخیر ہو رہی ہو تو ایسے گھر کے تمام افراد کو چاہئے کہ وہ سورۃ احزاب کی تلاوت کریں اور اللہ سے دعا کریں۔ جلد نکاح کے پیغام آنے لگتے ہیں۔

....................*..........*

رشتے کے لیے

سورۃ احزاب کی آیات نمبر 45 سے 48 تک لکھ کر پیٹی میں رکھے۔ رشتہ آئے گا۔

آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

....................*..........*

بچیوں کے مناسب رشتوں کیلئے

بچیوں کے مناسب رشتوں کی خواہشمند مائیں نماز فجر کے بعد اس کی ایک تسبیح پڑھیں، آغاز میں اور ختم کرنے کے بعد درود شریف ضرور پڑھیں۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿سُوْرَةُ يٰسٓ: ۸۲﴾

ترجمہ: ''اس کا کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے تو اس سے فرمائے ہو جا وہ فوراً ہو جاتی ہے''۔

....................*..........*

بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ ہو

بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ ہو تو عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر درودشریف پڑھ کرسورۃ زمر کی آیات نمبر 34-33

وَالَّذِیۡ جَآءَ بِالصِّدۡقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُتَّقُوۡنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمۡ مَّا یَشَآءُوۡنَ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۳۴﴾

پڑھیں اور رکاوٹوں سے نجات اور اچھی جگہ رشتہ طے ہونے اور خیر وعافیت سے شادی ہونے کی دعا کریں۔

....................*..........*

اگر کسی کی شادی میں تاخیر ہو رہی ہو

اگر کسی کی شادی میں تاخیر ہو رہی ہو تو روزانہ بعد نماز عشاء اول وآخر درودشریف پڑھ کر چالیس دن تک ایک سوایک بار سورۃ غافر کی آیت نمبر 55 پڑھے۔ آیت یہ ہے:

فَاصۡبِرۡ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسۡتَغۡفِرۡ لِذَنۡۢبِكَ وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ بِالۡعَشِیِّ وَالۡاِبۡكَارِ ﴿۵۵﴾

....................*..........*

شادی کے لیے

شادی کے لیے لڑکے یا لڑکیاں خود یا ان کے والدین رات کو سونے سے پہلے مصلی پر بیٹھ کر اول وآخر گیارہ بار درودشریف پڑھ کر سورۃ حشر کی آیت نمبر 24 ایک سوایک بار پڑھ کر بوسیلہ حضور اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کریں۔ یہ عمل نوے دن تک کریں۔ آیت یہ ہے:

هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَكِیۡمُ ﴿۲۴﴾

....................*..........*

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو

اگر کسی کی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو سورۃ الممتحنہ پانچ بار پڑھی جائے روزانہ۔ لڑکی کا نکاح کسی نیک بخت مرد سے ہو جائے گا۔

....................*..........*

بیٹی کے رشتہ کیلئے وظیفہ

سورۂ والضحیٰ کو عاملین نے پرتاثیر مانا ہے۔ اس میں نومقام پر کاف (ک) آیا ہے۔ اس لئے اس کا وظیفہ یوں کرنا چاہیے کہ جب آپ نماز فجر ادا کر چکیں تو وہیں بیٹھیں اور (سورۃ والضحیٰ) اس طرح پڑھیں کہ جب کاف (ک) آئے تو (یا کریم) نومرتبہ پڑھیں اسی طرح ہر (ک) پر سورت مکمل کریں۔ یہ وظیفہ نو (۹) دن تک کریں، کام ہو جائے گا اگر خدانخواستہ نہیں ہوا تو پھر اگلے نو (۹) دن ہر کاف (ک) پر اٹھارہ (۱۸) بار (یا کریم) پڑھیں۔ اگر پھر بھی نہ ہو تو اگلے نو (۹) دن ستائیس (۲۷) بار ہر کاف پر (یا کریم) کو پڑھیں، ان شاء اللہ تعالیٰ رشتے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

....................*..........*

حصول رشتہ

191 بار روزانہ بعد نماز فجر اول وآخر گیارہ بار درودشریف کے ساتھ یہ آیات پڑھیں۔ جب تک رشتہ نہ آئے پڑھتے ہی رہیں۔

وَالضُّحٰی ۙ﴿۱﴾ وَالَّیۡلِ اِذَا سَجٰی ۙ﴿۲﴾ (سورۃ الضحی ۲-۱)

....................*..........*

شادی کے لیے

سب کاموں سے فارغ ہو کر رات کو سونے سے پہلے اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درودشریف پڑھنے کے بعد اکتالیس بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ صرف شادی کی دعا کریں۔ عمل کی مدت نوے (۹۰) دن ہے۔ اس عرصہ میں منگنی یا شادی ہو جائے تو بھی نوے دن پورے کرنا ضروری ہے۔ عورتیں ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کریں۔

....................*..........*

دعاؤں کے اعمال برائے جلد رشتہ اور نکاح ہونے کے لیے

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

دعائے حزب البحر

لڑکیوں کا نصیبہ کھلنے کے لیے

جب کسی لڑکی کا نصیبہ کھولنا منظور ہو تو تین روز تک اُس کنویں کے پانی پر دعائے ''حزب البحر'' پڑھیں، جس کا پانی رات کو بھرا جاتا ہو۔ ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے اور جب مقام وَ افْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ یہ آیات پڑھیں:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾ (آل عمران: ۲۷-۲۶)

اور دم شدہ پانی سے لڑکی کے ہاتھ پیر دھلا کر اس پانی کو ایسے مقام پر ڈال دیں، جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے یا کسی بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ پس جلد لڑکی کا بخت کھل جائے گا۔

نوٹ: دعائے ''حزب البحر'' کا عامل دم کرسکتا ہے، غیر عامل نہیں۔ اگر ایسا کنواں نہ ملے تو رات کو تین یا سات کنوؤں سے پانی بھر کر استعمال کرلیں۔ اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو رات کو سات مسجدوں کا پانی لے لیں۔ ـخ

............*......*......*

دعائے حکمت

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْمَنُّ الْقَدِيْمُ وَالْفَضْلُ الْعَظِيْمُ وَالْعِزُّ الشَّامِخُ وَالْمُلْكُ الْبَاذِخُ وَالْجُوْدُ الْوَاسِعُ وَالْقُدْرَةُ الْكَامِلَةُ وَالْحِكْمَةُ الْبَالِغَةُ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا جَعَلْتَنِيْ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ اَفْضَلُ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ الَّذِيْنَ كَرَّمْتَهُمْ وَحَمَلْتَهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْتَهُمْ مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْتَهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْتَهُمْ تَفْضِيْلًا۔

ترجمہ: ''اے اللہ تو قدیم احسان والا ہے اور بڑے فضل والا ہے۔ اور بلند عزت والا ہے اور روشن ملک والا اور وسیع سخاوت والا اور کامل قدرت والا اور بالغ حکمت والا ہے۔ پس تیرے لئے حمد ہے کہ تو نے مجھے حضرت محمد مصطفی ﷺ کی امت میں شامل کیا ہے اور وہ تمام بنی آدم میں سے افضل ہیں جن کو تو نے عزت اور تکریم عطا کی اور اٹھایا انہیں تری اور خشکی میں۔ اور انہیں پاک رزق عطا کیا اور اپنی کثیر مخلوق پر ان کو فضیلت بخشی''۔

اس دعا میں محمد پاک ﷺ کا وسیلہ ہے، جب خدا کے محبوب کی شان بیان کی جاتی ہے تو ذات باری تعالیٰ خوش ہوتی ہے۔ اس دعا کے فوائد حاصل کرنے کے لئے اسے رات کے لمحوں میں اور بوقت فجر اور عصر پڑھیں۔

ہر دکھ سے نجات۔ ہر بیماری سے نجات۔ ہر امتحان میں کامیابی۔ بچوں کی شادی کے سلسلہ میں۔ ہر حاجت کے لئے ان شاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

جب امت محمد پر پہنچے تو شہادت کی انگلی اٹھائے اور دل سے سرکار دو عالم نبی کریم ﷺ کے قدموں کی زیارت کی تمنا کرے۔

............*......*......*

دعائے قلبا خاشعا

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ قَلْبًا خَاشِعًا خَاضِعًا ضَارِعًا حَاضِرًا وَّ بَدَنًا

صَابِرًا وَّ یَقِیْنًا صَادِقًا وَّ لِسَانًا ذَاکِرًا وَّحَامِدًا وَّعَیْنًا بَاکِیَةً وَّرِزْقًا حَلَالًا وَّاسِعًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّوَلَدًا صَالِحًا وَّسِنًّا طَوِیْلًا وَّامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً صَالِحَةً وَّتَوْبَةً مَّقْبُوْلَةً وَّلَا تُوْمِنِّیْ مَکْرَکَ وَلَا تُنْسِنِیْ ذِکْرَکَ وَلَا تَکْشِفْ عَنِّیْ سِتْرَکَ وَلَا تُبْعِدْنِیْ مِنْ کَنَفِکَ وَجِوَارِکَ وَاَعِذْنِیْ مِنْ سَخَطِکَ وَغَضَبِکَ وَلَا تُوْیِسْنِیْ مِنْ رَّحْمَتِکَ وَرَوْحِکَ وَکُنْ لِّیْ اَنِیْسًا مِنْ کُلِّ رَوْعَةٍ وَّوَحْشَةٍ وَّجَلِیْسًا فِیْ کُلِّ وَحْدَةٍ وَّغُرْبَةٍ وَّاعْصِمْنِیْ مِنْ کُلِّ هَلَکَةٍ وَّنَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ بَلِیَّةٍ وَّعَاهَةٍ وَّاهَانَةٍ وَّذِلَّةٍ وَّعِلَّةٍ وَّقِلَّةٍ وَّمَرَضٍ وَّفَقْرٍ وَّفَاقَةٍ وَّرِیَآءٍ وَّوَبَآءٍ وَّبَلَاءٍ وَّزَلْزَلَةٍ وَّمِحْنَةٍ وَّشِدَّةٍ فِی الدَّارَیْنِ وَاِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادِ (ش ک ق)۔

ترجمہ: ”اے اللہ مجھے عطا کر ایسا دل جوڑنے والا، متواضع اور تضرع کرنے والا ہو۔ اور تیری حضوری اور صابر بدن عطا کر۔ اور یقین صادق اور زبان ذکر کرنے اور حمد ادا کرنے والی اور آنکھ تیرے خوف اور محبت میں رونے والی۔ اور رزق فراخ، حلال اور علم نافع۔ اور اولاد نیک اور عمر دراز۔ اور بیوی عطا کر مومنہ نیک۔ اور توبہ مقبول عطا کر۔ اور اپنی تدبیر سے مامون اور فریفتہ نہ کر۔ اور نہ اپنی یاد مجھ سے بھلا۔ اور نہ میرے اوپر سے پردہ اٹھا۔ اور نہ مجھے اپنی رحمت سے ناامید کر۔ اور اپنی ناراضگی اور غضب سے مجھے پناہ دے۔ اور مجھے اپنی رحمت سے مایوس نہ کر۔ ادھر خوف اور وحشت میں تو میرا مونس ہو۔ اور ہر تنہائی میں تو میرا ہم نشین ہو۔ اور مجھے تو ہر ہلاکت سے محفوظ رکھ۔ اور تو مجھے نجات دے ہر بلا، آفت، مصیبت، ذلت، علت، قلت، مرض اور ہر فقر و فاقہ و ریا و وباء و بلا و غصہ و محنت اور شدت سے دونوں جہان میں اور تو ہرگز وعدہ خلاف نہیں ہے“۔

شادی کے حصول کے لئے کم از کم ۷ مرتبہ روزانہ ورد کریں۔

نوٹ: دعاؤں کے تمام اعمال میں ترجمہ پر دھیان دینا لازم ہے۔ ع

........................*............*

رشتہ اور شادی ہونے کیلئے درود شریف کے اعمال

مرتب: شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ، لاہور

درود امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

اے میرے مولا ہمیشہ ہمیشہ درود وسلام بھیج

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

تو اپنے حبیب پر جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

*......بچے یا بچی کا رشتہ نہ ملتا ہو تو نماز عصر کے بعد 54 بار پڑھے۔

*......لڑکے یا لڑکی کا رشتہ درکار ہو تو تین تسبیح درود شریف کی پڑھے۔

*......اگر لڑکے یا لڑکی کا رشتہ طے نہ پاتا ہو تو 111 بار نماز فجر کے بعد ورد کریں۔ سات روز تک کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے مدد فرمائے گا۔

..................*.........*

درود ابراہیمی کی برکت سے نکاح میں رکاوٹ کا حل

اگر لڑکے لڑکی کی شادی میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ ہو تو والدہ کو چاہئے کہ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد 500 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دعا کریں تو بہت جلد نیک اور اچھے رشتہ کا اللہ تعالیٰ انتظام فرمادیں گے اور رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ اگر والدہ نہ ہو تو خود بھی پڑھ سکتے ہیں۔

..................*.........*

من پسند رشتہ کے لئے درود شریف

جو چاہے کہ اسے من پسند رشتہ ملے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے باکمال ہو تو اسے چاہئے کہ عشاء کے بعد تہجد کے وقت گیارہ سو گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بارہ گاہ الٰہی میں دعا گو ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کی جائز دلی مراد پوری کر دیں گے اور اس رشتہ میں باہم الفت و محبت ہوگی، مدت عمل اکیانوے (91) دن ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْعِزَّةِ الْکِبْرِیَآءِ وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو عزت و کبریائی کا مالک ہے اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے حضرت محمد ﷺ خاتم الانبیاء پر۔

..................*.........*

رشتے کی بندش دور کرنے کے لیے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی میں رکاوٹ ہو یا شروع سے رشتہ ہی نہ آتا ہو تو لڑکا، لڑکی یا اس کی ماں صبح فجر کی نماز کے بعد اور شام کو مغرب کی نماز کے بعد ایک سو پچھتر (175) بار درود ابراہیمی پڑھ کر دعا کریں تو بہت جلد نیک اور اچھے رشتے کا اللہ کے فضل و کرم سے انتظام ہو جائے گا اور رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ اکیس دن تک عمل کریں۔

..................*.........*

شادی کیلئے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی میں رکاوٹ ہو اور جلد شادی نہ ہوتی ہو تو نماز عشاء کے بعد تین سو تیرہ بار درود خضری پڑھ کر اللہ سے اس مقصد کیلئے دعا مانگا کرے۔ ان شاء اللہ عزوجل بہت جلد رشتہ طے پا جائے گا اور جلد ہی شادی بھی ہو جائے گی۔ جب تک شادی نہ ہو اس وقت تک ہر روز نماز عشاء کے بعد اسی طرح پڑھے۔ مایوس ہرگز نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی

عطا فرمائے گا۔ نیز شادی کی رکاوٹ دور کرنے کیلئے نقش بنوا کر استعمال کریں۔ درود خضری یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ

............*......*......*

ہر قسم کی رشتہ کی بندش کا توڑ

اپنے نام کے اعداد کے برابر چالیس روز تک درود تنجینا کا وظیفہ کریں۔ ان شاء اللہ، ہر قسم کی بندش سے نجات حاصل ہوگی۔ مثال کے طور پر لڑکی کا نام ہے "فرح"۔ فرح کے اعداد 288 بنتے ہیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر کر کے 288 بار درود تنجینا پڑھ کر رشتہ میں ہر طرح کی رکاوٹ دور ہونے کی دعا کریں۔ یہ وظیفہ لڑکی خود بھی پڑھ سکتی ہے اور اس کے والدین بھی۔ خاص ایام میں بھی وظیفہ جاری رکھیں۔ بلا ناغہ چالیس یوم کرنا ہے۔

درود تنجینا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اے اللہ! ہمارے سردار حضور محمد ﷺ اور اُن کی آل پر ایسی رحمت اور برکت نازل فرما جس سے ہمیں تمام ڈر خوف اور آفتوں سے نجات حاصل ہو جائے اور جس کی برکت سے تمام حاجتیں روا ہو جائیں اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک صاف ہو جائیں اور جس کے وسیلہ سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر متمکن ہوں اور جس کے ذریعے ہم زندگانی کی تمام نیکیوں اور مرنے کے بعد کی تمام اچھائیوں سے بدرجہ غائیت فائدہ حاصل کریں، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

............*......*......*

کسی اچھی جگہ رشتہ طے ہو جائے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو، سرے سے کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو یا اگر رشتہ آتا ہو تو کوئی بھی بات طے نہ ہوتی ہو، رشتہ والے ناپسند کر کے چلے جاتے ہوں تو ایسی صورت میں درود تنجینا کے وظیفہ سے ان مشکلات سے نجات مل جاتی ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد کسی سے کلام نہیں کرنا۔ اور ایک سو مرتبہ درود تنجینا پڑھ کر دعا کرنی ہے۔ بلا ناغہ چالیس یوم یہ عمل کرنا ہے۔ ان شاء اللہ ضرور مقصد میں کامیابی ہوگی اور جلد کسی اچھی جگہ نکاح ہو جائے گا اور اچھے طریقے سے شادی کا مرحلہ طے پا جائے گا۔

............*......*......*

شادی کی بندش دور کرنے اور جلد شادی ہونے کے چار مجرب اعمال

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ صدر)

عمل نمبر (۱)

پہلا عمل نکاح شادی کی رکاوٹ دور کرنے کے لئے جسے ان پڑھ انسان بھی کرسکتا ہے۔

عمل: اسم اعظم ''یَا فَتَّاحُ''

ترکیب: دو نفل حاجت ادا کرکے ایک تسبیح استغفراللہ پڑھیں۔ پھر اپنے گناہوں کی معافی مانگیں۔ پھر اسم اعظم ''یَا فَتَّاحُ'' ایک ہزار ایک سو چھپن (1156) بار نکاح ہونے اور شادی ہونے کا تصور کرتے ہوئے تعداد پوری کریں۔ پھر دعا کریں ''یا الٰہی! اس اسم اعظم کے صدقے میں میرا یہ مسئلہ حل فرمادے''۔ یہ عمل صبح فجر سے پہلے کریں۔ ایک ماہ گیارہ دن عمل کرنا ہے۔ عمل کے منکر حضرات تجربہ کرکے دیکھیں اللہ پاک کے نام میں کتنی طاقت ہے۔ اگر اجازت لے کر کریں گے صاحب عمل سے تو رجعت سے بچے رہیں گے۔

عمل سے پہلے سوا کلو چھوٹا گوشت لے کر کسی درگاہ میں جہاں طالب علم کلامِ پاک پڑھتے ہوں، دیں یا کسی بیوہ عورت کو یا دریا یا قبرستان میں ڈال دیں۔

................*........*........*........*

عمل نمبر (۲)

کسی کی کوشش کرنے کے باوجود شادی نہ ہو رہی ہو تو یہ پڑھائی شروع کریں۔ غیب سے اسباب پیدا ہوں گے، عقل دنگ رہ جائے گی۔

عمل: حسبی اللہ کوئی اجڑی بیجڑی گھل اللہ۔

ہر وقت اٹھتے بیٹھتے سونے سے پہلے۔ جسم صاف ہونا شرط ہے۔ پہلے اللہ کے نام پر خیرات کم از کم تین سو روپے کی کریں، پھر یہ پڑھیں۔ تین چلے کریں۔ تجربہ شدہ عمل ہے۔ اجازت صاحب عمل سے لیں، پھر عمل کریں۔

................*........*........*........*

عمل نمبر (۳)

اگر کوئی عمل کرتے کرتے تھک گیا ہو اور شادی یا نکاح نہ ہوتا ہو تو یہ عمل کریں اور اطلاع دیں۔

ترکیب: دس دن رات کسی مسجد یا درسگاہ یا مدرسہ میں اعتکاف کریں ہر فرض نماز کے بعد نوافل حسبِ طاقت ادا کریں اور قرآن پاک پڑھتے رہیں۔ اگر قرآن پاک نہیں پڑھے ہوئے تو درود شریف پڑھتے رہیں۔ اپنا تصور کام کا رکھیں۔ کوئی پرہیز نہیں ہے۔ جو شریعت نے حلال کیا ہے، کھائیں۔ جو حرام کیا ہے، بچیں۔ میرا تجربہ شدہ عمل ہے۔ اعتکاف کی شرائط پر عمل کریں۔

................*........*........*........*

عمل نمبر (۴)

شادی ہونے کا منتر

لڑکے اٹھ کے پھائی لائی
کونجھ مورنی اک نہ آئی
شارکاں پھسن بہتریاں
ہائے تقدیراں میریاں

ترکیب:

صبح شام 108 بار پڑھتے رہیں۔ تیرہ دن بعد اثرات شروع ہوں گے۔ تجربہ شدہ ہے۔ ضرورت مند کرکے دیکھیں۔ اجازت شرط ہے۔

................*........*........*........*

زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے، ناکامیوں اور شرور سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کے لیے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

لوح زحل

استحکام وجمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات نامور، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لیے

ستارہ زحل کو ترفع وتنزل سے منسوب کیا جاتا ہے جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے۔ نحس ہونے کی صورت میں مصائب وآلام، خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرتا ہے وہ سب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہیں جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں، جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح سے ایک لوح زحل کی بھی ہے جس کے مندرجہ ذیل خواص ہیں:

1 نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے 2 نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کیلئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی 3 تسلط بر مخلوق اور استحکام کے لیے تنزلی نہ ہو۔

لوح شرف شمس

عروج وترقی، تسخیر خلائق، حصول شان وشوکت اور علو مرتبت کیلئے روحانی تحفہ

شمس سیارگان فلکی میں سب سے بڑا اور شہنشاہ کا درجہ رکھتا ہے۔ سب سے نورانی اور طاقت ور اثر زمین پر ڈالنے والا ہے۔ زندگی اور روح کی توانائی اسی سے قوت پاتی ہے۔ شمس برج حمل میں حرکت کرتا ہوا جب 19 درجے پر پہنچتا ہے تو اسے شرف ہوتا ہے۔ اس وقت جو مخفی قوتیں زمین پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اگر ان کو ضبط میں لایا جائے تو وہ اپنی طاقت سے حامل کیلئے عظیم ہیبت، رعب اور قوت پیدا کرے گا اور ممتاز حیثیت لائے گا۔ شرف شمس کی لوح جس فرد کے پاس ہو۔ اللہ تعالیٰ اسے عزت وتوقیر عطا فرمائے۔ حامل لوح کی شان وشوکت ہر خاص وعام میں بڑھ جاتی ہے۔ حامل لوح کی عزت وشہرت عروج وترقی کمال بلندیوں تک پہنچ جاتی ہے۔ سب دشواریاں اور مشکلیں حل ہو جاتی ہے۔ عوام الناس مسخر وفرماں بردار ہو کر ہر حکم مانتے ہیں۔ شرف شمس کی لوح خواتین وحضرات سب کے لئے مفید یکساں ہے۔

گورنمنٹ اور پرائیویٹ ملازم، تاجر حضرات، ڈاکٹر، لیڈر، وکلاء سب اس لوح مبارک سے یکساں فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ جن خوش نصیبوں کے پاس شرف شمس کی لوح ہوگی۔ وہ سمجھ لیں کہ دوسرے تمام لوگوں سے مستقبل کی کامیاب زندگی کے حصول کیلئے انہوں نے میدان مار لیا ہے۔ ان شاء اللہ

لوح شرف مریخ

لوح شرف مریخ حصول قوت وشجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ بر اعداء، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور موذی جانوروں وآسیب سے تحفظ کیلئے موثر ترین ہے۔

لوح شرف مریخ مقدمات میں فتح یابی، دشمنان سے تحفظ اور فتح ونصرت کے لئے بڑی کارآمد ہے۔ جن میاں بیوی میں تفرقہ ہے۔ یا کسی بڑی جماعت میں عرصہ سے دشمنی وخصومت چلی آ رہی ہے۔ یا کسی کو کسی دشمن کا خوف واندیشہ ہے۔ یا کسی میدان جنگ یا خطرناک مقام پر جانے کا خوف ہے۔ یا کسی بڑی جماعت پر فتح پانی مقصود ہے اور اس سے حفاظت بھی درکار ہے یا مقدمہ میں فتح پانا ہے تو ان تمام مقاصد کے لیے لوح شرف مریخ نہایت قوی الاثر ہے۔ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی۔ اس کا مقابلہ کرنے والا ہمیشہ ذلیل وخوار ہوگا اور کبھی غلبہ نہ پا سکے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ امراض میں لقوہ۔ قولنج۔ رعشہ اور بلغمی مزاج کیلئے بھی مفید ہے۔ ان شاء اللہ

لوح شرف مشتری

حصول مال ودولت اور اسباب مال کیلئے...... خواتین وحضرات کے لیے یکساں مفید

انتہائی سعد اور پرتاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے۔ یہ مالی امور میں خوش بختی کو اس طرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو۔

اسے دیکھئے، اسے پہنئے اور تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے، پہنے رہیے۔ ان شاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لیے جو اسباب بھی کریں گے ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا فرمائے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اس لوح میں حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا ہے جو قرآن پاک میں ہے۔

ترجمہ: "اے اللہ مجھے اپنے فضل سے غنی کر دے"۔ اگر آپ دولت مند بننا چاہتے ہیں تو اسے پاس رکھیں اور یہ دعا پڑھتے رہیں۔ اس اقتصادی بدحالی کے دور میں اسے اپنے پاس رکھیئے ورنہ حال کے تقاضوں کے ساتھ نہ چل سکیں گے۔

ہدیہ فی لوح 3500 روپے علاوہ کوریئر چارجز — **روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور**

042-35033371, 0322-4773786, 0332-4487877 info@darulamal.org

Web: darulamal.org/ruhanishop Blog: ruhanishop.blogspot.com

لڑکی کی شادی کے لیے

حکیم عبدالروف نظامی (رینالہ خورد)

عمل ۱ سورۂ احزاب لکھ کر کسی نئے ڈونگے میں رکھ کر اس ڈونگے کو کمرے میں کسی اونچی جگہ رکھ دیں، جہاں لڑکی سوتی ہو۔ پھر نہ کوئی اسے کھولے اور نہ ہاتھ لگائے۔ اس کے بعد لڑکی یا لڑکی کے والدین ان میں سے کوئی عمل شروع کر دیں۔ روزانہ پانچ سو بار۔ جب لڑکی کی شادی ہو جائے تو اسے نکال کر پانی (دریا یا سمندر) میں بہا دیں۔

سَلٰمٌ ۔ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ﴿۵۸﴾ ﴿سُوۡرَۃُ یٰسٓ: ۵۸﴾

اوّل و آخر درود شریف۔

عمل ۲ اگر کسی کو یہ شبہ ہو کسی نے کچھ کر رکھا ہے جس کی وجہ سے رکاوٹ ہے، شادی نہیں ہوتی یا لڑکی کا مقدر کسی طرح کھلتا ہی نہیں تو پھر یہ عمل اکتالیس (41) دن کیا جائے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ شافی یا اللہ کافی۔

1442 مرتبہ اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف پڑھا جائے۔ بالخصوص اپنے حق میں اور بالعموم سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری امت کے حق میں دعا کریں، جب پیغام آئے اور رشتہ دیکھا جائے۔

اسی طرح کا ورد ماں باپ، جو بھی نمائندگی کرے، پڑھتے جائیں۔ لڑکا یا لڑکی بھی، جب تک یہ واپس نہ آئیں، اس اسم پاک کا ورد کرتے رہیں۔ اگر رشتہ مناسب رہے گا تو ہاں ہوگی ورنہ نہیں۔

عمل ۳ اگر لڑکی یا لڑکا نکاح پہ راضی نہ ہو رہا ہو یا منگنی ہو چکی ہو اور کوئی ایک فریق اب راضی نہ ہو تو اس عمل کی روحانیت سے مدد لی جا سکتی ہے۔ دعوت بڑھتی کے اعتکاف کے دوران فقیر سے موکلوں نے کہا کہ تمام کاموں میں عملیات پر سارا زور نہ دیا جائے۔ جو کام مادی سطحی نوعیت کا ہو، اس کو مادی طریقے سے کیا جائے۔ جو کام مادی طریقوں سے نہ ہو رہا ہو صرف اس میں ہی روحانیت سے مدد لی جائے۔ بزرگوں نے کہا ہے کہ جب لڑکی کا پیغام آئے اور لڑکا اور اس کا گھرانہ معقول ہو تو ہی ہاں کر دینی چاہئے۔ ایسی صورت میں اگر انکار کر دیا جاتا ہے تو دیکھا گیا ہے کہ پھر رشتے نہیں آتے اور اگر آتے ہیں تو معقول نہیں آتے۔ چنانچہ لڑکی بے چاری ماں باپ کی حمایت کی سزا بھگتی ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ کے کلام میں بے حد اثر ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ جو چاہے کر سکتا ہے۔

لیکن ہم سب عالم اسباب میں ہیں۔ یہاں پہلے تدبیر اور پھر دعا کی طرف آنا چاہئے۔

عمل حضرت بی بی فاطمہ مدد علی شیر، چڑھیں محمد مصطفیٰ ذرا نہ لاون دیر چار پہر رات دے، اینوں پٹ پٹ کھاون شیر۔ برکت حضرت امام حسین دی، فلاں دادل میرے وَل پھیر۔

110 مرتبہ گیارہ، اکیس یا اکتالیس دن پڑھیں۔ ضرور مقصد حاصل ہوگا۔

رشتہ ہونے کی خاص لوح

ذوالفقار احمد عزیز (راولپنڈی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سب سے پہلے اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر، پیارے محبوب آقا محمد ﷺ پر اربوں کھربوں درود و سلام۔

آج میں ان بہن بھائیوں کے لیے ایک تحفہ لے کر حاضر خدمت ہوں جن کی شادی نہیں ہو رہی اور وہ والدین جو اولاد کی شادی نہ ہونے کی وجہ سے فکر مند ہیں یا رشتے کے لیے لوگ آتے ہیں، پسند بھی کر جاتے ہیں مگر پھر کوئی جواب نہیں آتا۔ اگر آئے بھی تو انکار کے لیے کوئی نہ کوئی بے تکا عذر رکھ دیا جاتا ہے۔

سب سے پہلے جن خواتین و حضرات کی شادی نہیں ہو رہی، وہ حسب توفیق بغیر ہڈی کا گوشت لے کر پرندوں کو ڈالیں۔ کسی بھی دن یہ کام کر سکتے ہیں۔ 40 دن تک روزانہ صبح شام 1 تسبیح استغفار اور 1 تسبیح درود ابراہیمی کی بلاناغہ پڑھیں۔ استغفار کے بعد اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں اور درود پاک کا ثواب پیارے آقا ﷺ، ان کی آل اولاد، ان کے دوست یعنی صحابہ اکرامؓ کو بخشیں۔ یہ کام نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور جب یہ کام شروع کریں تو یہ لوح پاک صاف ہو کر گلے میں پہن لیں۔

جو لوگ لوح خود نہیں بنا سکتے وہ ادارے سے یا پھر مجھ سے براہ راست بنوا سکتے ہیں۔ یاد رکھیں! یہ لوح کہیں اور دستیاب نہیں ہے۔ صرف میرے پاس اور ادارے کے پاس ہے۔ یہ کلام باری تعالیٰ ہے۔ شک کرنے والا درجہ ایمان سے گر جاتا ہے۔ آخر میں مجھ گنہگار کے لیے اور ادارے کے لیے خصوصی دعا کریں۔ اللہ اس ادارے کے لوگوں کو صحت اور تندرستی اور مجھے بھی صحت اور تندرستی عطا کرے تاکہ ہم لکھیں اور ادارہ ان اعمال کو آپ تک پہنچا سکے۔

نقش

نقش لکھنے سے پہلے غسل کریں۔ پاک صاف کپڑے ہوں۔ جگہ پاک صاف ہو۔ اچھی خوشبو والی اگربتی جلا لیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں اور دانتوں میں برش ضرور کریں۔ کچھ لوگ غسل کر لیتے ہیں، کپڑے پاک ہوتے ہیں، جگہ پاک ہوتی ہے اور برش نہیں کرتے۔ منہ سے بو آتی ہے اور سارا کام چوپٹ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا برش ضرور کریں تاکہ منہ سے بو نہ آئے۔

نقش ذوالکتابت ہے:

پہلے 4 خانوں میں نام بمعہ والدہ ذوالفقار احمد عزیز بن عجائب سلطان

پھر 4 خانوں میں آیت لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم (اعداد 2898)

پھر 4 خانوں میں آیت۔ نعم المولی و نعم النصیر (اعداد 815)

پھر 4 خانوں میں آیت۔ حاجۃ فی نفس یعقوب قضا ھا (اعداد 1787)

شادی کا مقصد

مفتی اشتیاق احمد قاسمی مدظلہ

''نکاح''، عظیم نعمت ہے۔ اس کے ذریعہ آدمی عفت و عصمت اور پاکدامنی حاصل کرتا ہے۔ زنا جیسی قبیح حرکت سے محفوظ رہتا ہے۔ اسی پاکیزہ رشتہ کی برکت سے نسل انسانی کی بقا ہے۔ یہ انبیائے کرام علیہم السلام کی سنت ہے۔ ایران کے مانی فرقہ کے لوگ، اسی طرح عیسائی راہب اور سادھوسنت، اللہ کا تقرب حاصل کرنے کے لیے نکاح نہیں کرتے تھے۔ اس طریقہ کو اسلام نے بالکلیہ رد کردیا اور سرکار دوعالم ﷺ نے ایک حدیث میں ''النکاح من سنتی'' (ابن ماجہ: ۱/۳۴۰) کی صراحت فرمائی اور دوسری حدیث میں حضرت عثمان بن مظعون ؓ کو مخاطب کرکے ارشاد فرمایا کہ: ''جو شخص میری سنت سے اعراض کرے، وہ میرا نہیں''۔ (بخاری: ۵۰۶۳)

یہ پاکیزہ رشتہ حضرت آدم علی نبینا علیہ الصلاۃ والسلام سے شروع ہوا جو آج تک جاری ہے اور جنت میں بھی باقی رہے گا۔ دوسرے کسی رشتہ کو یہ خصوصیت حاصل نہیں (الدرالمختار علی ہامش رد المختار ۲/۲۸۰)۔

یہ رشتہ جب قائم ہوجاتا ہے تو اس میں پائیداری اور ہمیشگی مقصود ہوتی ہے تاکہ مرد وعورت باہم وابستہ رہ کر عفت و پاکبازی کے ساتھ مسرت و شادمانی کی زندگی گزار سکیں۔ جس طرح وہ کسی کی اولاد ہیں، اسی طرح ان سے بھی اولاد کا سلسلہ چلے اور اولاد ان کے لیے دنیا میں آنکھوں کی ٹھنڈک، دلوں کا سرور اور آخرت میں حصول جنت کا وسیلہ بنیں۔ گویا نکاح کے مقاصد پر غور کرنے سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ رشتہ باقی رہے۔ اسے باقی رکھنے کی ساری اور آخری کوشش کرنا لازم وواجب ہے۔

بیوی میاں میں اختلاف کوئی انہونی بات نہیں

میاں بیوی میں کبھی کبھار ناراضگی، بحث وتکرار اور جھگڑے ہوجانا، یہ کوئی نئی بات نہیں۔ یہ تو ہوگا، جب بھی چند لوگ ایک جگہ رہتے ہیں تو ان کے درمیان اختلاف ہوتا ہی ہے۔ تو تو، میں میں ہونا کوئی انہونی بات نہیں ہے۔ جب چند برتنوں کو ایک ساتھ رکھا جاتا ہے تو وہ کھڑکتے ضرور ہیں۔ ہمیں سوچنا چاہئے اور اپنے آپسی اختلاف پر تعجب نہیں کرنا چاہئے۔ میاں بیوی کا اختلاف تو سرکار دوعالم ﷺ کے زمانے میں بھی تھا۔ خود بارہا سرکار دوعالم ﷺ کو اپنی ازواج کی ناراضگی کا سامنا کرنا پڑا۔ ''**واقعہ افک** اور **واقعہ مغافیر**'' کا تذکرہ تو خود قرآن پاک میں موجود ہے۔ ان سب کے باوجود ازواج کے درمیان جدائی نہیں ہوئی۔ طلاق وخلع کی نوبت نہیں آئی۔ سرکار دوعالم ﷺ اور صحابہ کرام ؓ کی زندگی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ جب بھی میاں بیوی کے درمیان تلخی پیدا ہوجائے...... دونوں مل کر، ناگواریوں کو جھیلیں اور تعلقات کو خوشگوار بنانے کی کوشش کریں۔ میاں بیوی کے بہت سے اختلافات ایسے ہوتے ہیں جن کو کسی تیسرے کے سامنے نہ تو ظاہر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے اور نہ کوئی تیسرا اسے حل کرسکتا ہے۔ اس لیے آپسی اختلاف کو خود حل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

میاں بیوی کے بہت سے اختلافات ایسے ہوتے ہیں جن کو کسی تیسرے کے سامنے نہ تو ظاہر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے اور نہ کوئی تیسرا اسے حل کرسکتا ہے۔ اس لیے آپسی اختلاف کو خود حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے

اسلام میں پسند کی شادی کا تصور

مولانا غازی عبدالرحمان قاسمی ملتان

انسان کے اندر جو طبعی تقاضے رکھے گئے ہیں ان میں ایک اہم چیز صنف مخالف کی طرف قلبی میلان ورجحان ہے۔ بچپن میں یہ جذبات محدود ہوتے ہیں لیکن جیسے جیسے وہ بلوغت کی منزلیں طے کرتا جاتا ہے، اس تقاضائے طبعی میں شدت اور کشش میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ اور بسا اوقات وہ اپنی پسند کو اپنانے کے لیے ہر قسم کا راستہ اختیار کرنے پر خود کو مجبور پاتا ہے۔

اسلام ایک عالمگیر اور جامع مذہب ودین فطرت ہے۔ ایک طرف انسان کی رعایت کرتا ہے اور دوسری طرف اس کی تہذیب کی بھی، اس سلسلے میں بھی اعتدال اور توازن کی راہ اختیار کی، ایک طرف نکاح کو نہ صرف جائز اور مستحسن قرار دیا بلکہ اس کی ترغیب دی اور تجرد کی زندگی سے منع کیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ (سورۃ البقرہ: ۲۳۲)

’’اور جب تم عورتوں کو طلاق دے چکو اور ان کی عدت پوری ہو جائے تو ان کو دوسرے شوہروں کے ساتھ، جب وہ آپس میں جائز طور پر راضی ہو جائیں، نکاح کرنے سے مت روکو‘‘

اور دوسرے مقام پر فرمایا: وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ (سورۃ نور: ۳۲)

’’اور نکاح کرادیا کرو تم لوگ ان کے جو تم میں سے بے نکاح ہوں‘‘

اسی طرح احادیث بھی کثرت سے نکاح کی ترغیب اور حوصلہ افزائی کے سلسلہ میں موجود ہیں۔

حضور اکرم ﷺ نے صحابہ کرام کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ (بخاری کتاب النکاح)

’’جو کوئی نکاح کی طاقت رکھتا ہو وہ نکاح کرلے کیوں کہ نکاح پرائی عورت کو دیکھنے سے نگاہ کو نیچا کردیتا ہے اور حرام کاری سے بچاتا ہے، البتہ جس میں قوت نہ ہو تو وہ روزہ رکھے کیوں کہ روزہ رکھنے سے شہوت کم ہو جاتی ہے‘‘۔

اور دوسری طرف زنا سے شدت اور سختی کے ساتھ منع کیا اور عبرتناک سزا بھی رکھی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا (سورۃ اسراء: آیت ۳۲)

’’اور زنا کے قریب نہ جاؤ بیشک وہ بے حیائی ہے اور بری راہ ہے‘‘

اور زنا کی سزا کو بیان کرتے ہوئے فرمایا:

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (سورۃ نور: ۲)

’’بدکار عورت اور بدکار مرد سو دونوں میں سے ہر ایک کو سو دُرّے مارو اور تمہیں اللہ کے معاملہ میں ان پر ذرا رحم نہ آنا چاہئے۔ اگر تم اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت کو حاضر رہنا چاہئے‘‘

اسلام نے نکاح کے اس شریفانہ طریقہ کے علاوہ اور کسی صورت کو جائز قرار نہیں دیا۔ نکاح صرف دو افراد کا ایک سماجی بندھن، شخصی ضرورت، طبعی خواہش اور صرف ایک ذاتی معاملہ ہی نہیں ہے بلکہ یہ دو خاندانوں میں باہمی

الفت اور ملاپ کا ذریعہ ہے اور انسانی معاشرے کی بقاء کا ایک بنیادی ستون بھی ہے اور شرعی نقطہ نظر سے ایک خاص اہمیت وفضیلت کا حامل ہے۔ نکاح کی اہمیت اور اس کی بنیادی ضرورت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے وقت سے شریعت محمدی ﷺ تک کوئی ایسی شریعت نہیں گزری جو نکاح سے خالی رہی ہو۔

علامہ حصکفی لکھتے ہیں:۔

لیس لنا عبادۃ شرعت من عھد آدم علیہ السلام الی الآن ثم تستمر فی الجنۃ الا النکاح والایمان

(درمختار کتاب النکاح)

''کوئی عبادت ایسی نہیں جو حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے سے لے کر آج تک مشروع ہو اور جنت میں بھی باقی رہے سوائے نکاح اور ایمان کے''

چنانچہ ہر شریعت میں مرد وعورت کا اجتماع ایک خاص معاہدہ کے تحت جاری رہا ہے اور بغیر اس معاہدے کے مرد وعورت کا باہمی اجتماع کسی بھی شریعت ومذہب نے جائز قرار نہیں دیا۔ البتہ اس معاہدہ کی صورتیں مختلف رہی ہیں اور اس کے شرائط واحکام میں تغیر وتبدل ہوتا رہا ہے۔ چنانچہ اس بارے میں اسلام نے جو شرائط مقرر کی ہیں جو احکام نافذ کیے ہیں اور جو قواعد وضوابط وضع کیے ہیں وہ قرآن وحدیث اور کتب فقہ میں موجود ہیں۔

اسلام نے نکاح میں مرد وعورت کو پسند اور ناپسند کا اختیار دیا ہے اور بالغہ عورت سے بغیر اس کی اجازت کے نکاح کرنے سے منع کیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لَا تُنْكَحُ الْأَيِّمُ حَتّٰى تُسْتَأْمَرَ وَلَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتّٰى تُسْتَأْذَنَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ إِذْنُهَا قَالَ أَنْ تَسْكُتَ

(بخاری کتاب النکاح)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''ثیبہ عورت کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر نہ کیا جائے اور نہ باکرہ کا بغیر اس کی اجازت کے''۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا **''یارسول اللہ! باکرہ کی اجازت کس طرح معلوم ہوسکتی ہے؟''** فرمایا کہ **''اس کا خاموش رہنا ہی اس کی اجازت ہے''۔**

بلکہ ایک دفعہ حضور اکرم ﷺ کے دور مبارک میں ایک عورت کا نکاح اس کی مرضی کے بغیر ہوا، اس نے آپ ﷺ سے عرض کیا تو آپ نے اس کا نکاح فسخ کردیا۔

عَنْ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ الْأَنْصَارِيَّةِ أَنَّ أَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ ثَيِّبٌ فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَأَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهَا (بخاری کتاب النکاح)

حضرت خنساء بنت خذام انصاریہ کہتی ہیں کہ میرے والد نے ایک جگہ میرا نکاح کردیا اور میں ثیبہ تھی اور مجھے وہ نکاح منظور نہ تھا تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا ذکر کیا، تو آپ ﷺ نے میرا نکاح فسخ کردیا۔

یہ روایات اس بارے میں خوب واضح ہیں کہ عورت کی پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کا نکاح کیا جائے۔

تاہم جو عورتیں اپنے گھروں سے بھاگ کر اولیاء سے دور اپنی پسند کا نکاح کرتی ہیں، اگر وہ نکاح غیر کفو میں ہو تو مفتی بہ قول کے مطابق وہ نکاح صحیح نہ ہوگا۔

ویفتی فی غیر الکفوء بعدم جوازہ اصلا وھو المختار للفتوی لفساد الزمان (درمختار مع الشامی باب الولی)

البتہ اگر لڑکی کے اولیاء اس نکاح سے رضامند ہوں تو پھر وہ نکاح صحیح ہے۔

"واذا زوجت نفسھا من غیر کفوء ورضی بہ احد الاولیاء لم یکن لھذا لولی ولا لمن مثلہ او دونہ فی الولایۃ حق الفسخ ویکون ذالک لمن فوقہ کذا فی فتاوی قاضی خان،وکذا

اذا زوجھا احد الاولیاء برضاھا کذا فی المحیط

(عالمگیری جلد اول، الباب الخامس فی الاکفاء)

لیکن اگر وہ نکاح کفو میں ہو تو شرعی نقطہ نظر سے صحیح ہے۔

واضح رہے کہ اس قسم کا نکاح شریعت اور معاشرے کی نگاہ میں پسندیدہ نہیں ہے۔ اس لیے کہ شریعت نے جہاں نکاح میں عورت کی پسند اور ناپسند کو ملحوظ رکھا ہے، وہاں ساتھ راستہ بھی بتا دیا کہ تمام معاملات اولیاء کے ہاتھوں سرانجام پائیں۔ اسلام نے جہاں اس بات کی اجازت دی کہ ایک مسلمان خاتون کا نکاح بلاتمیز رنگ و نسل، عقل و شکل اور مال، وجاہت ہر مسلمان کے ساتھ جائز ہے۔ وہاں اس نے انسانی فطرت کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ پابندی بھی عائد کی ہے کہ اس عقد سے متاثر ہونے والے اہم ترین افراد کی رضامندی کے بغیر بے جوڑ نکاح نہ کیا جائے تا کہ اس عقد کے نتیجے میں تلخیوں، لڑائی جھگڑوں کا طوفان برپا نہ ہو جائے۔

اور یہ بات خلاف عقل بھی نہیں کہ اولیاء کو اعتماد میں لے کر قدم اٹھایا جائے۔ اس لیے کہ جب اولاد جذبات میں آ کر کوئی فیصلہ کرتی اور قدم اٹھاتی ہے تو وہ اس بات سے قطع نظر کر لیتی ہے کہ ان کے والدین کا بھی ان پر کوئی حق ہے۔ جنہوں نے ان کو پالا پوسا اور ان کی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ حسب توفیق زیور تعلیم اور فن و ہنر سے آراستہ کیا۔ ان کی رضامندی میں اپنی خوشی کو تلاش کرنے کی بجائے الٹا ان کو مجرموں کی طرح گلی و محلہ سے منہ چھپا کر نکلنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ کیا ان کی محبتوں وشفقتوں کا یہی صلہ ہے؟

اس میں کوئی شک نہیں کہ حضور اکرم ﷺ کا لایا ہوا دین ہی ہے جو پیدائش سے موت تک زندگی کے تمام مراحل اور گوشوں کے حوالے سے نہایت جامع اور تفصیلی ہدایات رکھتا ہے۔ جس پر عمل کر کے دنیا و آخرت کی سعادتیں اور کامیابیاں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ آپ ﷺ نے انسان کو انسان کی قدر کرنا سکھلایا، عدل و انصاف کا قانون جاری کیا۔

عورت کو آزاد و خود مختار بنایا اور اس کو اپنی جان و مال کا ایسے ہی مالک قرار دیا جیسے کہ مرد اپنی جان و مال کا مالک ہے۔ کوئی شخص خواہ وہ باپ دادا ہی کیوں نہ ہو، زبردستی اسے نکاح پر مجبور نہیں کر سکتا۔ اگر وہ زبردستی نکاح کر بھی دے تو وہ اس کی اجازت پر موقوف رہے گا اور اگر وہ نامنظور کر دے تو باطل ہو جاتا ہے۔ اس کے اموال میں کسی مرد کو بغیر اس کی رضا و اجازت کے کسی تصرف کا کوئی حق نہیں۔ شوہر کے مرنے یا طلاق دینے کے بعد بھی خود مختار رہے۔ کوئی اس پر جبر نہیں کر سکتا۔ لڑکوں کی طرح میراث میں بھی اس کا حصہ مقرر ہے۔ اس پر خرچ کرنا اور اس کو راضی رکھنا شریعت نے عبادت قرار دیا۔

